صلوا علی النبی

صلی اللہ علیہ وسلم

پروفیسر فائزہ احسان صدیقی

Marfat.com

Marfat.com

إِنَّ ٱللَّهَ وَمَلَٰٓئِكَتَهُۥ يُصَلُّونَ عَلَى ٱلنَّبِيِّۚ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ
ءَامَنُواْ صَلُّواْ عَلَيْهِ وَسَلِّمُواْ تَسْلِيمًا

صلّو علی النّبی صلی اللہ علیہ وسلم

پروفیسر فائزہ احسان صدّیقی

ناشر

الجلیس انٹرنیشنل

الجلیس پاکستانی بکس پبلشنگ سروسز

Email: aljaleesinternational@gmail.com

Marfat.com

297.52
315

جملہ حقوق بحق شاعرہ محفوظ ہیں

۱۲۷۷۸۳

نام کتاب	صلّو علی النّبی ﷺ
شاعرہ	پروفیسر فائزہ احسان صدیقی
اشاعتِ اوّل	اکتوبر ۲۰۱۲ء
بااہتمام	محمد رافع احسان
پبلشر	الجلیس پاکستانی بکس پبلشنگ سروسز
سرورق اور کمپوزنگ	شاھد محمود شاھد
تعداد اشاعت	۱۰۰۰
قیمت	دُعائے خیر اور دُعائے مغفرت

Marfat.com

صفحہ نمبر / 70-01

انتساب

اُن کے در سے مجھے مل جائے غلامی کی سند
میرے معبود کوئی حرف میں ایسا لکھوں

آقائے عالی قدر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت عالیہ میں بہ ہزار عجز و احترام، عقیدت و محبت۔ گر قبول اُفتد زہے عزّ و شرف

طلبگار شفاعت

فائزہ احسان اشرف

Marfat.com

فہرست (حصہ درودِ پاک ﷺ)

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
	پیش لفظ	9
	درود تاج	22
۱	درودِ تنجینا	30
۲	درودِ نماریہ	34
۳	درودِ کمالیہ	36
۴	درودِ اوّل	38
۵	درود دُعا و دوا	40
۶	درود تریاق امراض	42
۷	درودِ شفائے قلوب	44
۸	درودِ غوثِ اعظمؒ	46
۹	درودِ بشارت	48
۱۰	درود وسیلہ (کامل)	50
۱۱		
۱۲	درود ابراہیمی	51
۱۳	درودِ قلبی	53
۱۴	درودِ اسماءالحسنیٰ	55
۱۵	درودِ ثمرات	55
۱۶	درودِ قبرستان	57
۱۷	درودِ غوثیہ	61
۱۸	درود عالی	61
۱۹	درود قرآنی	63

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۲۰	درودِ نجات وباء	65
۲۱	درودِ دیدار	65
۲۲	درودِ لکھی	67
۲۳	درود بیئر	79
۲۴	ایک درود پاک	81
۲۵	درودِ شافعی	83
۲۶	درودِ دہ ہزارہ	83
۲۷	درودِ حل المشکلات	85
۲۸	درودِ عابدین	87
۲۹	درود نوری	89
۳۰	درود فاتح	91
۳۱	درودِ حضوری	93
۳۲	درودِ نورالقیامیہ	95
۳۳	درودِ مقرّب	99
۳۴	درودِ باطن	99
۳۵	درود خاص	101
۳۶	درود سعادت	101
۳۷	مناجات الحبیب	103
۳۸	درود افضل	105
۳۹	درودِ مجتبیٰ	107
۴۰	درودِ قصیدہ بردہ شریف	107

Marfat.com

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۴۱	درود محمدی ﷺ	109
۴۲	درودکوثر	111
۴۳	درودِعاشقین	113
۴۴	درودِنور	115
۴۵	درودِخمسہ	117
۴۶	درودکشف	119
۴۷	درودِتعلق	119
۴۸	درودتامہ	121
۴۹	درودِمطہر	123
۵۰	نبی اکرم ﷺ کادرود	125
۵۱	درودِنقشبندیہ	129
۵۲	درودشاذلیؒ	131
۵۳	درود مصطفیٰ ﷺ	131
۵۴	درودِدوامی	133
۵۵	درودِاعتصام	135
۵۶	درودِفوائدِ کثیرہ	137
۵۷	درودِاسمِ اعظم	139
۵۸	درودقطب	141
۵۹	درودِکلامنا	143
۶۰	درودقدسی	143
۶۱	درودِفاطمۃ الزہراؓ	145
۶۲	درودِسیدنا علیؓ	147
۶۳	درودِسیّدنا موسیٰؑ	149
۶۴	صلوٰۃ العظیم	151
۶۵	درودرحمت	153
۶۶	صلوٰۃ السعادت	157
۶۷	درودکرامت المزید	161
۶۸	درود وسیلۂ دُعا	163
۶۹	کلام ازسلیمان الجزولیؒ	165
۷۰	قطعہ ازسلیمان الجزولیؒ	167
۷۱	دُعائے ختم دلائل الخیرات	169
۷۲	ازاوائل الخیرات	181
۷۳	ازاوائل الخیرات	187
۷۴	ازاوائل الخیرات	195
۷۵	ازاوائل الخیرات	203
۷۶	ازاوراد الجلیلۃ ادریسیہ	207
۷۷	درود (ازشاذلیؒ)	211
۷۸	درود (ازشاذلیؒ)	215
۷۹	درود (ازشاذلیؒ)	217
۸۰	صلوٰۃ العظیم (ازشاذلیؒ)	219
۸۱	درودِاکسیراعظم	225
۸۲	درودِخضری	265
۸۳	درودِبشائرالخیرات	267
۸۴	درودِمستغاث	299
۸۵	دعائے حضرت خضرعلیہ السلام	243

Marfat.com

حصہ نعت

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۱	بارگاہ ربّ العزت میں	346
۲	وہ کتنے سچے آقا ﷺ ہیں	348
۳	پڑھا جس نے بھی	352
۴	نبیٔ اُمّی ﷺ	353
۵	کلمۂ تقویٰ	355
۶	یا رحمۃ للعلمین ﷺ	357
۷	مدینے میں ہو مدفن اپنا	359
۸	جشنِ اعزاز و تکریم (باب اوّل)	362
۹	جشنِ اعزاز و تکریم (باب دوم)	364
۱۰	نعت بحضور سرورِ کونین ﷺ	366
۱۱	اسمِ محمد ﷺ دل پہ لکھا ہے	368
۱۲	انوار برستے ہیں	369
۱۳	اسمِ محمد ﷺ یٰسین بھی ہے	371
۱۴	ترجمہ: قصیدہ از سواد بن قارب رضی اللہ عنہ	373
۱۵	یہ کرم ہے ذات ودود کا	377
۱۶	اسمِ مبارک ﷺ	381
۱۷	بقیع کی خاک میں یہ خاک میری شامل ہو	384
۱۸	محمد ﷺ شمع محفل بود	386
۱۹	نگاہوں کے آگے	387

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۲۰	ترجمہ از علامہ اقبالؒ	390
۲۱	جو ترے حبیب ﷺ ہیں اے خدا	392
۲۲	یہ دل بسمل ہے	393
۲۳	کس کے فیضانِ محبت سے	395
۲۴	دعائیہ نعت	398
۲۵	ترا شکر کیسے کروں ادا	401
۲۶	دیگر ہر شئے اضافی ہے	403
۲۷	کر اُجلا میرا باطن میرا ظاہر	405
۲۸	ہر اک گمان سے برتر	409
۲۹	درود اسمِ اعظم ہے	412
۳۰	وہ اُجالیں گے	414
۳۱	ملتجی ہوں	416
۳۲	تری رحمتیں ہوں حضور ﷺ پر	418
۳۳	شہرِ تمنا	421
۳۴	نوازیں گے مجھ کو نبیٔ مکرم ﷺ	423
۳۵	حلاوت پاسکوں میں	425
۳۶	درود اک ایسی نعمت ہے	427
۳۷	کافۃ للناس	428
۳۸	مری منزل مدینہ ہے	430
۳۹	خیرِ کثیر	432
۴۰	ہے شَرف باریابی کا رستہ بہت سَہل	434

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۴۱	زادِراہ	436
۴۲	سلام خیرالانام ﷺ	438
۴۳	سلام بحضورِ سرورِ کونین ﷺ	439
۴۴	دُعائے صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ	442
۴۵	دُعا	446
۴۶	مادرِ علمی	449
۴۷	Children Learn What They Live	451
	سیکھتے ہیں بچّے وہ جس طرح وہ پلتے ہیں	452
۴۸	''التجا''	456
۴۹	کتابیات	459
۵۰	اظہارِ تشکر	461

Marfat.com

پیشِ لفظ

میں نے جس گھر میں آنکھ کھولی وہاں دین کا بہت رچاؤ تھا۔ ابّا جی مرحوم حکیم مولانا محمد ابرار الحق صدیقی (۱۹۰۰ء تا ۱۹۸۲ء) فاضل طب و جراحت کی سند کے ساتھ ساتھ علم دین سے نہ صرف بہرہ ور تھے بلکہ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ نے انہیں قرآنِ حکیم سے خاص شغف و محبت عطا فرمایا تھا۔ وہ کثرت سے تلاوتِ کلام پاک کرتے رہتے ان کی گفتگو ہمیشہ قرآن، احادیث مبارکہ، قرآنی آیات کی وضاحتوں اور احادیث مبارکہ پر مشتمل ہوتی۔

قرآن پاک کی کثرتِ تلاوت کے باعث یا خداداد فہمِ قرآن کی بدولت مختلف موضوعات پر قرآن حکیم کی کن کن سورتوں میں کون کون سی آیات آئی ہیں گویا سب ان کے ذہن میں ہمیشہ رہتا تھا۔

کثرتِ تلاوت کے ساتھ وہ دلائل الخیرات (درود مبارکہ کا مجموعہ مرتّبہ از سلیمان الجزولیؒ) بہت باقاعدگی سے ہمیشہ پڑھا کرتے تھے۔ بچپن میں اس کے معانی و مفاہیم نہ سمجھنے کے باوجود میرا دل و ذہن بے اختیار ان درودوں کی طرف خاص کشش و جذب محسوس کرتا تھا۔

جب میں بہت چھوٹی تھی کہ میرے دادا مولانا محمد اسرار الحق طوطی ہند (۱۸۶۸ء تا ۱۹۵۳ء) کا وصال ہوا۔ دادا مرحوم کا ایک ہلکا سا تصور اور ہیولا

Marfat.com

میرے ذہن میں آج بھی موجود ہے۔ وہ بہت نورانی چہرے والے بزرگ تھے۔ سرخ وسفید رنگت، سفید لباس، سر کے بال اور ریشِ سفید کے ساتھ ان کا وجود بہت شفیق اور محترم تھا۔ مجھے ویسے کچھ یاد نہیں بعد ازاں مجھے بڑے ہو کر اپنے دادا مرحوم کے فنِ خطابت، ان کے وعظ وتقاریر کی لذّت واثر انگیزی سے متعلق بہت کچھ پڑھنے اور سننے کو ملا اور ان کی تصنیفات اور مطبوعہ کلام پڑھنے کی سعادت بھی مجھے حاصل ہوئی۔ رفتہ رفتہ مجھے اپنے والد کی غیر مطبوعہ اعلیٰ معیار کی تحریروں سے آگہی ملی۔

میرے والد کے دادا مولانا محمد انصار الحق صدیقی (۱۸۵۱ء تا ۱۹۳۴ء) فنِ خطاطی اور بالخصوص خطِ نگزار کے ماہرین میں سے تھے۔ برما میں اپنے بڑے بھائی ڈاکٹر محمد نثار الحق صدیقی کے زیرِ نگرانی انگریزی کی تعلیم پائی۔ (ڈاکٹر نثار الحق خاندان یعنی خاندانِ صدیقیان رہتک کے پہلے ایم بی بی ایس ڈاکٹر تھے)۔ مولانا انصار الحق صدیقی کی چند قلمی تصانیف مثلاً منظوم خطوط اور کچھ مثنویاں محفوظ ہیں۔ انصار الحق دادا کے والد حکیم عیاذ الحق جن کا ۱۸۸۱ء میں انتقال ہوا۔ تعلیم یافتہ اور صاحبِ علم شخصیت تھے۔ ان کے والد الحاج حکیم مولوی محمد فیاض الحق صدیقی متوفی ۱۸۳۰ء عالم فاضل اور مصنف تھے۔

میرے والد کے دادا مولانا انصار الحق صدیقی بن حکیم مولوی عیاذ الحق بن حکیم مولوی فیاض الحق، یہ وہی بزرگ ہیں جن کا تذکرہ ''اُردو نثر کے ارتقاء میں علمائے کرام کا کردار'' از پروفیسر ڈاکٹر ایوب قادری نے، مولوی فیاض الحق صدیقی (میرے والد کے دادا کے دادا) کی تصنیفات اُردو زبان میں پہلا مولود نامہ، قیامت نامہ اور بہشت نامہ کا حوالہ دیا ہے۔ غرض یہ کہ علم وحکمت کے ورثے کے ساتھ ساتھ محبتِ رسول اکرم ﷺ کے ورثے سے ہر نسل بفضل تعالیٰ بہرہ

Marfat.com

مندرہی۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ ؎

صحابی اور لقب صدیقؓ میرے جدِ اعلیٰ کے
فدا اجداد تھے سو جان سے میرے رسول اللہ
محبت آپ کی ورثے میں پائی اپنے آباء سے
محبت کا کروں میں حق ادا میرے رسول اللہ

اس پسِ منظر میں پروان چڑھی اور میری شادی محمد احسان اشرف صاحب سے ہوئی۔ حسنِ اتفاق اُن کی پرورش بھی ایسے ہی پسِ منظر میں ہوئی۔ محمد احسان اشرف صدیقی صاحب کے نانا تاج العلماء مولانا محمد عمر نعیمی صاحب اور میرے والد مرحوم (حکیم مولانا ابرار الحق صدیقی) کو محترم مولانا نعیم الدین صدر الافاضل کی شاگردی کا اعزاز حاصل ہوا۔ یہ دونوں ہم سبق تو نہ تھے لیکن تاج العلماء کی دستار بندی کے زمانے میں میرے والد مرحوم نو واردانِ درسگاہ میں سے تھے۔ بہرکیف یہ دونوں عاشقانِ نبی اکرم ﷺ کے ایک ہی طبقہ علماء کے تلامذہ میں سے تھے۔ ایک ہی جذبۂ اعلیٰ سے سرشار اساتذہ نے ان کو علمِ دین سے آراستہ کیا تھا۔

دونوں گھرانوں کے بزرگوں کی فکری، یکجہتی کا ایک ثبوت اس وقت سامنے آیا جب ۱۹۵۳ء میں میرے دادا محترم مولانا اسرار الحق صدیقی طوطی ہند مرحوم نے اپنے انتقال سے چند دن پہلے یہ وصیت فرمائی کہ ان کی نماز جنازہ جناب تاج العلماء محترم مفتی محمد عمر نعیمی صاحب سے پڑھوائی جائے۔ اور بلاشبہ یہ محبتِ رسول گرامی ﷺ کی سرشاری تھی جو ان بزرگوں میں قدر مشترک تھی۔

ادھر دوسری جانب محمد احسان اشرف صدیقی صاحب کے دادا مرحوم جناب حشمت علی صدیقی نے داعیٔ اجل کو اس وقت لبیک کہا جب کہ بچا جی مرحوم

Marfat.com

یعنی محمد یوسف علی صدیقی (احسان صاحب کے والد صاحب) دو سال کے معصوم بچے تھے۔ان کی پرورش ان کی والدہ محترمہ اور بڑے بھائی ریاست علی مرحوم نے کی۔ نیز تایا صاحب (مولانا ریاست علی مرحوم کی نعت وسلام ومناقب پر مشتمل مجموعے بعنوان ''تجلیات محمدی ﷺ''، ''ہفت سلام'' اور ''مناقبِ حسین رضؓ'' وغیرہ آج بھی قلوبِ صالحین کو حُبِّ نبوی ﷺ سے سرشاری اور سرمستی عطا کرنے کا باعث ہیں۔ نیز آپ کی ایک تالیف ''مفتاحِ نجات'' بھی ہمارے پاس ہے اور تایا صاحب، صاحبِ سلسلہ تھے اور اپنے سلسلے کے خلیفۂ مجاز بھی تھے۔ نیز تائے میاں (مولانا اشرف علی صدیقی مرحوم) بھی خود صاحبِ سلسلہ تھے اور سلسلۂ نظامیہ اشرفیہ کے خلیفہ مجاز۔تائے میاں مرحوم اپنی زندگی میں خود نہ صرف بے حد شفقت سے مجھ سے پیش آیا کرتے تھے بلکہ انہوں نے مجھ سے تفصیلاً میرے دادا مرحوم مولانا طوطی ہند کی تقاریر کی خوبیوں اور حسنِ بیان اور علمیّت کے تذکرے فرمائے کہ شادی کے بعد ان سے یہ گفتگو سُن کر مجھے ایسا محسوس ہوا کہ میں اپنوں میں آگئی ہوں۔اور یہ احساس مشترکہ ورثے اور اقدار کے باعث تھا۔ جو میرے اور میرے نصف بہتر کا مشترکہ ورثہ اور مشترکہ اقدار تھیں۔یعنی علمِ دین، عملِ صالح اور سب سے بڑھ کر محبتِ رسول اکرم ﷺ۔

اور یقین کیجئے کہ نانا ابّا مرحوم (مفتی محمد عمر نعیمی) سے اگرچہ کہ شرفِ ملاقات مجھے کبھی حاصل نہیں ہوا۔مگر یہ حقیقت ہے کہ مجھے ہمیشہ یہ محسوس ہوا کہ ان کا فیضان مجھے حاصل ہے۔ بڑے ماموں (مفتی محمد اطہر نعیمی)، حافظ جی ماموں یعنی حافظ ازہر نعیمی (مرحوم)، اطیب نعیمی ماموں، طیّب ماموں اور طاہر ماموں کی نہ صرف بہت شفقتیں مجھے حاصل رہتی ہیں اور ان سب سے بہت علمی گفتگو کی سعادت حاصل ہوتی رہتی ہے۔

Marfat.com

امّاں (اللہ ان کا سایہ تادیر سلامت رکھے) نانا ابّا مرحوم کے تذکرے، ان کا دھیمے لہجے میں باتیں کرنا، ان کے پُر شفقت برتاؤ کے واقعات ان کے صلۂ رحمی کے طرزِ عمل کے تذکرے مجھے اتنی کثرت سے سنایا کرتی تھیں کہ مجھے لگتا ہے کہ میں نے نانا ابّا مرحوم کو دیکھا بھی ہے اور وہ بھی میری جانب بزرگانہ شفقت سے دیکھ رہے ہیں۔ نانا ابّا مرحوم (تاج العلماء مولانا مفتی محمد عمر نعیمی صاحب) بھی ''دلائل الخیرات'' کا نہ صرف ورد کرتے تھے بلکہ اس درجہ انہوں نے اپنے قلب میں اسے جذب کیا ہوا تھا کہ ان کے سب بچوں کے نام دلائل الخیرات سے اخذ کئے گئے ہیں۔ اور ان کی اولاد کے یہ بامعنی نام ان کے استادِ محترم صدرالافاضل علّامہ نعیم الدین مرادآبادی نے تجویز فرمائے تھے۔ محبتِ رسول ﷺ بلاشبہ ہم سب کی متاعِ حیات ہے۔

دراصل مجھے سیرتِ طیبہ ﷺ پر قلم اٹھانے کی جو ہمت ہوئی وہ میرے آباؤ اجداد (نسبی و قانونی) کا فیضان ہے اور یہ کام جو ''صلو علی النبی ﷺ'' کے عنوان سے امّتِ مسلمہ کی نذر کر رہی ہوں۔ بلاشبہ میرے ان بزرگوں کا فیضانِ نظر ہے کہ اللہ سبحانہ تعالیٰ نے مجھے اپنے محبوب مکرم حضرت محمد ﷺ پر پیش کئے جانے والے درودوں کو سمجھنے اور سمجھانے اور پیش کرنے کی توفیق و سعادت عطا فرمائی۔ میں بارگاہِ ربّ العزت اور بارگاہ رسالت ﷺ میں سراپا تشکّر و امتنان ہوں کہ مجھ جیسی کم مایہ کو یہ سعادت عطا فرمائی۔

میرا ایمان ہے کہ اللہ سبحانہ تعالیٰ ہم میں سے جس سے جو کام لینا چاہتا ہے وہ لیتا ہے اور یہ اس کی کرم نوازی ہے کہ یہ سعادت مجھے عطا ہوئی۔ اس کام کی ابتداء ایک واقعہ ہے میں ایک محفلِ میلاد میں شریک ہوئی جہاں موئے مبارک ﷺ کی زیارت کا بھی اہتمام تھا۔ یہ محفل شہر کراچی کے ایک پوش علاقے میں

Marfat.com

تھی۔ وہاں ایک خاتون نے مجھ سے کہا کہ میں برسوں سے یہ زیارت کر رہی ہوں مجھے بتایئے کہ اس میں جناب نبی کریم ﷺ کا چہرہ انور تو مجھے نظر نہیں آتا۔ یہ سن کر میں نے سمجھ لیا کہ وہ محترمہ موئے مبارک کے معنیٰ سے ناواقف ہیں۔ پھر میں نے انہیں سمجھایا کہ موئے مبارک سے مراد سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سرِ اقدس یا ریش مبارک کے بال ہیں چہرۂ مبارک نہیں۔ جو کنگھا کرنے سے نکلا کرتے تھے۔ صحابہ کرامؓ از راہ محبت وعقیدت انہیں اپنے پاس رکھ لیا کرتے تھے۔ یہ وہی بال مبارک ہوتے ہیں اور ان میں نمو اور افزائش عمل میں آتی رہتی ہے۔ مجھے اندازہ ہوا کہ جب باقاعدہ تعلیم یافتہ طبقے میں عربی زبان سے ناواقفیت کا یہ عالم ہے تو امّت مسلمہ کی عام خواتین درود ہائے مبارک ﷺ کے معانی و مفاہیم کو بھلا کتنا اور کس حد تک سمجھتی ہوں گی۔ اور یہی باعث ہوا کہ میں نے ایک درود مبارک کے معانی کو نظم کیا تو ایک اعلیٰ تعلیم یافتہ بزرگ صاحب نے مجھ سے کہا کہ ''آپ کون ہوتی ہیں اللہ تعالیٰ پہ یہ حکم لگانے والی کہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت بھیج'' میں نے عرض کیا۔ نعوذ باللہ میری کیا مجال۔۔۔ میں یا کوئی بھی یہ حکم لگانے والا نہیں، میں تو عرض کر سکتی ہوں، التجا کر رہی ہوں اور التجا کا یہ انداز خود اللہ تعالیٰ نے ہی سکھایا ہے اور ''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّد'' سے یہی مراد ہے۔ تو میں نے سوچا کہ درودوں کے معانی و مفہوم کو واضح اور اجاگر کرنے اور لوگوں میں اس کا ادراک اور تفہیم پیدا کرنے کے لئے انشاءاللہ میں یہ کوشش ضرور کروں گی۔ درودوں کے ترجمے تو عموماً شاملِ اشاعت ہوتے ہیں لیکن عموماً اس انداز سے کہ سمجھ میں کم کم آتے ہیں۔

درودوں کے معانی اور مفہوم کو سمجھنے اور سمجھانے کے عمل میں، میں نے کیا لطف، کیف اور سرور پایا وہ بجائے خود ایک سرشاری اور نزولِ سرور کی کیفیات

Marfat.com

ہیں جنہیں میں بیان نہیں کرسکتی۔ صرف یہ کہنے پر اکتفا کروں گی کہ نعتوں کو اگر سرکار دوعالم ﷺ سے محبت کے اظہار کا ذریعہ کہا جائے اور آپ ﷺ کی تجلیاتِ ظاہری کا بیان کہا جائے تو مناسب ہوگا جبکہ درودیں آپ ﷺ کی تجلیات باطنی کو بیان کرتی ہیں۔ ان کا لکھنا اولوالالباب کا کام ہے۔ میرے جیسے ہَماشُما کو تو ان کے ورد کی سعادت حاصل ہو اور ان کی سمجھ وفہم پیدا ہو جائے تو میں سمجھتی ہوں کہ یہ عطائے الٰہی ہے۔

ایک اور عام غلط فہمی یہ ہے کہ اکثر خواتین وحضرات کا یہ خیال ہے کہ درود فقط ایک ہے درود ابراہیمی، جس کا پڑھنا جائز ہے۔ باقی درودیں پڑھنا یا ان کا ورد کرنا جائز نہیں۔

معاذ اللہ یہ سراسر غلط فہمی اور کم علمی ہے۔

نبی کریم حضرت محمد ﷺ کے متعلق سورۃ النجم، آیت نمبر ۳۔۴ میں اللہ سبحان اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَمَا يَنطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۝ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ۝

''اور وہ کوئی بات اپنی خواہش سے نہیں کرتے۔ وہ تو نہیں مگر وحی جو انہیں کی جاتی ہے''۔

آپ ﷺ کی تمام تر گفتگو وحیٔ غیر متلو تھی تو آپ ﷺ نے درود ابراہیمی کی تلقین کے ساتھ، درود تامّہ اور دیگر کئی اور درود بھی تلقین فرمائے ہیں۔

آپ ﷺ کے اس دنیا سے پردہ فرمانے سے پہلے یعنی آپ ﷺ کی حیات مبارکہ میں سیّدہ عائشہ صدیقہؓ نیز دیگر صحابۂ کبارؓ نے بھی درودیں مرتب فرمائیں۔ حضرت علیؓ اور خاتونِ جنت سیّدہ فاطمۃ الزہراؓ نے بھی درودیں مرتب فرمائیں جو کہ بلاشبہ آپ ﷺ نے بھی ملاحظہ فرمائی ہوں گی۔

Marfat.com

اگر سرکار دوعالم ﷺ نے اس طرز عمل کو ناپسند فرمایا ہوتا تو آپ ﷺ منع فرماتے کہ سوائے درود ابراہیمی اور کوئی درود نہ پڑھا جائے۔ اس لئے تحریر و ترتیب بھی نہ دیا جائے۔

آپ ﷺ نبیٔ آخرالزماں ہیں۔ آپ ﷺ ابدالآباء تک کے لئے تمام جن وانس کے لئے نبیٔ ورسول بنا کر بھیجے گئے ہیں۔ آپ ﷺ کا فیضِ رسالت ونبوت جاری وساری ہے اور رہے گا۔

لہٰذا بے شمار درود پاک آپ ﷺ کے اس دنیا سے پردہ فرمانے کے باوجود آپ ﷺ نے سکھائیں، پسند فرمائیں اور تلقین فرمائی ہیں اور رویائے صادقہ میں اس کا اظہار فرمایا ہے۔

بعدازاں جو دیگر درودیں ہیں وہ سیّدنا حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ، شیخ حضرت ابوالحسن شاذلیؒ، حضرت شیخ محی الدین ابن عربی، شیخ احمد کبیر رفاعیؒ، حضرت سیّد احمد بدویؒ کی مرتّب کردہ ہیں۔

درودوں کے یہ مرتّبین و مصنفین بلند پایہ علماء وفضلاء میں سے ہیں۔ ان کا ایمان اور ان کے عقائد کی صحت اور دین کے فہم وادراک پر امّت مسلمہ کی اکثریت یقین کامل رکھتی ہے۔ تو بھلا آج کا مسلمان جس میں عموماً دین کے فہم کے ذوق کا فقدان ہے، نیز اندرونی اور بیرونی دشمنانِ دین اپنے تمام تر ہتھکنڈوں کے ساتھ امّت کو بہکانے اور ورغلانے کے لئے کمر بستہ ہیں اور اپنے نظریات کے ابلاغ کے لئے میدانِ عمل میں کوشاں ہیں۔ یہود ونصاریٰ یہ جانتے ہیں بقول علاّمہ اقبالؒ ؎

وہ فاقہ کش کہ موت سے ڈرتا نہیں ذرا
روحِ محمد ﷺ اس کے بدن سے نکال دو

Marfat.com

(از ضرب کلیم نظم ''ابلیس کا فرمان اپنے سیاسی فرزندوں کے نام'' صفحہ ۱۴۸)

اور مسلمانوں کے بدن سے روحِ محمد ﷺ نکالنے کی کوششوں میں یہ پروپیگنڈہ بھی شامل ہے کہ عوام الناس کو یہ باور کرایا جائے کہ درود ابراہیمی کے علاوہ دیگر درودوں کا ورد غیر مناسب ہے یا خلاف شریعت ہے۔ روحِ محمد ﷺ کو اہلِ ایمان کے بدن سے نکالنے کی کوشش کے لئے کبھی محافلِ میلاد کو بدعت کہا جاتا ہے اور کبھی درود ابراہیمی کے علاوہ دیگر تمام درودوں کے ورد کو نامناسب قرار دیا جاتا ہے۔ یہ سب ایک ہی مشن کی کڑیاں ہیں، اوّل تو مادہ پرستی کی یلغار بذات خود انسان کو یعنی آج کے مسلمان کو دنیا میں اس درجہ ملوث کر لیتی ہے۔ اس درجہ الجھا لیتی ہے کہ اسے اللہ اور اس کے حبیب مکرم ﷺ سے لَو لگانے کی مہلت و فرصت اور توفیق ذرا کم ہی ملتی ہے۔ دوسرے جو یہ توفیق حاصل رہے تو اس قسم کے پروپیگنڈے اور بے معنیٰ بحث و تکرار اور اعتراضات اٹھا کر رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے محبت کے اس جذبے کی تجدید اور استحکام میں رکاوٹیں ڈالنے کی کوششیں ہوتی رہتی ہیں اور سادہ لوح مسلمان بے شعوری اور کم علمی کے باعث دین کے دشمنوں کے ناپاک عزائم کا شکار ہوتے جا رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ جہالت و غفلت کی ان دلدلوں سے ہر مسلمان کو عافیت میں رکھے اور مسلمانوں کو جسدِ بے روح بننے سے بچائے۔ آمین۔ ثم آمین۔

ایمان کی اساس اور بنیاد محبت ہے عمل نہیں۔ سورۃ العصر میں ارشاد ربانی ہے۔

اِلَّا الَّذِینَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

''مگر وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے۔''

گویا ایمان کا آغاز کبھی عمل سے نہیں ہوتا۔ ایمان کا آغاز ہمیشہ محبت سے ہوتا ہے عملِ صالح ایمان کا نتیجہ ہے۔ یا یہ کہہ سکتے ہیں کہ ایمان کی تکمیل عمل

Marfat.com

سے ہوتی ہے۔ آقائے مکرم ﷺ کی وہ حدیث مبارک ذہن میں ابھرتی ہے کہ ''تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مومن کامل نہیں ہوسکتا جب تک وہ اپنے آپ سے، اپنے ماں باپ سے، اپنی اولاد، اپنے مال ومتاع سے بڑھ کر مجھ سے محبت نہ رکھتا ہو''۔ اور محبتِ رسول ﷺ کی عمل صالح پر اہمیت وفوقیت اس سے مزید اجاگر ہو جاتی ہے کہ ہم آج کے دور کے مسلمانوں کے مقابلے میں صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین کے عملِ صالح کا درجہ اعلیٰ ترین تھا۔ سیّدنا حضرت عمرِ فاروقؓ نے جب یہ عرض کیا ''اے میرے آقا میں اپنے ماں باپ، اولاد، مال ومتاع غرض کہ دنیا کی ہر چیز سے بڑھ کر آپ ﷺ سے محبت رکھتا ہوں مگر میں اپنے آپ سے بہت محبت رکھتا ہوں''۔ سرکار دو عالم ﷺ نے فرمایا ''اے عمرؓ اپنے آپ سے بڑھ کر مجھ سے محبت کرو ورنہ تمہارا ایمان مکمل نہیں ہوگا۔''

یہ ثبوت ہے اس بات کا کہ عملِ صالح آج کے مسلمانوں سے ہزار ہا درجے بہتر ہونے کے باوجود جب جناب سیّدنا عمر فاروقؓ کا ایمان مکمل نہیں ہوتا یا نہیں ہوسکتا تو گویا میرے آقا کی محبت ایمان کی تکمیل میں اساسی اور بنیادی اہمیت کی حامل ہے۔ عملِ صالح کا درجہ ثانوی ہے۔ جیسا کہ علّامہ اقبالؒ نے فرمایا۔

محمد ﷺ کی محبت دینِ حق کی شرط اوّل ہے
اسی میں ہو اگر خامی تو سب کچھ نامکمل ہے

اور یہی محبتِ رسول اللہ ﷺ بالآخر عملِ صالح کی طرف لے آتی ہے۔ بلاشبہ ایمان زبانی کلامی نہیں ہوتا ہے، ایمان جب حلق سے نیچے اترتا ہے قلب میں جاگزیں ہو جاتا ہے تو عملِ صالح کی شکل اختیار کر لیتا ہے اور ایمان کی

Marfat.com

انتہا عمل ہے۔

گویا ایمان شروع محبت سے ہوتا ہے اور اللہ سے محبت، رسول اللہ ﷺ سے محبت جو ایمان کی اساس و بنیاد ہے، جب دل کسی کو مان جائے، دل جھک جائے کسی کی طرف۔ اسی کو تو محبت کہتے ہیں۔

درود کا ورد اس جذبۂ محبت کو بڑھاتا ہے، دل اور نبی مکرم ﷺ کے اس تعلق کو استوار کرتا ہے، مضبوط کرتا ہے، مستحکم کرتا ہے، ہمارے دشمن اور طاغوتی قوتیں اسی تعلقِ قلبی، اسی محبت (اساس و بنیادی جذبے) کو کمزور کرنے کے لئے مختلف اور ہمہ جہتی ہتھکنڈے تلاش کرتی رہتی ہیں۔

درود خوانی کی محافل ہوں یا محافل میلاد ان کے انعقاد و اہتمام کا مقصد صرف اور صرف محبت رسول ﷺ کا ابلاغ و تبلیغ ہوتا ہے۔ ذکرِ مصطفےٰ ﷺ کو بلند کرنے کے لئے یہ اہتمام ہوتا ہے اور باری تعالیٰ نے اس آیتِ شریفہ کے ذریعے واجب کر دیا۔ حکم دیا اہلِ ایمان کو آپ ﷺ پر درود و سلام خوب خوب بھیجنے کا۔ آیت نمبر ۵۶، سورۃ الاحزاب۔ ترجمہ ''بے شک اللہ اور اس کے ملائکہ نبی ﷺ پر درود بھیجتے ہیں اس لئے اے اہلِ ایمان تم بھی آپ ﷺ پر درود اور خوب خوب سلام بھیجا کرو''۔

اور اہلِ ایمان کو آپ ﷺ پر درود اور خوب خوب سلام بھیجنے کا حکم فقط نماز کے اندر درود پڑھنے اور سلام بھیجنے پر دلالت نہیں کرتا بلکہ نماز کے علاوہ بھی آپ ﷺ پر درود و سلام بھیجتے رہنے پر تاکیدی حکم کی حیثیت رکھتا ہے۔ مزید بے شمار ایسی احادیث (ترغیبی و ترہیبی) موجود ہیں جو درود و سلام کے بکثرت ورد پر اصرار کرتی ہیں۔

سلام اللہ جل شانہ کو نہیں کیا جاتا اور نبی مکرم ﷺ کو خوب خوب سلام

Marfat.com

کرنے کا حکم قرآن میں دیا جارہا ہے اور قرآن وہ کتاب ہدایت ہے کہ جو حکم دیتا ہے تو ابد تک کے لئے حکم دیتا ہے۔ یعنی نبی اکرم ﷺ کے اس دنیا سے پردہ فرمانے کے بعد بھی اس حکم کی تعمیل کرنا ہوگی اور اس قرآن حکیم میں یہ نہیں کہا گیا کہ فقط اس وقت درود بھیجو اور خوب خوب سلام بھیجو جب میرے محبوب حضرت محمد ﷺ کی قبر انور پر حاضری کی سعادت حاصل ہو۔ بلکہ درود وسلام بھیجنے کا یہ حکم عمومی اور ہمہ وقت اور ہمہ جا تعمیل کے لئے ہے۔

پھر سوچئے کہ درود وسلام کے اس حکم کی تعمیل کی راہ میں رکاوٹیں ڈالنے اور اعتراضات کرنے والے قرآن کی ہدایت پر کب کہاں اور کیسے عمل پیرا ہوتے ہیں؟ یقیناً وہ اللہ جل شانہ اور اس کے حبیب مکرم ﷺ کے دشمنوں کے اس عزم اور عناد رکھنے والوں کے بہکانے اور اہلِ ایمان کے ایمان کی بنیادوں کو کھوکھلا کرنے والوں کی سازشوں کا شکار ہو رہے ہیں جو ''روح محمد ﷺ کو بدنِ مومن و مُسلم سے نکالنے کے لئے کوشاں ہیں، تاکہ ہم مسلمان اور اہلِ ایمان کا رشتہ و تعلق اپنے نبی مکرم ﷺ سے محبت کا وہ تعلق (اللہ نہ کرے اور کروڑہا کروڑ مرتبہ اللہ نہ کرے) کمزور اور سرسری سا رہ جائے اور مسلمان جسدِ بے روح بن کر رہ جائیں۔ نام کے مسلمان رہ جائیں۔ کام کے مسلمان نہ رہیں۔ اللہ گواہ ہے کہ درود ہائے مبارکہ کے سمجھنے اور سمجھانے کی میری اس طالب علمانہ کوشش کا مقصد و مدّعا بھی یہی ہے کہ درود پڑھنے کا ذوق وشوق جِلا پائے۔ اور ہم مسلمان سرکار دو عالم کی سیرت کے ظاہری اور باطنی حسن کی تجلیات سے روشنی حاصل کریں اور حضور نبی مکرم ﷺ کی محبت جو ہماری متاع جان ہے، ہمارا ورثہ ہے۔ ہم اس محبت کو فروغ دیں اور اللہ کے محبوب سے ہماری محبت روز افزوں ہو، تاکہ ایمان کی بنیاد و اساس کو استحکام حاصل ہو اور بالآخر عملِ صالح کرنے پر یہ محبت ہمیں

Marfat.com

لے آئے ہمیں آمادہ کر لے۔ آمین۔ اور ہم عملِ صالح کرنے لگیں۔ ثم آمین۔

اللہ کرے میری یہ کوشش بارگاہ الٰہی اور بارگاہ نبوی ﷺ میں مقبول و منظور ہو جائے۔ آمین ثم آمین۔

درود پاک کے مختلف مجموعوں میں درود ہائے مبارک کے تراجم موجود ہوتے ہیں لیکن یہ ترجمے غیر واضح ہوتے ہیں۔ میں نے ان کو حتیٰ الوسع واضح کرنے، سمجھنے اور سمجھانے کی کوشش کی ہے۔

نیز میں نے چند نعتیں بھی کہی ہیں اور اس مجموعے میں شامل کی ہیں جن میں میں نے اپنی محبت کے نذرانے سرکار ﷺ کی بارگاہ میں پیش کرنے کی جسارت کی ہے۔ الفاظ و آہنگ شایانِ شان تو نہیں۔ مجھے اپنی کم مائیگی کا احساس ہے، بہرِ کیف اظہارِ محبت اور خراجِ عقیدت پیش کرنے کا شوق و جذبہ ہے کہ سرکار ﷺ کے ثنا خوانوں میں مجھے بھی شامل کیا جائے، شمار کیا جائے۔

گر قبول اُفتد ز ہے عِزّ و شرف

فائزہ احسان

یکم مئی ۲۰۱۲ء

Marfat.com

۱۔ درود تاج

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر

مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ

رحمت نازل فرما جو صاحبِ تاج و معراج

وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ دَافِعِ الْبَلَآءِ

اور براق والے اور جھنڈے والے ہیں جن کے

وَالْوَبَآءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ

وسیلے سے بلا ، وبا، قحط، مرض اور دُکھ دور ہوتا ہے

اِسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ مَّرْفُوْعٌ مَّشْفُوْعٌ

آپ ﷺ کا نام نامی لکھا گیا بلند کیا گیا قبول شفاعت

مَّنْقُوْشٌ فِي اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ سَيِّدِ

کیا گیا اور لوح و قلم میں کھدا ہوا ہے آپ ﷺ

۱۲۷۷۸۳

Marfat.com

الٰہی بھیج رحمت آقا و مولا محمد ﷺ پر
تمامی انبیاء میں افضل و اعلیٰ محمد ﷺ پر
محمد ﷺ وہ کہ جو محبوبیت کے تاج والے ہیں
وہی تو عبد کامل ہیں وہی معراج والے ہیں
براق و رفرف و بقعہ سواری ہیں شبِ اسریٰ
عَلَم ان ﷺ کا بلا شک ہے لوائے حمد ہے ان ﷺ کا
وبا، قحط و مرض، درد و الم ہو یا بلائیں ہوں
محمد ﷺ کے وسیلے ہر مصیبت دور ہوتی ہے
انہی ﷺ کا نام نامی عرش پر لکھا ہے قدرت نے
یہی اسم گرامی کلمۂ طیّب میں آیا ہے
یہی اسم مبارک نقش ہے لوح و قلم پر بھی
بلند اس کو کیا حق نے اُنہیں ﷺ حق نے سراہا ہے
شفاعت کے لئے بھی پُر اثر یہ اسم اعظم ہے
یہی نام محمد ﷺ تو مکرّم ہے معظّم ہے
عرب کے اور عجم کے آپ ﷺ ہی سردار ہیں بیشک
شہنشاہ دو عالم ہیں شہہِ ابرار ہیں بے شک
معطّر آپ ﷺ کا جسمِ مقدس ہے مطہّر ہے
منوّر اور نورانی یہی تو جسمِ اطہر ہے

Marfat.com

الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ جِسْمُهٗ مُقَدَّسٌ

عرب و عجم کے سردار ہیں آپؐ کا جسم نہایت مقدس

مُعَطَّرٌ مُّطَهَّرٌ مُّنَوَّرٌ فِی الْبَیْتِ

خوشبودار پاکیزہ اور خانہ کعبہ و حرم پاک

وَالْحَرَمِ ط شَمْسُ الضُّحٰی بَدْرُ الدُّجٰی

میں منور ہے آپ ﷺ چاشت گاہ کے آفتاب اندھیری رات کے ماہتاب

صَدْرُ الْعُلٰی نُوْرُ الْهُدٰی کَهْفُ الْوَرٰی

بلندیوں کے صدر نشیں راہ ہدایت کے نور مخلوقات کی جائے پناہ

مِصْبَاحُ الظُّلَمِ ط جَمِیْلُ الشِّیَمِ ط شَفِیْعُ

اندھیروں کے چراغ نیک اطوار کے مالک امتیوں کے

الْاُمَمِ ط صَاحِبُ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ ط وَاللّٰهُ

بخشوانے والے بخشش و کرم سے موصوف ہیں اللہ آپ ﷺ

عَاصِمُهٗ وَجِبْرِیْلُ خَادِمُهٗ وَالْبُرَاقُ

کا نگہبان جبریل آپ ﷺ کے خدمت گزار بُراق

مَرْکَبُهٗ وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُهٗ وَفَوْقَ سِدْرَةَ

آپ ﷺ کی سواری معراج آپ ﷺ کا سفر بلند تر سدرۃ

Marfat.com

وہی ﷺ بیت و حرم کا نور، وہ ﷺ نورِ مجسم ہیں
انہی ﷺ کا نور خلق اوّل، وہی ﷺ تابندہ ہر شے میں
ہوا ہے نور ان ﷺ کا آفتابِ چاشت میں تاباں
منوّر نور ان ﷺ کا کر رہا ہے بدر کامل کو
وہی ﷺ صدر علیٰ ہیں اور وہی ﷺ نور ہدایت ہیں
پناہگاہ خلائق ہیں وہی ﷺ صدر شفاعت ہیں
وہ قندیل منوّر زیست کے ظلمت کدے میں ہیں
قیامت کے اندھیرے میں وہی ﷺ امید روشن ہیں
تمام اطوار پاکیزہ ہیں یکجا ذاتِ اقدس میں
وہی ﷺ تو ظاہر و باطن میں پاکیزہ و احسن ہیں
بڑے ہی صاحبِ جود و کرم ہیں سب کو دیتے ہیں
عطا اللہ کی ہے اور وہ ﷺ تقسیم کرتے ہیں
وہی محبوب برحق ہیں نگہباں ان ﷺ کا ہے مولا
ملا جبریل کو اعزاز ہے خدمت گزاری کا
سفر معراج واسریٰ اور براق ان ﷺ کی سواری ہے
زمیں سے آسمانوں تک سفر بے مثل و عالی ہے
رُکے جبریل سدرہ پر جلیں پَر گر بڑھیں آگے
مگر سرکار ﷺ کی پرواز تو مَافوقِ سدرہ ہے

Marfat.com

اَلْمُنْتَهٰی مَقَامُهٗ وَقَابَ قَوْسَیْنِ

المنتہی آپ ﷺ کا مقام اور (قرب خداوندی میں) قاب قوسین کا

مَطْلُوْبُهٗ وَالْمَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُهٗ وَالْمَقْصُوْدُ

مرتبہ آپ ﷺ کا مطلوب ہے اور مطلوب ہی آپ ﷺ کا مقصود ہے اور مقصود

مَوْجُوْدُهٗ سَیِّدُ الْمُرْسَلِیْنَ خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ

آپ ﷺ کو حاصل ہے آپ ﷺ رسولوں کے سردار نبیوں میں سب سے پیچھے آنے والے

شَفِیْعُ الْمُذْنِبِیْنَ اَنِیْسُ الْغَرِیْبِیْنَ

گنہگاروں کے بخشوانے والے مسافروں کے غمخوار

رَحْمَةٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ رَاحَةُ الْعَاشِقِیْنَ

دنیا جہان کے لئے رحمت عاشقوں کی راحت

مُرَادُ الْمُشْتَاقِیْنَ شَمْسُ الْعَارِفِیْنَ

مشتاقوں کی مُراد خدا شناسوں کے آفتاب

سِرَاجُ السّٰلِکِیْنَ مِصْبَاحُ الْمُقَرَّبِیْنَ حُبُّ

راہ خدا پر چلنے والوں کے چراغ مقربوں کے راہ نما محتاجوں

الْفُقَرَآءِ وَالْغُرَبَآءِ وَالْمَسٰکِیْنِ سَیِّدُ الثَّقَلَیْنِ

غریبوں اور مسکینوں سے محبت رکھنے والے جن و انس کے سردار ﷺ

Marfat.com

تقرّب آپ ﷺ کو بخشا گیا قوسین اَو ادنیٰ
وہی ﷺ مطلوب ہے ان ﷺ کا وہی مقصود ہے ان ﷺ کا
جو ہے مقصود ان ﷺ کا پالیا مقصود آقا ﷺ نے
تقرب کا حضور ی کا شرف پایا ہے آقا ﷺ نے
وہ ﷺ خاتم انبیاء کے اور ہیں سردار بھی سب کے
شفیعِ عاصیاں وہ ﷺ اور ہیں غمخوار بھی سب کے
جہانوں کے لئے رحمت ہیں اور رحمت کا باعث وہ ﷺ
ہیں سچے عاشقوں کے واسطے راحت کا باعث وہ ﷺ
وہی ﷺ تو آرزو ہیں دید کے مشتاق بندوں کی
وہ ﷺ شمس العارفیں اور پیشوا ہیں سالکوں کے بھی
غریبوں کے، فقیروں کے، بڑے ہمدرد و مونس ہیں
یتیموں اور مسکینوں کو بھی محبوب رکھتے ہیں
بنا مکّہ حرم اُن ﷺ سے مدینہ بھی حرم ان ﷺ کا
وہ ﷺ جن و انس کے آقا، نبی حرمین کے وہ ﷺ ہیں
ہے کعبہ ان ﷺ کا قبلہ اور اقصیٰ بھی رہا قبلہ
امامت کی دو قبلوں کی امام قبلتیں وہ ﷺ ہیں
وسیلہ ہیں ہمارے واسطے دنیا میں عقبیٰ میں
انہی ﷺ سے معرفت رب کی ملی رب تک رسائی بھی

Marfat.com

نَبِیِّ الْحَرَمَیْنِ اِمَامِ الْقِبْلَتَیْنِ وَسِیْلَتِنَا فِی

حرمین کے نبی دونوں قبلوں (بیت المقدس و کعبہ) کے پیشوا اور

الدَّارَیْنِ صَاحِبِ قَابَ قَوْسَیْنِ

دُنیا و آخرت میں ہمارے وسیلہ ہیں وہ جو مرتبہ قاب قوسین

وَدُوْدِ وَحْبُوْبِ رَبِّ الْمَشْرِقَیْنِ وَرَبِّ الْمَغْرِبَیْنِ

پر فائز ہیں دو مشرقوں اور دو مغربوں کے رب

جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ مَوْلٰنَا وَمَوْلَی

کے محبوب ہیں حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ کے جدِ امجد

الثَّقَلَیْنِ اَبِی الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

اور ہمارے اور (تمام) جن و انس کے آقا ہیں یعنی ابی القاسم محمد بن عبد اللہ

نُوْرٍ مِّنْ نُوْرِ اللّٰهِ ط یَا اَیُّهَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ

جو اللہ کے نور میں سے ایک نور ہیں اے نور جمال محمدی ﷺ کے مشتاقو!

جَمَالِهٖ صَلُّوْا عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ

آپ ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل اور آپ ﷺ کے صحابہ پر درود وسلام بھیجو

وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ۝

جو بھیجنے کا حق ہے

Marfat.com

وہ ﷺ ہیں محبوب اُس رب کے جو دونوں مشرقوں کا ہے
وہ ﷺ ہیں محبوب اُس رب کے جو دونوں مغربوں کا ہے
جو ہیں غمخوار اُمّت کے وہ ہیں حسنینؓ کے نانا
وہ ہیں آقا ﷺ ہمارے اور جن و انس کے آقا ﷺ
ابو القاسم محمد ﷺ ہیں وہ ﷺ عبد اللہ کے بیٹے
وہی ﷺ بے شک رسول اللہ ﷺ ہیں اللہ کے بندے
انہیں ﷺ اللہ نے پیدا کیا ہے نور سے اپنے
وہی ﷺ ہیں نور اللہ کے وہی ﷺ پر نور اللہ سے
جمالِ مصطفیٰ ﷺ کی دید کے مشتاق اے لوگو!
درود ان ﷺ پہ بہت بھیجو، سلام اُن ﷺ پہ بہت بھیجو
سلام ہو آل پہ ان ﷺ کی، سلام اصحاب پہ بھیجو

☆☆☆

فضیلت:۔ درودِ تاج بے پناہ فیوض و برکات کا منبع ہے۔ یہ عاشقانِ رسول اکرم ﷺ کا محبوب وظیفہ ہے۔ درود تاج میں پڑھنے والے کو صاحبِ کشف بنا دینے کی خصوصیت نمایاں ہے۔ یہ درود صفائے قلب کے لئے نہایت اکسیر کا درجہ رکھتا ہے اس لئے روزانہ کم از کم ایک مرتبہ اس کا پڑھنا دل کو گناہوں سے پاکیزہ کرتا ہے اور نیک راستے پر گامزن کرتا ہے۔ کسی نیک مقصد یا حاجت کے لئے نصف شب کے بعد چالیس (۴۰) مرتبہ صدق دل سے پڑھنا اکسیر ہے۔ شفائے امراض کے لئے پانی پر گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرنا مجرب ہے۔

(درود تاج قرآن و حدیث کی روشنی میں۔ از پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد)

Marfat.com

۲۔ درود تنجینا

درودِ تنجینا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اے اللہ ہمارے سردار حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم اور

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنَجِّيْنَا

اُن ﷺ کی آل پر ایسی رحمت و برکت نازل فرما

بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِيْ

جس سے ہمیں تمام ڈر خوف اور آفات سے نجات ہو جائے

لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا

اور جس کی برکت سے ہماری تمام حاجتیں روا ہو جائیں

مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا

اور جس کی بدولت ہم تمام گناہوں سے پاک و صاف ہو جائیں

عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا

اور جس کے وسیلہ سے ہم تیری بارگاہ میں اعلیٰ درجوں پر متمکن ہوں

Marfat.com

الٰہی سرور عالم ﷺ پہ رحمت ایسی نازل کر
کہ اُن ﷺ کی رحمتوں سے یہ جہاں معمور ہو جائے

اور اُن ﷺ کی آلِ اطہر پر ہو ایسی رحمت و برکت
کہ جس سے خوف میرا ہر طرح کا دور ہو جائے

اسی رحمت سے برکت سے مجھے بھی فیض پہنچا دے
روا ہوں حاجتیں سب اور الم کا فور ہو جائے

گناہوں سے مجھے تو پاک و طاہر اِس طرح کر دے
منزّہ ظاہر و باطن ہو، دل مسرور ہو جائے

وسیلے سے محمد ﷺ کے عطا ہو فائدہ غایت
مری دنیا بھی بہتر ہو میری عقبٰی بنا جنت

بچا ہر آفت و غم سے، عطا ہر آن ہر ساعت
مرے سرکار ﷺ کے صدقے رہے مجھ پہ سدا رحمت

Marfat.com

اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِى

اور جس کے ذریعے ہم زندگانی کی تمام نیکیوں اور مرنے کے بعد کی تمام

الْحَيَاتِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ مُجِيْبُ

اچھائیوں سے بدرجۂ غایت فائدہ حاصل کریں خدائے پاک تحقیق

الدَّعَوَاتِ وَرَافِعُ الدَّرَجَاتِ وَيَا قَاضِىَ

آپ ہماری دعاؤں کے قبول فرمانے والے ہیں اور ہمارے

الْحَاجَاتِ وَيَا كَافِىَ الْمُهِمَّاتِ وَيَا دَافِعَ

درجات کو بلند کرنے والے اور ہماری حاجتوں کو برلانے والے اور ہماری

الْبَلِيَّاتِ وَيَا حَلَّ الْمُشْكِلَاتِ اَغِثْنِىْ اَغِثْنِىْ

بلاؤں کو رفع کرنے والے اور ہماری سخت مشکلات کو حل کرنے والے میری فریاد کو پہنچیں اور

اَغِثْنِىْ يَا اِلٰهِىْ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ○

اسے اپنے حضور تک رسائی دیں میری عرض قبول فرمائیں الٰہی! تحقیق تو ہی ہر چیز پر قادر ہے

فضیلت:۔ درود تنجینا پڑھنے سے ہر مشکل آسان اور ہر مہم کامیاب ہوتی ہے۔ یہ درود حضور ﷺ نے عالمِ خواب میں بالنفسِ نفیس تلقین فرمایا ہے۔ اس درودِ پاک کو صبح وشام دس دس بار پڑھے تو اللہ راضی ہو جائے گا اور اللہ جلِ جلالہٗ کے قہر سے نجات ملے گی۔ اللہ جل جلالہٗ اسے برائیوں سے محفوظ رکھے گا اور اس کے غم مٹ جائیں گے۔ اس درود پاک کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ بیماری سے تنگ آجانے اور طبیبوں، ڈاکٹروں سے مایوسی کی صورت میں اس درود پاک کو کثرت سے پڑھنے سے انشاء اللہ بیماری کی تکلیف سے نجات ملے گی۔

(قمر منیر از علامہ فاکہانی۔ شرح دلائل الخیرات)

Marfat.com

عطا خیر الجزا کر یا الٰہی بعد مرنے کے
مجھے توفیق دے تو نیکیوں کی زندگانی میں

ترے دربار عالی میں وسیلے سے محمد ﷺ کے
عطا ہو سربلندی بھی مجھے اُس زندگانی میں

نہیں کچھ ریب و شک تو ہی دعائیں میری سنتا ہے
تو بَر لاتا ہے ہر حاجت، تو ہی درجے بڑھاتا ہے

بلائیں ٹالتا ہے تو، پریشانی مٹاتا ہے
مجھے ہر آفت و رنج و بلا سے تو بچاتا ہے

تو سُن فریاد میری اور حاجت میری پوری کر
تو ہے ہر کام پر قادر، تو ہی بِگڑی بناتا ہے

Marfat.com

۳۔ درودِ ناریہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ صَلٰوۃً کَامِلَۃً وَّسَلِّمْ

اے اللہ تو درود نازل کر ایسا درود جو کامل ہو اور سلام بھیج ایسا سلام

سَلَامًا تَامًّا عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

جو مکمل ہو اوپر ہمارے سردار اور ہمارے آقا محمد

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ تَنْحَلُّ بِہِ الْعُقَدُ وَ

صلے اللہ علیہ وسلم کے جن کے ذریعے سے مشکلیں حل ہوتی ہیں اور

تَنْفَرِجُ بِہِ الْکُرَبُ وَتُقْضٰی بِہِ

پریشانیاں رفع ہوتی ہیں اور ضرورتیں پوری ہوتیں ہیں۔ اور

الْحَوَآئِجُ وَتُنَالُ بِہِ الرَّغَآئِبُ وَ

مقاصد حاصل ہوتے ہیں اور خاتمہ بخیر ہوتا

حُسْنُ الْخَوَاتِیْمِ ط وَیُسْتَسْقَی الْغَمَامُ

ہے اور بادل آپ کے معزز چہرہ

بِوَجْھِہِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ

کو دیکھ کر سیراب ہوتا ہے اور درود بھیج آپ کی اولاد پر اور

فِیْ کُلِّ لَمْحَۃٍ وَّنَفْسٍ بِعَدَدِ

آپ کے دوستوں پر ہر لمحہ اور ہر سانس میں مطابق اپنی معلومات کے

کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ یَا اَللّٰہُ

شمار کے اے اللہ ! اے اللہ

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ ○

اے اللہ !

Marfat.com

الٰہی بھیجئے اُن ﷺ پر درود ایسا جو کامل ہو
سلام ایسا کہ جو سارے سلاموں کا بھی حاصل ہو
وہ سیدنا مرے آقا ﷺ، بنے جن کے لئے عالم
وسیلے سے محمد ﷺ کے ہر اک مشکل نہ کیوں حل ہو
مصائب دور ہوں کُل اور سب حاجات پوری ہوں
محمد ﷺ کے توسط سے ہر اک مقصد بھی حاصل ہو
ہو میرا خاتمہ بالخیر بھی اُن ﷺ کے وسیلے سے
کرم احوال پہ میرے بہر عنوان شامل ہو
انہی سے اکتسابِ نور، مہرو ماہ کرتے ہیں
رُخِ انور سے ان ﷺ کے ابر بھی سیراب ہوتے ہیں
الٰہی ہو درود اُن ﷺ پر اور اُن ﷺ کی آلِ اطہر پر
صحابہ، اقرباء، احباب پر، اُن ﷺ کے غلاموں پر
سدا ہر آن ہر ساعت مطابق علم کے تیرے
ترے محبوب پر رحمت تری جانب سے نازل ہو

فضیلت:۔ درود ناریہ روحانی اسرار کا خزینہ ہے بلکہ اس میں حصول معرفت کا راز چھپا ہے جسے عارفوں اور ولیوں کے سوا کوئی دوسرا نہ جان سکا۔ اس لئے اہلِ روحانیت میں درود ناریہ کو بہت اہمیت حاصل ہے۔

دنیوی فائدہ یہ ہے کہ اس درود کو پڑھنے والا ہمیشہ رنج وغم اور پریشانیوں سے محفوظ رہتا ہے لہٰذا جب کسی پر کوئی مصیبت آئے تو درود ناریہ کا ورد کرنا چاہئے۔ انشاءاللہ مصیبت فوراً ختم ہو جائے گی اور زحمت رحمت میں تبدیل ہو جائے گی۔

(خزینۃ الاسرار از شیخ محمد عارف حنفی آفندی)

Marfat.com

۴۔ درودِ کمالیہ

(درود نسیان)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا

اے اللہ ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نبی کامل پر اور

مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْکَامِلِ وَعَلٰی اٰلِهٖ کَمَا لَا

آپ کی آل پر درود سلام اور برکتیں بھیج ایسی جیسی کہ تیرے

نِهَایَةَ لِکَمَالِكَ وَعَدَدَ کَمَالِهٖ ○

کمال کی انتہا نہیں اور نبی پاک کے کمال کا شمار نہیں

فضیلت:۔ اللہ کا محبوب بندہ بننے کے لئے درود کمالیہ کو ہر نماز کے بعد دس مرتبہ پڑھنا چاہئے۔ درودِ کمالیہ کی کثرت سے روحانیت میں کمال حاصل ہوتا ہے۔

اس درود پاک کے پڑھنے سے بیماریوں سے شفایابی میسر آتی ہے اور اگر کسی کو نسیان (بھولنے) کی بیماری ہو تو اس درود پاک کی بدولت یہ بیماری ختم ہو جائے گی اور قوت حافظہ بڑھ جائے گی۔ نیز اس درود کو ایک بار پڑھنے والا دس لاکھ کا ثواب پائے گا۔

(سعادت الدارین صفحہ ۶۳۵)

Marfat.com

میرے آقا محمد ﷺ پر سدا ہوں رحمتیں نازل
وہی ﷺ سردار ہیں سب انبیاء کے اور نبیٔ کامل

الٰہی بھیج تو ان ﷺ پر اور ان ﷺ کی آل اطہر پر
درود ایسا، سلام ایسا کہ ہو بس اکمل و کامل

نہیں ہے انتہا جیسے کمال ذات کی تیرے
تری قدرت کا اور رحمت کا اندازہ نہیں ممکن

شمار اوصاف کا ان ﷺ کے، نہیں ممکن نہیں ممکن
رسول اللہ ﷺ کی رفعت کا اندازہ نہیں ممکن

تیری قدرت کی اے مولا نہیں جس طرح کوئی حد
عطائیں تیری ہیں بے حد نوازش تیری ہے بے حد

عطا ہوں رحمتیں بے حد عطا ہوں برکتیں بے حد
نبی ﷺ کی جس طرح ہیں میرے مولا عظمتیں بے حد

Marfat.com

۵۔ درودِ اوّل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑا رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ

اے اللہ درود بھیج اوپر ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جو تیرے نبیوں میں

اَنْبِيَآئِكَ وَاَكْرَمَ اَصْفِيَآئِكَ مَنْ فَاضَتْ

افضل ہیں اور تیرے برگزیدہ بندوں میں سب سے زیادہ بزرگ ہیں جن کے نور سے

مِنْ نُّوْرِهٖ جَمِيْعُ الْاَنْوَارِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَاتِ

تمام نور ظاہر ہوئے ہیں اور وہ معجزات والے ہیں

وَصَاحِبِ الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ سَيِّدِ الْاَوَّلِيْنَ

اور مقام محمود والے ہیں اور اولین اور آخرین

وَالْاٰخِرِيْنَ ○

(سب) کے سردار ہیں

فضیلت:۔ درود اوّل بارگاہ الٰہی میں قبولیت کے لحاظ سے افضل مقام رکھتا ہے۔ اس درود پاک کو پڑھنے والا اپنی ہر حاجت کو پورا پائے گا۔ اس درود پاک کا پڑھنا دنیاوی کامیابیوں کی ضمانت ہے۔ اس درود کا خاص فائدہ یہ ہے کہ اگر کوئی اسے کثرت سے پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ ہر برائی اس سے چھوٹ جائے گی۔ عبادت میں لطف آئے گا اور پڑھنے والا متقی اور پرہیزگار بن جائے گا۔ اس درود کو درود اوّل کہنے کی وجہ تسمیہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ اس کو کثرت سے پڑھنے والا روز قیامت نبی اکرم ﷺ کے صدقے میں صفِ اوّل میں ہوگا۔

(جمال وکمال درود شریف۔ از شاہ محمد افضل صفحہ ۱۶۲)

Marfat.com

الٰہی ہوں محمد ﷺ پر ہمیشہ رحمتیں نازل
اُسی ذات گرامی ﷺ پر ہوں تیری برکتیں پل پل

جو تیرے انبیاء میں سب سے اعلیٰ اور ہیں افضل
تمامی اصفیاء میں برگزیدہ اور ہیں اکمل

خدا نے نور کو ان ﷺ کے کیا پہلے پہل پیدا
انہی ﷺ کے نور عالی سے کئے انوار سب پیدا

فقط اذنِ شفاعت ہو گا محشر میں انہیں حاصل
مقام ان ﷺ کو ملا محمود اس کے ہیں وہی ﷺ قابل

ہر عالم ان ﷺ کا عالم ہے وہی ﷺ سردارِ عالم ہیں
کہ سردارِ زمانِ اوّلین و آخریں وہ ﷺ ہیں

Marfat.com

۶۔ درودِ دُعا و دوا

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کَمَآ اَنْتَ اَھْلُہٗ فَصَلِّ عَلٰی

اے اللہ تیرے ہی لیے حمد ہے جو تیری شان کے مناسب ہے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

مُحَمَّدٍ کَمَآ اَنْتَ اَھْلُہٗ وَافْعَلْ بِنَا مَآ اَنْتَ

پر درود بھیج جو تیری شان کے مناسب ہے اور میرے ساتھ بھی

اَھْلُہٗ فَاِنَّکَ اَنْتَ اَھْلُ التَّقْوٰی وَاَھْلُ

وہ معاملہ کر جو تیری شان کے شایان ہر بے شک تو ہی اس کا مستحق ہے کہ تجھ سے ڈرا جائے

الْمَغْفِرَۃِ ○

تو مغفرت کرنے والا ہے۔

فضیلت:۔ یہ درود دُعا بھی ہے اور دوا بھی۔ اس درود کے پڑھنے سے ہر مرض سے شفا ہوگی اور جو دُعا اس درود کو پڑھنے کے بعد مانگے گا وہ انشاء اللہ قبول ہوگی۔

(سعادت الدارین صفحہ ۶۱۹)

Marfat.com

کروں میں حمد اللہ کی اور اس کی شان کے لائق
تو رحمت کر محمد ﷺ پر ہو تیری شان کے لائق

تو کر وہ معاملہ مجھ سے جو تیری شانِ شایاں ہو
جزا دے تو محمد ﷺ کو جو ان ﷺ کی شانِ شایاں ہو

تو دے توفیق تقویٰ کی جو تیرا حق ہے اے قادر
تو کر دے مغفرت میری کہ تو ہے غافر و قادر

Marfat.com

۷۔ درودِ تریاقِ امراض

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی رُوْحِ

اے اللہ ارواح میں سے حضرت محمد اللہ علیہ وسلم کی روح

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ

مبارک پر درود سلامتی اور برکت بھیج اور قلوب میں سے

عَلٰی قَلْبِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُلُوْبِ وَصَلِّ

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب پر درود وسلام بھیج

وَسَلِّمْ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَ

اور جسموں میں سے سیدنا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم پر

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

درود وسلام بھیج اور قبروں میں سے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

فِی الْقُبُوْرِ ط

کی قبر پر درود بھیج

Marfat.com

یہ میری التجا ہے یا الٰہی اے میرے مولا
تو اپنی برکت و رحمت کثیر و دائماً فرما

تمام ارواح میں روحِ محمد ﷺ پر مرے مولا
قلوبِ کُل میں سے قلبِ محمد ﷺ پر مرے مولا

تمام اجسام میں جسم محمد ﷺ پر مرے مولا
قبورِ کُل میں سے قبرِ محمد ﷺ پر مرے مولا

فضیلت:۔

نزہت المجالس میں لکھا ہے کہ بعض صلحاء میں سے ایک صاحب نے عارف باللہ حضرت شیخ شہاب الدین ارسلانؒ (جو بڑے زاہد اور عالم تھے) کو دیکھا اور ان سے مرض اور تکالیف کی شکایت کی۔ انہوں نے فرمایا "تریاق مجرب" سے کہاں غافل ہو یہ درود پڑھا کرو۔ یہ درود بکثرت پڑھنے سے دل وروح زندہ ہو جائے گا اور اسے دنیا میں غیر فانی مقام حاصل ہوگا۔ پڑھنے والے کی قبر ہمیشہ روشن رہے گی۔ اس کے جسم کو قبر کی مٹی نہیں کھائے گی۔
درود تریاق امراض ایسا روحانی نسخہ ہے کہ جسے پڑھنے سے آخرت سنور جاتی ہے لہٰذا ہر نماز کے بعد اس درود کو ایک دو مرتبہ ضرور پڑھنا چاہئے۔ (نزہت المجالس۔ القول البدیع از سخاوی صفحہ ۲۷)

Marfat.com

۸۔ درودِ شفائے قلوب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ

یا اللہ درود بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم جو دلوں کے طبیب اور

وَدَوَآئِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ

ان کی دوا ہیں اور جسم کی عافیت اور ان کی شفا ہیں اور آنکھوں کا نور

وَضِیَآئِھَا وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ ط

اور ان کی چمک ہیں اور آپ کی آل اور اصحاب پر درود سلام بھیج۔

فضیلت:۔

درود شفائے قلوب پڑھنے سے روحانی و جسمانی بیماریوں کو شفاء ملتی ہے۔اس درود کو کثرت سے پڑھنے سے سب وسوسے ختم ہو جائیں گے۔

ایسی جسمانی بیماری جس کا طبیبوں سے علاج نہ ہوتا ہو اس کے لئے اس درود شفائے قلوب کو ۴۰ دن تک ۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔انشاءاللہ صحت ہوگی۔اس کے علاوہ امراضِ قلب کے لئے یہ درود اکسیر ہے۔دل کے کسی مرض میں مبتلا کو چاہئے کہ ۳۱۵ مرتبہ ۱۱ دن تک بعد نماز فجر پڑھے۔انشاءاللہ دل کی ہر قسم کی بیماری سے نجات مل جائے گی۔ (خزینۂ درود شریف از عالم فقری صفحہ ۲۵۱)

Marfat.com

الٰہی اپنی رحمت کے شگفتہ گل نچھاور کر
محمد ﷺ پر ہمیشہ آل و اصحابِ محمد ﷺ پر

طبیب قلب ہیں وہ ﷺ اور وہ ﷺ اس کی دوا بھی ہیں
بدن کی عافیت ہیں اور وہ ﷺ اس کی شفاء بھی ہیں

وہ ﷺ نورِ چشم بھی ہیں اور آنکھوں کی ضیاء بھی ہیں
غموں کا کشف بھی ہیں اور وہ ﷺ دل کی جِلا بھی ہیں

Marfat.com

۹۔ درودِ غوثِ اعظمؒ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ السَّابِقِ

الٰہی رحمت نازل فرما ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جن کا نور ساری مخلوق

لِلْخَلْقِ نُوْرُہٗ وَرَحْمَۃٌ لِّلْعَالَمِیْنَ ظُھُوْرُہٗ

سے پہلے پیدا ہوا اور ان کا ظہور تمام کائنات کے لیے رحمت ٹھہرا شمار

عَدَدَ مَنْ مَّضٰی مِنْ خَلْقِكَ وَمَنْ بَقِیَ وَمَنْ

میں تمام اگلی اور پچھلی تیری مخلوق کے برابر اور ہر ایک نیک بخت

سَعِدَ مِنْھُمْ وَمَنْ شَقِیَ صَلٰوۃً تَسْتَغْرِقُ

اور بدبخت کی گنتی کے برابر ایسا درود جو شمار میں

الْعَدَدَ وَتُحِیْطُ بِالْحَدِّ صَلٰوۃً لَّا غَایَۃَ وَّلَا

نہ آسکے اور تمام حدود کا احاطہ کرے جس درود کی نہ کوئی غایت ہو اور نہ

مُنْتَھٰی وَلَا انْقِضَآءَ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِكَ

انتہا اور نہ اختتام ، ایسا درود جو ہمیشہ رہے تیرے

وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا

کے ساتھ اور ان کی اولاد اور اصحاب پر اور اسی طرح ان پر خوب

مِّثْلَ ذٰلِكَ ط

خوب سلام نازل فرما

Marfat.com

میرے آقا محمد ﷺ پر سدا تو رحمتیں برسا
الٰہی تو نے جن ﷺ کے نور کو پہلے کیا پیدا
پھر ان ﷺ کے نور سے سارے جہاں تو نے کئے پیدا
ہے رحمتِ کل جہانوں کے لئے بے شک ظہور اُن ﷺ کا
ظہورِ قدسی سے پہلے جنہیں پیدا کیا تو نے
پھر ان ﷺ کے بعد دنیا میں جو آئے اور جو آئیں گے
برابر نیک بختوں اور بدبختوں کی گنتی کے
تو بھیج اتنے درود اُن ﷺ پر نہ ہو ممکن شمار ان کا
احاطہ جو کریں رحمت کی منجملہ حدودوں کا

نہایت ہو نہ اس کی اور نہ ہو کوئی حد اس کی
درود ایسا محمد ﷺ پر جو جاری ہو دوامی ہو
دوام باری تعالیٰ تا ابد بعدِ ابد ہو گا
تو ان ﷺ کی آل پہ اصحاب پہ بھی رحمتیں کرنا
درود ان ﷺ پر بہت کرنا، سلام ان ﷺ پر بہت کرنا

فضیلت:۔ یہ درود حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کا مرتب کردہ ہے۔اس کے متعلق بزرگانِ دین کا ارشاد ہے کہ جو شخص اس درود کو ۱۰ مرتبہ صبح اور ۱۰ مرتبہ شام پڑھے اسے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل ہوگا اور بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں اسے دائمی حضوری حاصل ہو جائے گی اور وہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں سے مالا مال ہو جائے گا۔
(مطالع المسرات)

Marfat.com

۱۰۔ درودِ بشارت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ
عَدَدَ مَا کَانَ وَمَا یَکُوْنُ وَعَدَدَ مَا اَظْلَمَ
عَلَیْہِ الَّیْلُ وَاَضَاءَ عَلَیْہِ النَّھَارُ ۝

ترجمہ:-

اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا اور مولا محمدؐ
صلی اللہ علیہ وسلم پر بہ شمار اس کے جو ہو چکا ہو رہا
ہے اور جو ہوگا اور بہ شمار ان چیزوں کے کہ تاریک
ہوئی ان پر رات اور روشن ہوا ان پر دن۔

فضیلت:۔ درود بشارت کی خصوصیت یہ ہے کہ اگر کسی شخص کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو تو اسے چاہئے کہ رات کو سوتے وقت اس درود کو گیارہ روز تک گیارہ سو مرتبہ پڑھے اسے انشاءاللہ خواب میں گم شدہ چیزوں کے بارے میں اشارہ ہو جائے گا۔ ایسے ہی اگر کوئی شخص کسی ویرانے میں یا غیر ملک میں بے یار و مددگار ہو تو اسے چاہئے کہ درود بشارت کو بعد نماز فجر گیارہ سو مرتبہ پڑھے۔ انشاءاللہ پردۂ غیب سے اس کی مشکل حل ہو جائے گی۔

اگر درود بشارت سوا لاکھ مرتبہ پڑھ کر کسی فوت شدہ شخص کی روح کو بخشا جائے تو اس کی قبر روشن ہو جائے گی۔ (جمال و کمال درود شریف از شاہ محمد افضلؒ صفحہ ۱۸۹)

Marfat.com

مرے آقا محمد ﷺ پر درودیں بھیج اے مولا
کہ جو کچھ ہو چکا ہے، ہو رہا ہے اور جو ہوگا

شمار ہو کس طرح تعداد و گنتی کا مرے مولا
درودیں ہوں تری جانب سے بے گنتی مرے مولا

کہ جن پر رات کی تاریکی چھائی وہ سبھی اشیاء
ہوا ہے جتنی اشیاء پر اجالا روزِ روشن کا

شمار ہو کس طرح تعداد و گنتی کا مرے مولا
درودیں ہوں تری جانب سے بے گنتی مرے مولا

Marfat.com

۱۱۔ درودِ وسیلہ (کامل)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَآ اَحَاطَ

اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا محمد پر بشمار اس کے کہ احاطہ کیا ہے اُس

بِہٖ عِلْمُكَ وَاَحْصَاہُ كِتَابُكَ صَلٰوۃً تَكُوْنُ لَكَ

کا تیرے علم نے اور شمار کیا ہے اُس کو تیری کتاب نے ایسا درود جو تیری رضا کا

رِضًی وَّلِحَقِّہٖ اَدَآءً وَّاَعْطِہِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ

باعث ہو اور آپ کے حق کو ادا کر دے اور عطا فرما آپ کو وسیلہ اور بزرگی

وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ وَابْعَثْہُ اَللّٰھُمَّ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ

اور درجہ بلند اور فائز فرما آپ کو اے اللہ مقامِ محمود پر جس کا تو نے اُن

الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ وَاجْزِہٖ عَنَّا مَا ھُوَ اَھْلُہٗ وَعَلٰی

سے وعدہ کیا ہے اور جزا دے آپ کو ہماری طرف سے جس جزا کے آپ لائق ہیں اور آپ کے

جَمِیْعِ اِخْوَانِہٖ مِنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَ

تمام بھائیوں پر انبیاء سے اور صدیقین سے اور

الشُّھَدَآءِ وَالصَّالِحِیْنَ ○

شہیدوں سے اور صالحین سے

فضیلت:۔ جو شخص درود وسیلہ پڑھے اسے اللہ تعالیٰ حضور ﷺ کی شفاعت کا وسیلہ عطا کرے گا۔ اس کے درجات بلند کرے گا اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اسے رضائے الٰہی حاصل ہوگی۔

جو شخص کسی نیک محفل میں بیٹھ کر ایک مرتبہ اس درود کو پڑھے دوسرے اس کی عزت کریں گے۔

افسرانِ بالا کے پاس جاتے وقت ایک مرتبہ اس درود کو پڑھ لے تو انشاء اللہ افسر اس کا کام اس کی منشاء کے مطابق کرے گا۔ (سعادت الدارین۔ علامہ یوسف نبہانی صفحہ ۲۴۷)

Marfat.com

الٰہی میرے آقا ﷺ پر تو ایسی رحمتیں فرما
اور ان ﷺ کی آلِ اطہر پر تو ایسی رحمتیں فرما

وہ رحمت جس سے تو خوش ہوادا ہو جائے حق ان ﷺ کا
ملے ان ﷺ کو وسیلہ بھی، بزرگی بھی، بلندی تو عطا فرما

مقام ان ﷺ کو عطا کر وہ جسے ''محمود'' کہتے ہیں
کیا ہے تو نے یہ وعدہ یقیناً جو وفا ہو گا

جزا ایسی عطا فرما کہ جس کے اہل ہیں آقا ﷺ
جزا ایسی کہ اُمّت کی طرف سے سب سے ہو اعلیٰ

تو نازل کر وہ رحمت سب رسولوں اور نبیوں پر
جو ہیں بھائی نبیٔ محترم ﷺ کے اوّل و آخر

تو کرتا ہے فقط رحمت، ہے رحمت تیری غالب تر
تو صدیقین، شُہدا، صالحین، سب بندوں پہ رحمت کر

Marfat.com

۱۲۔ درودِ ابراہیمی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر صلوٰۃ بھیج

کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ

جس طرح تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی

اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝ اَللّٰھُمَّ

آل پر صلوٰۃ بھیجی بے شک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے اے اللہ

بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل کو برکت دے جس طرح

بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل کو برکت دی

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

بے شک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے

Marfat.com

تو رحمت بھیج سیدنا محمد ﷺ اور ان ﷺ کی آل پہ مولا
کہ جیسے بھیجی رحمت ابراہیمؑ اور انؑ کی آل پہ مولا
بلا شک لائقِ حمد و ثناء تو ہے بزرگی والا

تو برکت بھیج سیّدنا محمد ﷺ اور ان ﷺ کی آل پہ مولا
کہ جیسے بھیجی برکت ابراہیمؑ اور انؑ کی آل پہ مولا
بلاشک لائق حمد و ثناء تو ہے بزرگی والا

فضیلت:۔ درودِ ابراہیمی تمام درودوں کے صیغوں سے افضل ہے کیونکہ اس درود کے الفاظ حضور ﷺ کے فرمودہ ہیں۔ اس لئے اس درودِ پاک کو نماز کے علاوہ کثرت سے پڑھنا دینی و دنیاوی فیوض و برکات حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ (سعادت الدارین صفحہ ۲۰۸)

Marfat.com

۱۳۔ درودِ قلبی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ سَیِّدِنَا وَ

یا الٰہی شفیع المذنبین سیدنا اور

مَوْلَانَا وَمُرْشِدِنَا وَرَاحَۃِ قُلُوْبِنَا وَطَبِیْبِ

ہمارے مولانا اور ہمارے مرشد اور ہمارے دلوں کی راحت اور

ظَاھِرِنَا وَبَاطِنِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ

ہمیں ظاہر اور باطن میں پاکیزہ کرنے والے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کی آل پر اور ن

وَاَزْوَاجِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَوْلِیَآءِ اُمَّتِہٖ وَاَھْلِ

کے صحابہ پر اور ان کی ازواج پر اور آپ کے اہل بیت پر اور اولیاء امت پر اور

طَاعَتِکَ اَجْمَعِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ط

تمام اہل اطاعت پر یوم قیامت تک رحمت نازل فرما

Marfat.com

شفیعِ مذنبیں ﷺ بے شک ہیں سیّدنا و مولانا ﷺ
ہمارے دل کی راحت ہیں وہ ﷺ سیّدنا و مولانا ﷺ

ہمارے ظاہر و باطن کو پاکیزہ بناتے ہیں
ہمارا تزکیہ کرتے ہیں اور رستہ دکھاتے ہیں

محمد ﷺ اور ان ﷺ کی آل و اصحابِ مکرّم پر
ہو اہلِ بیت پر بھی اور ازواجِ معظم پر

یہ رحمت اولیاء و اصفیاء سے اہلِ طاعت تک
بڑھے یہ اور بڑھتی ہی رہے یومِ قیامت تک

فضیلت:۔ درود قلبی پڑھنے والے کا دل روشن ہو جاتا ہے اس کے قلب پر انوارات کی تجلی رہتی ہے زندگی کے ہر شعبے میں کامیابی ہوتی ہے۔ دین و دنیا سنور جاتی ہے۔ اگر کوئی کسی بری عادت میں مبتلا ہو اور وہ عادت کوشش کے باوجود نہ چھوٹتی ہو تو اس درود پاک کو ۱۱۱ مرتبہ صبح، ۱۱۱ مرتبہ شام پڑھنے سے انشاءاللہ بُری عادت ختم ہو جائے گی۔

(جمال وکمال درود شریف۔ از شاہ محمد افضلؒ صفحہ ۶۱۔۔۔ خزینہ درود شریف از عالم فقری صفحہ نمبر ۲۵۱)

Marfat.com

۱۴۔ درودِ اسماءالحسنٰی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ

بِعَدَدِ اَسْمَائِكَ الْحُسْنٰی

اے اللہ رحمتیں نازل فرما محمد ﷺ پر اپنے حسین ناموں کی تعداد کے مطابق

فضیلت: اسمائے الٰہی کے ذریعے ذکر ہمیں نبیٔ اکرم ﷺ نے سکھایا۔ اللہ کے نام بہت حسین اور پیارے پیارے ہیں لہٰذا ان پیارے ناموں کی تعداد کے مطابق اللہ کے حبیب ﷺ پر رحمت کی التجا بہت بابرکت ہے۔

۱۵۔ درودِ ثمرات

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا و مولا محمد پر جتنے زیتون کے

اَوْرَاقِ الزَّیْتُوْنِ وَجَمِیْعِ الثِّمَارِ ○

پتے ہیں اور جتنے پھل ہیں

فضیلت:۔ جو شخص درود ثمرات پڑھے گا اللہ اسے دنیاوی ثمرات سے نوازے گا اور اس کے رزق میں خوب اضافہ ہوگا۔

Marfat.com

یا اللہ عزّوجل ہو نزول رحمت کا
حضرت محمد ﷺ پر جو کہ ہیں مرے آقا ﷺ

ترے اسماء الحسنٰی کے مطابق
صفات و ذات پہ جو تیرے صادق

تیرے اسم جتنے ہیں سب مؤثر و اعلیٰ
علم میں ہمارے ہیں یا کہ علم سے بالا

الٰہی بھیج تو رحمت مرے آقا محمد ﷺ پر
جو ہو زیتون کے پتوں کی بھی تعداد سے بڑھ کر

اور اس پر جس قدر پھل ہیں اُسی تعداد سے برتر
مراد اس سے ہے بے گنتی و بے حد ہو درود ان ﷺ پر

Marfat.com

۱۶۔ درودِ قبرستان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑا رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّا دَامَتِ الصَّلٰوةُ وَ

اے اللہ درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جب تک نماز باقی ہے اور درود بھیج

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّا دَامَتِ الرَّحْمَةُ وَصَلِّ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جب تک رحمت باقی ہے اور درود بھیج

عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّا دَامَتِ الْبَرَكَاتُ وَصَلِّ عَلٰى رُوْحِ

اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جب تک برکتیں ہیں اور درود بھیج محمد صلی

مُحَمَّدٍ فِى الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ عَلٰى صُوْرَةِ مُحَمَّدٍ

اللہ علیہ وسلم کی روح پر درمیان روحوں کے اور درود بھیج اوپر صورت محمد صلی

فِى الصُّوَرِ وَصَلِّ عَلٰى اِسْمِ مُحَمَّدٍ فِى الْاَسْمَاءِ

اللہ علیہ وسلم کے درمیان صورتوں کے اور درود بھیج اوپر نام محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اور درود

وَصَلِّ عَلٰى نَفْسِ مُحَمَّدٍ فِى النُّفُوْسِ وَصَلِّ عَلٰى

بھیج اوپر نفس محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان نفسوں کے اور درود بھیج

قَلْبِ مُحَمَّدٍ فِى الْقُلُوْبِ وَصَلِّ عَلٰى قَبْرِ

اوپر قلب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان دلوں کے اور درود بھیج اوپر قبر

مُحَمَّدٍ فِى الْقُبُوْرِ وَصَلِّ عَلٰى رَوْضَةِ مُحَمَّدٍ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان قبروں کے اور درود بھیج اوپر روضہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

فِى الرِّيَاضِ وَصَلِّ عَلٰى جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِى

کے درمیان روضوں کے اور درود بھیج اوپر جسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان جسموں

الْاَجْسَادِ وَصَلِّ عَلٰى تُرْبَةِ مُحَمَّدٍ فِى التُّرَابِ

کے اور درود بھیج اوپر تربت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان خاک کے

Marfat.com

درود پاک ہو اس وقت تک نازل محمد ﷺ پر
نمازیں جب تلک قائم ہیں یارب تیری دنیا میں

ہیں باقی رحمتیں جب تک الٰہی تیری دنیا میں
ہیں باقی برکتیں جب تک الٰہی تیری دنیا میں

الٰہی ہو نزولِ رحمت و برکت اور متواتر

تمام ارواح میں سے آپ ﷺ کی روحِ مبارک پر
سبھی چہروں میں سے آپ ﷺ کے روئے مبارک پر

تمام اسموں میں سے آپ ﷺ کے اسمِ مبارک پر
نفوسِ کُل میں سے آپ ﷺ کے نفسِ مبارک پر

قلوبِ کُل میں سے قلبِ محمد ﷺ میرے آقا ﷺ پر
سبھی قبروں میں سے آپ ﷺ کی قبر منور پر

Marfat.com

وَصَلِّ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اور درود بھیج اُوپر اپنی مخلوق کے بہترین (فرد) ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور

عَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّاتِهٖ

اوپر ان کی اولاد کے اور ان کے اصحاب پر ان کی ازواج پر اور ان کی

وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَحْبَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ○ بِرَحْمَتِكَ

ذریات پر اور ان کے اہل بیت پر اور ان کے تمام احباب پر اور درود نازل کر اپنی رحمت

يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ○

کے ساتھ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

فضیلت:۔ درود قبرستان جسے درودِ روحی بھی کہا جاتا ہے اس کے پڑھنے سے فوت شدگان کو عالمِ برزخ میں بہت فائدہ پہنچتا ہے۔ اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کے فوت شدہ والدین بخشے جائیں۔ یعنی اللہ ان کے تمام گناہوں کو معاف کرے تو اسے چاہئے کہ ۴۱ روز ماں باپ کی قبروں پر جا کر اس درود کو روزانہ صبح کے وقت پڑھے اور بعد ازاں ان کی مغفرت کی دُعا کرے۔ انشاء اللہ ان کی بخشش ہو جائے گی اور ان کی قبور کو عالمِ برزخ میں مثلِ باغ جنت بنا دیا جائے گا۔ قبرستان میں اس درود کو پڑھنے سے روحوں کو عذاب سے نجات ملتی ہے۔ لہٰذا زیارتِ قبور کے وقت اس درود کو ایک مرتبہ ضرور پڑھنا چاہئے۔ اس درود مبارک کا پڑھنے والا نبی پاک ﷺ کی زیارت سے مشرف ہو گا۔ انشاء اللہ (القول البدیع۔ علامہ سخاوی۔ صفحہ ۲۴۱)

Marfat.com

سبھی روضوں میں سے آپ ﷺ کے روضۂ اطہر پر

سبھی جسموں میں سے آپ ﷺ کے جسمِ مُطہر پر

سبھی خاکوں میں سے آپ ﷺ کی ہی خاکِ تربت پر

الٰہی تیری مخلوقات میں سے سب سے بہتر پر

اور ان ﷺ کی آل و اصحاب اور ازواج مطاہر پر

ہو ان ﷺ کی نسل و ذریّت پہ اہلِ بیت کے اوپر

تمام اصحاب اور احباب کی ساری جمیعت پر

درودیں ساتھ رحمت کے الٰہی ان ﷺ پہ نازل کر

کہ رحمت کرنے والوں میں تو ہی تو سب سے ہے بہتر

بہت تو ان ﷺ پہ رحمت کر، سدا رحمت ہی رحمت کر

Marfat.com

۱۷۔ درودِ غوثیہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ ہمارے سردار و آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ

جو جود و کرم کا خزینہ ہیں پر اور ان کی آل پر درود برکت

وَسَلِّمْ ○

اور سلام بھیج

فضیلت:۔ یہ درود رحمتِ خداوندی کا خزانہ ہے اور جو درود غوثیہ کو ۱۱۱ مرتبہ پڑھے وہ رحمتِ خداوندی سے مالا مال ہو جاتا ہے۔ جو شخص روزانہ اس درود کو کم از کم ایک بار پڑھے اور ضرور پڑھے تو سات نعمتیں حاصل ہوتی ہیں۔ ۱۔ رزق میں برکت۔ ۲۔ تمام کام آسان ہو جائیں۔ ۳۔ بوقتِ نزع کلمہ طیبہ نصیب ہو۔ ۴۔ جان کنی کی سختی سے حفاظت۔ ۵۔ قبر وسیع ہوگی۔ ۶۔ کسی کا محتاج نہ ہو۔ ۷۔ مخلوق خدا اس سے محبت کرے گی۔ (خزینہ درود شریف از عالم فقری۔ صفحہ ۹۸)

۱۸۔ درودِ عالی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی

اے اللہ درود سلامتی اور برکت عطا فرما اپنی سیدنا

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم جو تیرا حبیب عالی قدر عظیم مرتبے

عَالِی الْقَدْرِ عَظِیْمِ الْجَاہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ

والا ہے اور آپ کی آل اور صحابہ پر

وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ ○

سلامتی عطا فرما

فضیلت:۔ فتح و نصرت درکار ہو تو درود عالی کو چالیس یوم تک بعد نماز عشاء ۱۰۰ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ حسبِ منشا کامیابی نصیب ہوگی۔ اگر کسی پر ناجائز مقدمہ ہو گیا ہو تو اسے چاہئے کہ اس درود پاک کو تہجد کے وقت سات سو مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ کامیابی نصیب ہوگی۔ (خزینۂ درود شریف از عالم فقری۔ صفحہ ۲۳۰)

Marfat.com

محمد ﷺ میرے آقا ﷺ پر الٰہی رحمتیں برسا

سلام و رحمت و برکت تو ان ﷺ کی آل کو پہنچا

سخی ان ﷺ سا نہ تھا کوئی، نہ ہے اور نہ ہو گا

خزانہ ہیں وہی ﷺ جو دو کرم، لطف و عنایت کا

ہو محمد ﷺ پہ رحمتوں کا نزول

آل و اصحاب پہ برکتوں کا نزول

وہ محمد ﷺ کہ ہیں نبیِ امّی ﷺ

ہوا جن ﷺ کو عطا علمِ لَدُنّی

وہ حبیب ﷺ کبریا، عالی جناب ﷺ

ان ﷺ کی عظمت کی حد نہ کوئی حساب

Marfat.com

۱۹۔ درودِ قرآنی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ

اے اللہ درود بھیج اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ان کی اولاد کے اور ان

بِعَدَدِ مَا فِیْ جَمِیْعِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّ

کے دوستوں کے مطابق قرآن کے حروف کی تعداد کے اور ہر ہر حرف کے بدلے

بِعَدَدِ کُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا ط

ایک ایک ہزار کے عدد کے مطابق

فضیلت:۔ بارش نہ ہونے کی صورت میں اجتماعی طور پر سوالاکھ مرتبہ اس درود کا ورد کیا جائے تو انشاء اللہ بارش ہو جائے گی۔ درود قرآنی پڑھنے والے کے دل میں حُبِ رسول ﷺ بہت بڑھ جاتی ہے۔ قرآن پاک کی تلاوت کے آغاز و اختتام کے وقت سات سات مرتبہ پڑھنا خوشحالی اور سکون کا باعث ہوگا۔ صبح و شام درود قرآنی کو تین تین بار پڑھنا گھر میں خیر و برکت اور اتفاق کا باعث ہوتا ہے۔ (خزینہ درود شریف۔ از عالم فقری صفحہ ۲۳۷)

Marfat.com

ہو محمد ﷺ پہ رحمتوں کا نزول
آل و اصحاب پہ برکتوں کا نزول
جتنے قرآن میں حروف آئے

حرف ہو ایک رحمتیں ہوں ہزار
حرف ہو ایک برکتیں ہوں ہزار
تین لاکھ تیئس ہزار سات سو ساٹھ حروف

ضرب کر دیجئے ان سے ایک ہزار
کل ہوئے ۳۲ کروڑ ۳۷ لاکھ ۶۰ ہزار

Marfat.com

۲۰۔ درودِ نجاتِ وباء

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور سردار محمدؐ کی آل پر

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَآءٍ وَّدَوَآءٍ وَّبَعَدَدِ

مطابق تمام بیماریوں کی دوا کے اور تمام علت و شفاء

کُلِّ عِلَّةٍ وَّشِفَآءٍ ط

کی تعداد کے مطابق

فضیلت:۔ درود نجات وباء پڑھنے سے وباؤں سے نجات ملتی ہے۔ یہ درود حضور ﷺ نے خواب میں ایک بزرگ کو تلقین فرمایا۔

۲۱۔ درودِ دیدار

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

الٰہی حضور اقدس محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَ

اولاد پر رحمت نازل فرما جس طرح تجھے محبوب

تَرْضَاہُ لَہٗ

اور پسند ہے

فضیلت:۔ درود دیدار حضور نبی کریم ﷺ کے دیدار کے لئے بہت مؤثر ہے۔ جذب القلوب میں لکھا ہے پاکیزگی کے ساتھ اس کا ۳۱۳ مرتبہ ورد کرے زیارت سے مشرف ہو۔ یہی بات علامہ سخاوی نے القول البدیع کے صفحہ ۲۴۱ میں لکھی ہے۔ مرزع الحسنات میں درج ہے اگر کوئی اس درود شریف کو پڑھے تو ستر فرشتے ایک یوم تک اس کے نامۂ اعمال میں نیکیاں لکھتے رہتے ہیں۔

Marfat.com

میرے آقا محمد ﷺ پر ہو رحمتوں کا نزول
اور ان ﷺ کی آل اطہر پر ہو برکتوں کا نزول
امراض و ادویاء کی گنتی کے مطابق
اسباب اور علاجوں کی گنتی کے مطابق
وباؤں اور شفاؤں کی گنتی کے مطابق
محبوب محمد ﷺ ہیں، تو ہے شافیٔ مطلق
محبوبِ محمد ﷺ ہیں، تو ہے کافیٔ مطلق

الٰہی حضور اقدس محمد ﷺ پر رحمت کر نازل
اور آلِ پاک پہ ان ﷺ کی تو رحمت کر نازل

جو کر دے تجھ کو راضی وہ رحمت ہو ایسی
پسند تجھ کو جو آئے وہ رحمت ہو ایسی

Marfat.com

۲۲۔ درودِ لکھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ

آپؐ کی آل پر بے شمار اپنی رحمت کے درود وسلام

رَحْمَۃِ اللّٰہِ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

نازل فرما ۔ الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمدؐ صلی اللہ

وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

علیہ وسلم پر اور آپؐ کی آل پر بیشمار اپنے فضل

بِعَدَدِ فَضْلِ اللّٰہِ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

کے رحمت کاملہ از سلامتی نازل فرما ۔ الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ

عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپؐ کی آل پر بشمار

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ خَلْقِ اللّٰہِ ط اَللّٰھُمَّ

اپنی مخلوقات کے رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما ۔ الٰہی ہمارے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپؐ کی آل پر بشمار

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ عِلْمِ اللّٰہِ ط

اپنی معلومات کے رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

آپؐ کی آل پر بشمار اپنے رحمت کے

Marfat.com

یا الٰہی میرے آقا ﷺ اور ان ﷺ کی آل پر
سلامتی و رحمتِ بے پایاں نازل کر

بھیج درود و سلام بمقدار اپنی رحمت کے
بھیج درود و سلام بمقدار فضل کے اپنے
بھیج درود وسلام بشمار اپنی مخلوقات کے
بھیج درود و سلام مطابق علم کے اپنے
بھیج درود و سلام بشمار کلمات کے اپنے
بھیج درود و سلام مطابق اپنے کرم کے
بھیج درود و سلام بشمار حروف قرآں کے

Marfat.com

بِعَدَدِ كَلِمٰتِ اللّٰهِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اور سلامتی نازل فرما - الٰہی ہمارے آقا و مولٰے محمد

سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپؐ کی آل پر اپنی بزرگی کے برابر

مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كَرَمِ اللّٰهِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما - الٰہی ہمارے آقا و مولٰے

عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپؐ کی آل پر کلام

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ حُرُوْفِ كَلِمِ اللّٰهِ ط

اللہ کے حرفوں کے برابر رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

الٰہی ہمارے آقا و مولٰی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ

اور آپؐ کی آل پر بارشوں کے قطروں کے

قَطَرَاتِ الْاَمْطَارِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

برابر رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما - الٰہی ہمارے آقا و مولٰی

سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپؐ کی آل پر درختوں کے

مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اَوْرَاقِ الْاَشْجَارِ ط اَللّٰهُمَّ

پتوں کے برابر رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما - الٰہی

Marfat.com

بھیج درود وسلام بشمار بارش کے قطرے

بھیج درود و سلام بشمار ریت کے ذرّے

بھیج درود و سلام بشمار درختوں کے پتّے

بھیج درود و سلام بشمار آبی جانداروں کے

بھیج درود و سلام بشمار دانوں اور پھلوں کے

بھیج درود و سلام بشمار راتوں اور دنوں کے

بھیج درود و سلام بشمار اُن اشیاء کے

جن پر دن ہوا روشن، جن پہ رات چھائی ہے

بھیج درود و سلام بشمار نفسوں کے

یعنی درود بھیجنے والے نفوس کے

غافل رہے درود سے جو ان نفوس کے

Marfat.com

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ رَمْلِ الْقِفَارِ ط

آپ کی آل پر صحراؤں کی ریت (کے ذرّوں) کے برابر رحمت کاملہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا

اور سلامتی نازل فرما۔ الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَا

آپ کی آل پر بشمار ہر اس چیز کے جو سمندروں

خُلِقَ فِى الْبِحَارِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

میں پیدا کی گئی رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔ الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد

سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی آل پر دانوں اور پتلوں کی

مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْحُبُوْبِ وَالثِّمَارِ ط اَللّٰهُمَّ

تعداد میں رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔ الٰہی

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ ط

کی آل پر بشمار راتوں اور دنوں کے رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ

Marfat.com

بھیج درود و سلام بشمار مخلوق کی سانسوں کے
بھیج درود و سلام بشمار آسمان کے تاروں کے

بھیج درود و سلام بشمار اشیائے دنیا اور عقبیٰ کے
بھیج درود و سلام بشمار مُرسلہ درودوں کے

تری جتنی رحمتیں، رہتی ہیں ان پر ہر لمحے
شمار ان کا بھلا کیا ہو، نہ کوئی ایسا کر سکے

ملائکہ اور رسولوں کے مُرسلہ درودوں کے
جملہ مخلوقات کی مُرسلہ درودوں کے

Marfat.com

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَآ

کی آل پر بشمار ان چیزوں کے کہ جن پر رات نے اندھیرا

اَظْلَمَ عَلَیْهِ الَّیْلُ وَاَشْرَقَ عَلَیْهِ النَّهَارُ ط

اور دن نے روشنی کی رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر اور

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ

آپ کی آل پر بشمار ان (نفوس) کے جنہوں نے حضور اقدس

مَنْ صَلّٰی عَلَیْهِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

پر درود بھیجا رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔ الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی

سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی آل پر بشمار (نفوس) کے رحمت

مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْهِ ط اَللّٰهُمَّ

کاملہ اور سلامتی نازل فرما جنہوں نے حضور پر درود نہیں بھیجا۔ الٰہی

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ

ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اَنْفَاسِ الْخَلَآئِقِ ط

آل پر اس قدر رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما جس قدر کہ مخلوق نے سانس لی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی

Marfat.com

رسولوں کے سردار حضرت محمد ﷺ میرے آقا ﷺ پر

متقیوں کے امام حضرت محمد ﷺ میرے آقا ﷺ پر

وہی ﷺ ہیں رہنما، روشن جبیں والوں کے

شفیع وہی ﷺ تو ہیں مولا گناہگاروں کے

وہ سیّدنا محمد ﷺ، آل اور اصحاب پہ ان ﷺ کے

وہ اہلِ بیت و ازواجِ مطہرات پہ ان ﷺ کے

Marfat.com

وَعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ نُجُوْمِ السَّمٰوٰتِ

آل پر آسمان کے ستاروں کے برابر رحمتِ کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ

وَعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ شَيْءٍ

کی آل پر دُنیا اور آخرت کی ہر چیز کے برابر رحمت کاملہ

فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَهٗ صَلٰوةُ اللّٰهِ تَعَالٰى وَ

اور سلامتی نازل فرما۔ خدائے برتر کی رحمتیں اور

مَلٰٓئِكَتِهٖ وَاَنْبِيَآئِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجَمِيْعِ الْخَلَآئِقِ

اس کے فرشتوں، نبیوں رسولوں اور تمام مخلوقات کا

عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَاِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَقَآئِدِ

درود رسولوں کے سردار پرہیزگاروں کے پیشوا درخشاں

الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ وَشَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ سَيِّدِنَا وَ

پیشانی والوں کے راہنما اور گنہگاروں کی شفاعت کرنے والے (یعنی)

مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحٰبِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ

ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی آل آپ کے اصحاب ازواج

وَذُرِّيّٰتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ

مطہرات، اولاد اور اہل بیت پر اور تیرے تمام اطاعت شعاروں پر ہو جو

مِنْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ

آسمانوں اور زمینوں پر رہتے ہیں اے رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحم کرنے

Marfat.com

ترے طاعت شعاروں اور ترے اہلِ محبت کے
زمیں پہ رہنے والے یا کہ ہیں وہ آسماں والے
قبول کر لے، میری التجائیں تو سن لے
رحم کرنے والوں میں تو سب سے بہتر
کرم کرنے والوں میں تو سب سے بہتر

Marfat.com

الرَّاحِمِيْنَ وَيَا كَرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى

کرنے والے اور اسے کرم کرنے والوں میں سب سے زیادہ کرم کرنے والے اپنی رحمت سے میری یہ التجا

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحٰبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا

قبول فرما) حق تعالیٰ ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی آل پر اور تمام صحابہ پر ہمیشہ ہمیشہ

دَائِمًا اَبَدًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

رحمت و سلامتی نازل فرمائے اور ہر قسم کی حمد و ثنا حق تعالیٰ ہی کے لیے ہے جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے

فضیلت:۔ حضور اکرم ﷺ نے سلطان محمود غزنوی (مشہور بادشاہ) کو عالمِ خواب میں یہ درود تعلیم فرمایا اور فرمایا کہ نماز فجر کے بعد اُسے ایک بار پڑھ لیا کرو تو ایک لاکھ درود پڑھنے کا ثواب ملے گا۔

یہ درود شریف مغفرت اور گناہوں کی معافی کیلئے بہت اکسیر ہے۔

مرحوم آباؤ اجداد کی مغفرت کے لئے ۴۰ دن تک روزانہ ۱۱ مرتبہ پڑھا جائے تو انشاء اللہ ان کی قبریں جنت کے باغوں میں سے ہو جائیں گی۔

جس گھر میں یہ درود پاک پڑھا جائے وہاں اتفاق، برکت اور باہمی ہمدردی پیدا ہوگی۔

Marfat.com

میرے اللہ کُل اختیار تیرا ہے
فقط تو لائقِ حمد و ثنا اکیلا ہے

Marfat.com

۲۳۔ درودِ بیر

اَللّٰھُمَّ صَلِ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ درود بھیج آقا محمد ﷺ

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً

اور آپ ﷺ کی آل پر ایسا دُرود جو

دَآئِمَۃً مَّقبُولَۃً توَدِّی بِھا عَنَّا حَقَّہُ

ہمیشہ رہنے والا مقبول ہو کہ ادا فرمائے تو اس کے سبب ہماری طرف سے آپ ﷺ کے

العَظِیمَ ٥

عظیم حق کو

فضیلت:۔ یہ درود شریف جو کہ درود بیر کہلاتا ہے۔ دلائل الخیرات (درودوں کا مجموعہ) از سلیمان الجزولیؒ، سبب تالیف دلائل الخیرات بنا۔ اس کے ورد سے ایک نوعمر لڑکی اس مقام کو پہنچی کہ کنویں میں اس نے تھوک دیا تو پانی کنویں کے کناروں تک آ گیا اور ہر طرف لوگوں کو دستیاب ہوا۔

Marfat.com

التجا تجھ سے ہے رب العالمیں
نازل ہوں آقا ﷺ پہ ہر دم رحمتیں
لحظہ لحظہ انگنت ہوں برکتیں
ان ﷺ کی آل پاک پر بھی رحمتیں
ہیں بڑے احسان ان ﷺ کے اے کریم
ہم ادا کیوں کر کریں حقِ عظیم
دائمی مقبول ہو ربّ رحیم
ہم ہیں عاجز اور تو قادر کریم
بھیج تو ان ﷺ پر درود ایسا کریم
کر ادا جو ان ﷺ کا ہے حقِ عظیم

Marfat.com

۲۴۔ ایک درودِ پاک

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ جَزَی اللّٰہُ مُحَمَّدًا

صَلَی اَللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنَّا مَاھُوَاَھْلُہٗ O

ترجمہ:۔

اے اللہ محمد نبیٔ اُمّی ﷺ اوران ﷺ کی آل واولاد پر رحمت نازل فرما۔محمد ﷺ کو ہماری طرف سے وہ جزا دے جس کے وہؐ مستحق ہیں۔

فضیلت:۔ ابوالفضل بن زیرک قومانی (ہمدان) کواس درود پاک کے ورد کے باعث حضور ﷺ نے اس اعزاز سے نوازا کہ ان کوسلام کہلوایا۔

حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ اس درود پاک کا ثواب ستر فرشتے ایک ہزار دن تک لکھتے رہتے ہیں۔

(القول البدیع صفحہ ۱۷)

Marfat.com

محمد ﷺ پر الٰہی رحمتیں اور برکتیں ہوں
نبی ﷺ کی آل پر بھی رحمتیں ہوں

لقب اُمّی ہے لیکن علم ان ﷺ کا
علوم خلق میں سب سے سوا ہے

محمد ﷺ کا معلم تُو خدا ہے
براہ راست سب تیری عطا ہے

الٰہی ان ﷺ کو تو اچھی جزا دے
ہیں جس کے مستحق ایسی جزا دے

Marfat.com

۲۵۔ درودِ شافعی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ

اے اللہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر تمام ذکر کرنے والوں کے ذکر جتنا اور

وَکُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ ○

ذکر سے غافل رہنے والے کے برابر درود بھیج

۲۶۔ درودِ دہ ہزارہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا خْتَلَفَ الْمَلُوَان وَتَعَاقَبَ الْعَصْرَان وَکَرَّ الْجَدِیْدَانِ وَاسْتَقَلَّ الْفَرْقَدَانِ وَبَلِّغْ رُوْحَہٗ وَاَرْوَاحَ اَھْلِ بَیْتِہٖ مِنَّا التَّحِیَّۃَ وَالسَّلَامَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ عَلَیْہِ ○

ترجمہ: اے اللہ عزوجل ہمارے سردار محمد ﷺ اور ہمارے سردار محمد ﷺ کی آل پر درود بھیج جب تک دن گردش میں رہیں اور باری باری آئیں رات دن اور جب تک دو ستارے بلند ہیں اور ہماری طرف سے آپ ﷺ کے اور اہل بیت (رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین) کی ارواح کو سلام پہنچا اور برکت دے اُن پر اور بہت سلام بھیج۔

Marfat.com

یا الٰہی بھیج رحمت و برکت تو ذات محمد ﷺ پر
پڑھنے والے درودوں کے ہیں جو اس تعداد بھر
اور محروم سعادت ہیں جو اس تعداد بھر

فضیلت:۔ علامہ سخاوی لکھتے ہیں کہ حضرت علامہ عبداللہ بن حکم سے نقل ہے کہ میں نے امام شافعیؒ کو خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ آپؒ کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے کیا معاملہ فرمایا۔ امامؒ صاحب نے فرمایا کہ میری مغفرت کر دی میرے لئے جنت کو مثلِ دلہن سجایا مجھ پر ایسی بکھیر کی گئی جیسے دلہن پر کی جاتی ہے میں نے جو درود لکھا اس کی برکت سے

الٰہی سیّدنا محمد ﷺ پر ہو رحمتوں کا نزول
اور آلِ پاک پر ان ﷺ کی ہو برکتوں کا نزول
کہ جب تلک گردشِ لیل و نہار کا ہے اصول
کہ جب تلک دو ستارے بلند و روشن ہیں
وہ چاند سورج، کہ روشن زمیں کو کرتے ہیں
حضورِ پاک ﷺ کو اور اہلِ بیت کو ان ﷺ کے
نواز رحمت و برکت سے، سلام پہنچا دے

فضیلت:۔ تفسیر روح البیان میں درج ہے کہ یہ درود بڑا ہی بابرکت اور گوں ناگوں رحمتوں سے لبریز ہے۔ بادشاہ محمود غزنوی اس درود شریف کو برابر پڑھا کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے اس درود کے ورد کی بدولت ہر مہم میں کامیابی عطا فرمائی۔ اس درود کو ایک مرتبہ پڑھنے سے دس ہزار درود کے برابر ثواب ملتا ہے۔
(افضل الصلوٰۃ از یوسف نبہانی)۔ (القول البدیع، علامہ سخاوی صفحہ ۲۳۶)

Marfat.com

۲۷۔ درودِ حلّ المشکلات

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ حِیْلَتِیْ اَدْرِكْنِیْ
یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

ترجمہ:-

اے اللہ! ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود سلام اور برکت بھیج۔ یا رسول اللہ، میری سفارش کیجئے، میرا حیلہ اور کوشش تنگ آچکے ہیں۔

فضیلت:۔ یہ درود مشکلات کو آسان کرنے کیلئے بہت مؤثر ہے۔ دمشق کے مفتی حامد آفندی سخت مشکل میں تھے۔ رات کو آنکھ لگی تو حضور ﷺ نے خواب میں یہ درود پاک تعلیم فرمایا۔ جب درود پاک بیدار ہونے پر انہوں نے پڑھا تو اللہ تعالیٰ نے مشکل آسان کردی۔

مشکل کیسی بھی ہو یہ درود ہزار بار پڑھنا بہت مجرب ہے۔ (فتویٰ شامی از ابن عابدین)

Marfat.com

بھیج یا اللہ صلوٰۃ و سلام
خاص رحمت کا ہو نزول مدام

جملہ تدبیریں میری کم مایہ
اپنی جدوجہد کو کم پایا

یا الٰہی سنبھالئے مجھ کو
کیجئے آسانیاں عطا مجھ کو

پاؤں تیرے حبیب ﷺ کا صدقہ
میں وسیلہ پکڑتی ہوں ان ﷺ کا

Marfat.com

۲۸۔ درود عابدین

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ مِّلْءَ

اے اللہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر اتنی رحمت نازل کر کہ دنیا

الدُّنْیَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَۃِ وَارْحَمْ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اور آخرت بھر جائے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل کو اتنی

مِّلْءَ الدُّنْیَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَۃِ وَاجْزِ مُحَمَّدًا

جزا دے کہ اس سے دنیا اور آخرت بھر جائے اور محمد صلی اللہ

وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ مِّلْءَ الدُّنْیَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَۃِ وَ

علیہ وسلم اور ان کی آل پر اتنی

سَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ مِّلْءَ

سلامتی عطا کر کہ دونوں جہاں

الدُّنْیَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَۃِ ○

بھر جائیں

فضیلت:۔ درود العابدین مشہور بزرگ حضرت معروف کرخیؒ کا وظیفہ خاص ہے جو شخص یہ درود کثرت سے پڑھتا ہو اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں اپنی خاص رحمت سے مالا مال کر دیتا ہے۔ حاجت براری کے لئے اکتالیس روز تک روزانہ ۱۱ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔

ہر قسم کے امتحان میں کامیابی یا کسی نیک مقصد میں کامیابی کے لئے اس درود شریف کو ہر نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ چالیس روز تک پڑھا جائے۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ (القول البدیع از السخاوی ۷۹)

Marfat.com

تو رحمت کر محمد ﷺ اور ان ﷺ کی آل یہ مولیٰ
کہ ان ﷺ کی رحمتوں سے دو جہاں معمور ہو جائیں

جزا تو دے محمد ﷺ اور ان ﷺ کی آل کو مولیٰ
کہ دنیا اور عقبیٰ دو جہاں معمور ہو جائیں

سلام آقا ﷺ پہ ہو میرے اور ان ﷺ کی آل پر مالک
سلام اتنے کہ ان ﷺ سے دو جہاں معمور ہو جائیں

Marfat.com

۲۹۔ درودِ نوری

یَانُوْرُ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُوْرِ الْاَنْوَارِ

اے نور درود بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جو نوروں کا نور ہے جو

وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَسَیِّدِ الْاَبْرَارِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَ

اسراروں کا سر ہے اور جو ابراروں کا سردار ہے اور ان کی آل پر

صَحْبِہِ الْمُنَوَّرِیْنَ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ اَللّٰھُمَّ

اصحاب پر جو منور ہیں اور برکت وسلام بھیج اے اللہ

نَوِّرْ بِھَا سِرِّیْ وَسَرِیْرَتِیْ وَبَصَرِیْ وَبَصِیْرَتِیْ

منور کردے میری روح اور جسم کو اور میری آنکھوں کو اور میری بصیرت

وَدُنْیَایَ وَاَھْلِیْ وَعِیَالِیْ اِلٰی یَوْمِ

کو اور میرے دین اور دنیا کو اور میرے اہل و عیال کو روز

الْقِیٰمَۃِ ط

قیامت تک

فضیلت:۔ درود نوری کے ورد سے دل میں نور پیدا ہوتا ہے۔اس درود کا پڑھنے والا کبھی رحمتِ خداوندی سے محروم نہیں رہتا۔صبح وشام ۱۱، ۱۱ مرتبہ پڑھنے سے فلاح دارین حاصل ہوگی۔اگر کوئی ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ روزانہ پڑھتا ہے تو وہ ہمیشہ آنکھوں کی بیماری سے محفوظ رہے گا۔

اگر کوئی ہر جمعرات بعد نماز عشاء گیارہ جمعرات تک ۱۱ مرتبہ پڑھے گا تو اس کے اہل وعیال نیکی کے راستے پر گامزن اور فرمانبردار ہو جائیں گے۔اپنے نفس کی اصلاح کیلئے بھی اس درود کو بعد نماز فجر ۷ مرتبہ پڑھنا بہت مجرب ہے۔ (خزینۂ درود شریف از عالم فقری۔صفحہ ۲۳۷)

Marfat.com

نور ہے اللہ میرا نور ہے
نور ہے اللہ سراسر نور ہے
یا نور یا ربَّ العالمین
تو بھیج ان ﷺ پر رحمتیں
اور بھیج ان ﷺ پر برکتیں
اُمّت کے وہ ﷺ سردار ہیں
وہ ﷺ نور ہیں انوار کا
ہیں راز وہ ﷺ اسرار کا
نیکوں کے وہ ﷺ سردار ہیں
وہ آل پاک وہ مقرّبیں
اصحاب ان ﷺ کے بالیقیں
ان ﷺ پر سلام و رحمتیں
تو عطا کر نور میری روح کو
نور دے پیکر کو میری چشم کو
مجھے نور باطن تو کر دے عطا
میرے دین و دنیا کو روشن بنا
مری آل و اولاد کو نور دے
مرے اہلِ خانہ کو بھی نور دے
رہے زندگی میں بھی بارانِ نور
رہے حشر تک یوں ہی فیضانِ نور

Marfat.com

۳۰۔ درودِ فاتح

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ

اے اللہ درود اور سلام اور برکت بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم

نِ الْفَاتِحِ لِمَا أُغْلِقَ وَالْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ وَ

پر جو ہر بند چیز کو کھولنے والے ہیں اور آپ سابقہ کی انتہا ہیں اور

النَّاصِرِ الْحَقَّ بِالْحَقِّ وَالْهَادِیْ اِلٰی صِرَاطِكَ

آپ حق کی حق کے ساتھ مدد کرنے والے ہیں اور آپ صراط مستقیم کی ہدایت

الْمُسْتَقِیْمِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ

کرنے والے ہیں اے اللہ ان پر اور ان کی آل پر اور ان کے صحابہ پر

حَقَّ قَدْرِہٖ وَمِقْدَارِہِ الْعَظِیْمِ ○

عظیم قدر و منزلت کے مطابق درود بھیج۔

فضیلت:۔ یہ درود شریف حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے معمول میں تھا۔ اس کی بدولت آپ کو صدیق کا درجہ عطا ہوا۔

درود فاتح کا ایک مرتبہ پڑھنا دس ہزار مرتبہ پڑھنے کے برابر ہے۔ کچھ اولیاء فرماتے ہیں کہ اس درود کا ایک مرتبہ پڑھنا چار ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کے برابر ہے۔

حضرت ابوالمقارب فرماتے ہیں کہ اس درود شریف کو جو شخص ۴۰ دن پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے جتنے گناہ ہیں سب بخش دے گا۔ (سعادت الدارین صفحہ ۶۳۷)

Marfat.com

سلام و برکتیں ہوں یا الٰہی میرے آقا ﷺ پر
نزول رحمتِ بے پایاں ہر دم میرے آقا ﷺ پر

تمام اصحاب پر بادل تو برسا اپنی رحمت کے
مطابق تیری عظمت کے مطابق تیری قدرت کے

مرے آقا ﷺ ہوئے فاتح ہر ایک دشوار حالت کے
وہ ﷺ فاتح نور کے، فاتح ہیں وہ ﷺ ابوابِ رحمت کے

وہ ﷺ فاتح ہیں انہوں ﷺ نے خیر کی راہوں کو کھولا ہے
وہ ﷺ فاتح ہیں انہوں ﷺ نے بند دروازوں کو کھولا ہے

وہ ﷺ خاتم انبیاء کے ہیں، وہ ﷺ خاتم ہیں رسالت کے
ہوئی تکمیلِ دیں اُن ﷺ پر وہی ﷺ شہکار قدرت کے

علمبردار ہیں آقا ﷺ جہاں میں حق کی نصرت کے
وہی ﷺ تو رہبرِ اعظم ہوئے راہِ ہدایت کے

Marfat.com

۳۱۔ درودِ حضوری

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ مَلَأَتْ

اے اللہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایسا درود بھیج کہ جس سے ان کا دل تیرے

قَلْبُہٗ مِنْ جَلَالِکَ وَعَیْنُہٗ مِنْ جَمَالِکَ

جلال اور ان کی آنکھیں تیرے جمال میں تر رہیں پھر سرور تائید

فَاَصْبَحَ فَرِحًا مَّسْرُوْرًا مُّؤَیَّدًا مَّنْصُوْرًا وَّعَلٰی

اور فتح سے صبح کرے اور آپ کی آل پر اور

اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا ○

آپ کے صحابہ پر سلامتی و تسلیم نازل فرما۔

فضیلت:۔ حضرت شیخ عبداللہ بن نعمانؒ نے ایک مرتبہ خواب میں حضور ﷺ کو دیکھا تو عرض کیا ''یارسول اللہ ﷺ میں کون سا درود پڑھوں جو آپ ﷺ کو سب سے زیادہ پسند ہو'' ارشاد فرمایا۔ ''درود حضوری پڑھا کرو۔ چنانچہ اس کے بعد حضرت شیخ عبداللہ بن نعمانؒ اپنی بقیہ زندگی میں یہی درود پڑھتے رہے۔

(خزینۂ درود شریف از عالم فقری۔ صفحہ ۳۰۱)

Marfat.com

الٰہی بھیج آقا ﷺ پہ ایسی رحمت و اکرام
ہوان ﷺ کی آل اوراصحاب پر ہر آن سلام

اور رحمت ایسی کہ جس کے ذریعے سے
کرم میں تیرے ہر آن اضافہ ہو مُدام

ہے قلب ان ﷺ کا جلال الٰہی سے معمور
ہیں آنکھیں ان ﷺ کی جمال الٰہی سے پُر نور

سرور و کیف سے ہر صبح کا ان ﷺ کی ہے ظہور
صبح ہر رات کی تائید سے تیری منصور

سماعت ان ﷺ کی کلام الٰہی سے معمور
خطابِ حق نے دیا ذات مصطفیٰ ﷺ کو سُرور

Marfat.com

۳۲۔ درودِ نورالقیامیہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَحْرِ اَنْوَارِكَ وَمَعْدِنِ

اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا محمد پر جو سمندر ہیں تیرے انوار کے جو کان ہیں تیرے

اَسْرَارِكَ وَلِسَانِ حُجَّتِكَ وَعَرُوْسِ مَمْلَكَتِكَ وَاِمَامِ

اسرار کی اور جو زبان ہیں تیری روشن دلیل کی، اور جو دولہا ہیں تیری مملکت کے اور جو امام ہیں

حَضْرَتِكَ وَطِرَازِ مُلْكِكَ وَخَزَآئِنِ رَحْمَتِكَ وَطَرِيْقِ

تیری بارگاہ کے اور جو زینت ہیں تیرے ملک کے اور خزانے ہیں تیری رحمت کے اور جو راستہ

شَرِيْعَتِكَ الْمُتَمَدِّدِ بِتَوْحِيْدِكَ لِاِنْسَانِ عَيْنِ الْوُجُوْدِ

ہیں تیری شریعت کا اور جو لذت پانے والے ہیں تیری توحید سے جو پتلی ہیں وجود کی آنکھ کی

وَالسَّبَبِ فِیْ كُلِّ مَوْجُوْدٍ عَيْنِ اَعْيَانِ خَلْقِكَ

اور جو سبب ہیں ہر موجود کے وجود کے اور جو آنکھ ہیں تیری مخلوق کے برگزیدوں کے

الْمُتَقَدِّمِ مِنْ نُوْرِ رِضَائِكَ صَلٰوةً تَدُوْمُ بِدَوَامِكَ

اور پہلے ظاہر ہونے والے ہیں تیری ذات کی تجلی کے نور سے ایسا درود جو ہمیشہ رہے تیرے

وَتَبْقٰی بِبَقَائِكَ لَا مُنْتَهٰی لَهَا دُوْنَ عِلْمِكَ

دوام کے ساتھ اور نہ انتہا ہو اس کی سوا تیرے علم کے

صَلٰوةً تُرْضِيْكَ وَتُرْضِيْهِ وَتَرْضٰی بِهَا عَنَّا

ایسا درود کہ خوش کردے تجھے اور خوش کردے آپ کو اور خوش ہو جائے تو اس کے سبب ہم

يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ○

سے یارب العالمین۔

فضیلت:۔ جو شخص یہ درود نورالقیامیہ پڑھتا ہے اس کے اعمال پاکیزہ اور دل روشن ہو جائے گا اور آخر وصلِ رسول اللہ ﷺ کا مقام حاصل ہوگا۔ یہ درود پڑھنے والے کو بکثرت نور حاصل ہوگا اور اس کا ثواب چودہ ہزار درود شریف کے برابر ہے۔ (سعادت الدارین صفحہ ۶۳۵)

Marfat.com

یہی ہے التجا میری الٰہی بھیجئے رحمت
مرے آقا محمد ﷺ پر الٰہی بھیجئے رحمت

جو ﷺ سمندر ہیں ترے انوار کا
اور معدن ہیں ترے اسرار کا

تیری روشن دلیل کے وہ ﷺ زباں
وہ ﷺ عروسِ مملکتِ دو جہاں

بارگاہِ الٰہی کے ہیں پیشوا
زینت و آرائشِ ملکِ خدا

تری رحمتوں کا خزانہ ہیں وہ ﷺ
تری شریعت کا راستہ ہیں وہ ﷺ

تیری توحید سے لذت ہیں پاتے
آنکھوں کی پُتلی ہیں موجودات کے

Marfat.com

حق نے اپنی ذات کے انوار سے
ان ﷺ کا نوری وجود پیدا کیا
بعد میں مخلوق کو پیدا کیا
ہیں سبب گویا وہ ﷺ موجودات کے

جتنے اخیار خلقِ الٰہی میں ہیں
انبیاء و رسل، ملائکہ مقربیں
اور بندے تیرے سب صالحیں
مرے آقا ﷺ آنکھ ہیں اخیار کے

بھیجئے ان ﷺ پر سدا رحمت اور سلام
جو قائم رہے اور رہے جو مدام
ہو نہ اس کی کبھی کوئی انتہا
جیسا کہ علم تیرا ہے لا انتہا

ایسا درود جس سے کہ بالیقیں
ہو تو راضی اور راضی ہوں وہ ﷺ

Marfat.com

راضی ہو جائے تو اس کے سبب
ہم سے بھی راضی ہو ربّ العالمیں

اعداد، جن کی گنتی نہ کوئی کر سکے
اعداد، جن کا احاطہ کیا علم نے ترے
اعداد، جو مذکور ہیں تیری کتاب میں
اعداد، جو کہ تیرے قلم نے رقم کئے

بارش کی بوندیں ، اور سنگ و خشت
دریاؤں کے پانی کے قطرے اور درخت
جتنے ملائک آج تک پیدا کئے
مخلوق میں جو آج تک پیدا کئے

بھیج اتنی رحمتیں کہ انگنت تعداد ہو
حمد ہے زیبا فقط اللہ کو

Marfat.com

۳۳۔ درودِ مقرب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْہُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَکَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ ۝

ترجمہ:۔

اے اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج اور قیامت کے دن انہیں بلند مقام پر بٹھا جو تیرے نزدیک مقرب ہو۔

فضیلت:۔ حضرت رویفع بن ثابتؓ سے روایت ہے کہ درود مقرب پڑھنے والے کو آخرت میں نبی کریم ﷺ کی شفاعت لازماً نصیب ہوگی۔ بعد نماز فجر یہ درود روزانہ ۴۱ بار پڑھے۔ (سعادت الدارین صفحہ ۴۱۰)

۳۴۔ درودِ باطن

صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ صَلٰوۃً

اے اللہ اپنے امی نبی پر درود بھیج اور ان کی آل پر اور سلامتی بھیج

وَّسَلَامًا عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ط

اللہ کے رسول آپ پر صلوٰۃ اور سلام

فضیلت:۔ جو شخص اللہ کے رسول ﷺ کی لفظ امی سے صفت بیان کرے تو اللہ اس کو بھی علمِ لدنی سے نوازتا ہے۔ اسے رات دن کثرت سے پڑھنے والا انسان مستجاب الدعوات ہو جاتا ہے۔ نماز جمعہ کے بعد مدینہ منورہ کی طرف منہ کر کے اس درود کو ۱۱۱ مرتبہ پڑھے تو دین و دنیا میں فلاح پائے۔

(سعادت الدارین از علامہ یوسف نبہانی۔ صفحہ ۶۳۷)

Marfat.com

تو نازل کر محمد ﷺ پر وہ رحمت

عطا کر تو انہیں ﷺ روزِ قیامت

مقام محمود ہو، منصب شفاعت

ترے نزدیک ہو سب سے مقرب

عطا کر تو عطا کر ان ﷺ کو یارب

درود بھیج الٰہی نبیٔ امّی ﷺ پر

براہ راست جنہیں ﷺ تو نے سارا علم دیا

سلامتی ہو بہت آپ ﷺ پر رسول اللہ ﷺ

نزولِ رحمت و برکت ہو آپ ﷺ پر آقا ﷺ

اور آلِ پاک نبی ﷺ پہ ہو رحمتوں کی عطا

Marfat.com

۳۵۔ درودِ خاص

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ یَا مُحَمَّدُ
نُوْرٌ مِّنْ نُّوْرِ اللّٰہِ

ترجمہ :- درود ہو آپ پر اے محمّد (صلّی اللہ علیہ وسلّم) جو نور ہیں اللہ کے نور سے۔

فضیلت:۔ درود خاص کے پڑھنے سے ہر قسم کی مصیبتیں پریشانیاں دور ہو جاتی ہیں۔ خاص مصیبت یا رنج و ابتلاء کے وقت ۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھے اور سجدے میں دُعا کرے۔ (بحوالہ جمال و کمال درود شریف از افضل سرکار۔ صفحہ 57)

۳۶۔ درودِ سعادت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

یا اللہ ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج اس تعداد کے مطابق جو

مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰہِ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِ

تیرے علم میں ہے ایسا درود جو اللہ تعالےٰ کے دائمی ملک

مُلْکِ اللّٰہِ ط

کے ساتھ دوامی ہے

فضیلت:۔ درود سعادت کے پڑھنے سے دین و دنیا میں سعادت حاصل ہوتی ہے۔ جو ایک بار خلوصِ دل سے یہ درود پڑھے اسے چھ لاکھ درود کا ثواب ملے گا۔ (بحوالہ بیاض سید علی بن یوسف مدنی۔ شیخ الدلائل)

Marfat.com

ہو درود آپ ﷺ پر اے حضور ﷺ

نور سے اللہ کے ہے آپ ﷺ کا نور

رحمتیں تیری ہوں میرے سرکار ﷺ پر انگنت

جتنے علم الٰہی میں اعداد ہیں انگنت

ایسی بے پایاں رحمت جو قائم رہے اور ہمیشہ رہے

جس طرح بادشاہت تری ہے اور ہمیشہ رہے

Marfat.com

۳۷۔ مناجات الحبیب من بعید والقریب للشیخ برھان الدین ابراہیم شاذلی رضی اللہ عنہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ۝
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا صَفْوَۃَ اللّٰہِ ۝
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حَبِیْبَ الْاِلٰہِ الْمَعْبُوْدِ ۝
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ جَاءَ بِالْاَحْکَامِ وَالْحُدُوْدِ ۝
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا دَالًّا عَلَی الْحَقِّ الْمَشْھُوْدِ ۝
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مُفِیْضَ الشُّھُوْدِ ۝
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا عَیْنَ الْوُجُوْدِ ۝
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سِرَّ کُلِّ مَوْجُوْدٍ ۝
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ وَعَلٰی ضَجِیْعَیْکَ وَاٰلِکَ وَ جَمِیْعِ صَحْبِکَ مَادَامَ التَّعَرُّفُ ۝ وَانْتِحَالُ التَّعْطِیْلِ وَالتَّوَقُّفِ ۝

(سعادۃ الدارین صـ۲۶۱)

ترجمہ :- درود اور سلام ہو آپ پر اے اللہ کے رسول
درود اور سلام ہو آپ پر اے اللہ کے برگزیدہ
درود اور سلام ہو آپ پر اے حبیب الٰہِ معبود کے
درود اور سلام ہو آپ پر جو آئے احکام اور حدود کے ساتھ
درود اور سلام ہو آپ پر اے دلالت کرنے والے مشہود پر
درود اور سلام ہو آپ پر اے وجود کے اصل۔
درود اور سلام ہو آپ پر اے ہر موجود کے سر
درود اور سلام ہو آپ پر اور آپ کی بیویوں پر اور آپ کے آل اور آپ کے تمام اصحاب پر جب تک رہے شناخت۔

Marfat.com

ہو آپ ﷺ پر درود و سلام اے رسول اللہ کے

ہو آپ ﷺ پر درود و سلام اے برگزیدۂ اللہ کے

ہو آپ ﷺ پر درود و سلام اے حبیب اللہ کے

ہو آپ ﷺ پر درود و سلام جو حدود و احکام لائے

ہو آپ ﷺ پر درود و سلام اے دلالتِ شہود

ہو آپ ﷺ پر درود و سلام اے اصلِ وجود

ہو آپ ﷺ پر درود و سلام اے راز موجودات کے

ہو آپ ﷺ پر درود و سلام اور آپ ﷺ کی ازواج پر

ہو آپ ﷺ پر درود و سلام اور آپ ﷺ کی اولاد پر

ہو آپ ﷺ پر درود و سلام اور آپ ﷺ کے اصحاب پر

جس وقت تک باقی رہے ٹھہراؤ اور شناخت

فضیلت:۔ بعض لوگ درود شریف بہ صیغہ خطاب میں کبیدہ خاطر ہوتے ہیں لیکن حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی فرماتے ہیں کہ عالمِ امر جہت و زماں کے ساتھ مقید نہیں ہوتا لہٰذا بہ صیغۂ خطاب پڑھنے میں کوئی شک نہیں۔ جو شخص گنبد حضرا سے وریعنی اپنے ملک میں یہ رود پاک پڑھے وہ یوں تصور کرے کہ میں سیدد عالم ﷺ کے سامنے حاضر ہوں اور اپنے آقا کو خطاب کر رہا ہوں۔ (سعادت الدارین صفحہ ۲۶۱)

Marfat.com

۳۸۔ درود افضل

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ

اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم جو تیرا بندہ اور

نَبِیِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَ

تیرا نبی اور تیرا رسول نبی امی ہے اور آپ کی آل پر اور

اَزْوَاجِهٖ وَذُرِّیَّتِهٖ وَسَلِّمْ عَدَدَ

آپ کی ازواج پر اور آپ کے اولاد ذروں پر نور خلقت تعداد

خَلْقِكَ وَرِضَا نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ

کے برابر اور اپنی ذات کی رضا کے مطابق اور اپنے عرش کے وزن کے

وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ ط

مطابق اور کلموں کی سیاہی کے مطابق سلام ہو

فضیلت:۔ درود افضل ہر روز ۴۱ مرتبہ پڑھنے والے پر ہمیشہ اللہ کی رحمت ہے۔ اگر کوئی درود افضل کو بعد نماز فجر ۱۰۰ مرتبہ ۴۰ دن تک پڑھے تو اس کی ہر مشکل آسان ہو جائے گی۔ (القول البدیع۔ از علامہ سخاوی صفحہ ۱۰۲)

Marfat.com

الٰہی بھیج رحمت تو سیّدنا محمد ﷺ پر

جو تیرے بندے اور ہیں تیرے نبی ﷺ

رسول ﷺ تیرے اور ہیں نبی اُمّی ﷺ

براہ راست تو استاد ان ﷺ کا

ملا ہے علم ان ﷺ کو سب سے بڑھ کر

وہ ﷺ ہیں علّام، پر اُمّی لقب ہے

تو ان ﷺ کی آل اور ازواج پر

اقرباء، اصحاب و ذرّیات پر

جمیع مخلوق کی تعداد برابر

مطابق رضائے ذات کے تیری

ترے عرش کے وزن کے مساوی

تیرے کلمات لکھنے کو سیاہی

کہاں سے وہ آئے، ہے درکار جتنی

سمندر سات ہیں دنیا کے اندر

مزید مل جائیں گر اتنے سمندر

اسی مقدارِ سیاہی کے برابر

سلام ان ﷺ پر اسی مقدار جتنے

Marfat.com

۳۹۔ درودِ مجتبیٰ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی حَبِیْبِكَ الْمُجْتَبٰی وَرَسُوْلِكَ

اے اللہ رحمت سلام اور برکت بھیج اپنے مقبول حبیب پر اور اپنے برگزیدہ

الْمُرْتَضٰی وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ ۝

رسول پر اور آپ کی آل پر اور سب صحابہ پر

۴۰۔ درود قصیدہ بردہ شریف

یا درودِ بوصیریؒ

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا

اے میرے مولا تو اپنے حبیب پر ہمیشہ ہمیشہ درود و

عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

سلام بھیج جو تیری مخلوق میں سب سے بہتر ہیں

یا اس طرح پڑھیں

یَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا

اے پروردگار تو اپنے حبیب پر ہمیشہ ہمیشہ درود و

عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

سلام بھیج جو تیری مخلوق میں سب سے بہتر ہیں

Marfat.com

سردار انبیاء کے، برگزیدہ رسول ﷺ ہیں
جو تجھے محبوب اور مقبول ہیں
سلام، رحمت و برکت ہو آپ ﷺ پر
اور آپ ﷺ کی اولاد اور اصحاب پر

مرے مولا بھیجئے درود و سلام دائماً ان ﷺ پر
جو ہیں حبیب ﷺ تیرے اور مخلوق میں سب سے بہتر

فضیلت:۔ درود قصیدہ بُردہ شریف امام بوصیریؒ کے قصیدہ بُردہ شریف کے دیباچہ کا شعر ہے جو درود بوصیری کے نام سے مشہور ہے۔ جو شخص یہ درود روزانہ سو مرتبہ صبح اور سو مرتبہ شام پڑھے اس کا دل عشقِ رسول ﷺ سے موجزن ہو جائے گا۔

Marfat.com

۴۱۔ درودِ محمدی ﷺ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد اور حضرت

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِیِّ

محمد کی آل و اولاد پر جو ہیں بندے رسول نبی ان پڑھ

الْاُمِّیِّ بِعَدَدِ اَنْفَاسِ الْخَلَآئِقِ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً

اس مقدار میں کہ تعداد ہر اتنی جتنی مخلوق سانس لیتی ہے درود

بِدَوَامِ خَلْقِ اللّٰہِ ط

اتنا جب تک قائم رہے اللہ کی مخلوق

فضیلت:۔ درود محمدی کو کسی بھی نماز کے بعد ایک مرتبہ ضرور پڑھ لے تو وہ ہمیشہ اللہ کی رحمت میں رہے۔

(خزینۂ درود شریف از عالم فقری۔ صفحہ ۲۳۲)

Marfat.com

سیّدنا محمد ﷺ اور ان ﷺ کی آل پر مولیٰ
ترے بندوں میں جو ہیں سب سے اعلیٰ

تیرے رسولوں میں سب سے افضل
بنایا تو نے ان ﷺ کو عبدِ اکمل

لقب امّی تو نے ہی ان ﷺ کو دیا
تو راست ان ﷺ کا معلّم ہوا

تو بھیج تا وقت ان ﷺ پر رحمت
رہے گی مخلوق جب تک باقی

کہ مقدار اور تعداد جس کی
ہو انفاسِ مخلوق کے مساوی

Marfat.com

۴۲۔ درودِ کوثر

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ
وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ
وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی النَّبِیِّیْنَ
وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْمُرْسَلِیْنَ
وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی
اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ

ترجمہ :-

اے اللہ! درود بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اوّلین میں اور درود بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر آخرین میں اور درود بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نبیوں میں اور درود بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر مرسلین میں اور درود نازل کر ہمارے سردار محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر ملا اعلیٰ میں قیامت کے دن تک۔

Marfat.com

محمد ﷺ پر تو رحمت کر الٰہی اوّلیں میں سے
محمد ﷺ پر تو رحمت کر الٰہی آخریں میں سے
محمد ﷺ پر تو رحمت کر الٰہی سارے نبیوں میں
محمد ﷺ پر تو رحمت کر الٰہی سب رسولوں میں
محمد ﷺ پر تو رحمت کر ملاء اعلیٰ کے مکینوں میں
محمد ﷺ پر تو رحمت کر تا ابد یوم قیامت تک

فضیلت:۔ جو یہ چاہے کہ کسی قسم کا ملال قیامت میں نہ ستائے تو درود کوثر کا ورد رکھا کرے۔
اس درود کے پڑھنے والے کو قیامت کے دن پیاس کی شدت نہ ستائے گی کیونکہ اسے حسب خواہش جام کوثر سے نوازا جائے گا۔ (سعادت الدارین صفحہ ۶۳۸)

Marfat.com

۴۳۔ درودِ عاشقین

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَحْبُوْبِنَا
وَمَوْلَانَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ
الْھَاشِمِیِّ الْقُرَشِیِّ الذَّکِیِّ الْمَدَنِیِّ الْعَرَبِیِّ وَعَلٰی
اٰلِ سَیِّدِنَا وَحَبِیْبِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ
عَبْدِ الْمُطَّلِبِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحِجَازِیِّ الْحَرَمِیِّ
بِقَدْرِ حُسْنِہٖ وَجَمَالِہٖ ۝

ترجمہ:-

اے اللہ! درود سلام بھیج ہمارے سردار اور ہمارے محبوب اور ہمارے والی محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم بن عبداللہ بن عبدالمطلب ہاشمی قریشی پاک مدنی عربی پر اور ان کی آل پر اور ہمارے حبیب محمدؐ بن عبداللہ بن عبدالمطلب اُمّی نبی حجازی حرمی پر ان کے حسن وجمال کے مطابق۔

Marfat.com

ہمارے سردار ﷺ پہ الٰہی درود و سلام بھیج

ہمارے محبوب ﷺ پہ الٰہی درود و سلام بھیج

ہمارے والی ﷺ پہ الٰہی درود و سلام بھیج

جو محمد ﷺ ابنِ عبد اللہ ابنِ عبد المطلب

سردار اور محبوب ﷺ پر اور ان ﷺ کی آلِ پاک پر

یعنی محمد ﷺ ابنِ عبد اللہ ابنِ عبد المطلب

اولادِ بنی ہاشم، قبیلہ ہے قریش ان کا

مدینہ دار الہجرت اور ملک عرب ان کا

حجازی ہیں وہ ﷺ اُمّی ہیں نبی حرمین کے

بقدر حسنِ ظاہر اور باطن آپ ﷺ کے

فضیلت:۔ درود العاشقین کا کثرت سے ورد عشقِ رسول ﷺ کے فروغ کا ذریعہ ہے۔اس درود کا پڑھنے والا عاشقِ بامراد اور عاشقِ صادق بن جاتا ہے۔(جمال وکمال درود شریف از شاہ محمد افضلؒ ۔صفحہ ۱۵۷)

Marfat.com

۴۴۔ درودِ نور

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُوْرِ الْاَنْوَارِ
وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَسَیِّدِ الْاَبْرَارِ ط

ترجمہ:-

الٰہی درود بھیج اوپر ہمارے سردار حضرت محمدؐ
صلی اللہ علیہ وسلم کے جو نوروں کا نور ہے اور
اسراروں کا سر ہے اور سردار نیکوں کا ہے۔

Marfat.com

محمد ﷺ میرے آقا ﷺ سب کے آقا ﷺ

جو ﷺ نور ہیں انوار کا

اور راز سب اسرار کا

نیکوں کے وہ ﷺ سردار ہیں

تو بھیج ان ﷺ پر رحمتیں

نازل ہوں ان ﷺ پہ برکتیں

فضیلت:۔ درود نور ایک اسمِ اعظم ہے۔ جمعہ کے دن کم از کم ایک سو مرتبہ اس درود کا پڑھنا دل میں نور پیدا کرتا ہے۔ (صفحہ ۱۶۰۔ جمال وکمال درود شریف از افضل سرکار)

Marfat.com

۴۵۔ درودِ خمسہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی اَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا اَمَرْتَنَا بِالصَّلٰوۃِ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تَنْبَغِی الصَّلٰوۃُ عَلَیْہِ ۝

ترجمہ:۔

اے اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اس تعداد میں صلوٰۃ بھیج جتنی کہ بھیجی گئی ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنی چاہت اور رضا کے مطابق رحمت نازل کر جیسا کہ تو نے نازل کی ہے، اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر رحمت نازل فرما جیسا کہ تو نے ہمیں اُن پر درود بھیجنے کا حکم دیا ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج جیسا کہ ان پر درود بھیجنے کا حق ہے۔

Marfat.com

تو اس تعداد میں بھیج ان ﷺ پر رحمت
کہ جس تعداد میں بھیجی گئی ہے
بقدر اپنی محبت اور رضا کے
محمد ﷺ پہ تو اپنی بھیج رحمت
محمد ﷺ پر تو کر رحمت وہ نازل
وہ رحمت جس کا حق ہے ان ﷺ کو حاصل
درود بھیجیں نبیٔ پاک ﷺ پر سب
عمل ہے تیری جانب سے یہ واجب

فضیلت:۔ درود خمسہ کا ورد ہر مہم میں یقینی کامیابی کی دلیل ہے۔ حاجات کے پورا ہونے کے لئے ہر روز بعد نماز عشاء سو مرتبہ پڑھنا بہت مجرب ہے۔ اس درود پاک کو روزانہ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھنا مرنے کے بعد قبر میں سوال و جواب میں آسانی، راحت اور مغفرت کا سبب بنے گا۔ (تحفۃ المقاصد)

Marfat.com

۴۶۔ درودِ کشف

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی نَبِیِّ الرَّحْمَۃِ شَفِیْعِ الْاُمَّۃِ

اے اللہ اپنے نبی رحمت امت کی شفاعت کرنے والے اور پوشیدہ

کَاشِفُ الْغُمَّۃِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَ

بھیدوں کے کھولنے والے پر اور ان کی آل اور اصحابہ پر درود

بَارِكْ وَسَلِّمْ

برکت اور سلام بھیج۔

۴۷۔ درودِ تعلق

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی رَسُوْلِكَ الْمَبْعُوْثِ

اے اللہ درود سلام اور برکت بھیج اپنے رسول رحمت العالمین پر جو

رَحْمَۃً لِّلْعَالَمِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ

مبعوث کیے گئے اور آپ کی آل اور صحابہ پر بھی

Marfat.com

نبیَ رحمت ﷺ پہ یا الٰہی، شفیعِ اُمّت پہ یا الٰہی
جنہوں نے اسرارِ غیب کھولے نبی اُمّی ﷺ پہ یا الٰہی
سلام و برکت اور نزولِ رحمت ہو یا الٰہی
نبیَ اکرم ﷺ و آلِ اطہر و کل صحابہ پہ یا الٰہی

فضیلت:۔ اگر کوئی بلاناغہ روزانہ اس درود کو چند بار پڑھنا معمول بنالے تو اس پر اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کی بارش کردے گا۔ گناہ معاف، رزق و دولت میں خیر و برکت اور خاتمہ ایمان پہ ہوگا۔

(خزینہ درود شریف از عالم فقری۔ صفحہ ۲۲۶)

نزولِ رحمت و برکت سدا ذاتِ مقدس ﷺ پر
ہوئے مبعوث عالم رحمۃ للعٰلمین بن کر
سلام اُن ﷺ پہ بہت ارسال کر اور وہ بھی متواتر
نبی ﷺ کی آل پہ، اصحاب بھی ہوں ان سے بہرہ ور

فضیلت:۔ درود تعلق کے بکثرت ورد سے حضور ﷺ سے ایک خاص تعلق اور رابطہ پیدا ہو جائے گا اور سب سے بڑھ کر یہ کہ میدانِ حشر میں بھی حضور ﷺ کا ساتھ ہوگا۔ (خزینۂ درود شریف از عالم فقری)

Marfat.com

۴۸۔ درودِ تامّہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَآ اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی سَیِّدِنَآ اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَآ اِبْرَاھِیْمَ فِی الْعَالَمِیْنَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ، اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ۔

ترجمہ:۔ یا اللہ درود بھیج ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور ہمارے سردار محمد ﷺ کی آل پر جیسا کہ درود بھیجا تو نے ہمارے سردار ابراہیم (علیہ السلام) اور ہمارے سردار ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر اور برکت نازل فرما ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور ہمارے سردار محمد ﷺ کی آل پر جیسے کہ تو نے برکت نازل کی ہمارے سردار ابراہیم (علیہ السلام) پر اور ہمارے سردار ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر دنوں جہانوں میں بے شک تو حمید و مجید ہے۔ سلام ہو آپؐ پر اے نبی اور برکت و رحمۃ۔

Marfat.com

نزول رحمت ہو سیّدنا محمد ﷺ اور ان ﷺ کی آل پر مولا
کہ جیسے کی ہے رحمت ابراہیمؑ اور انؑ کی آل پر مولا
یہ رحمت ہے تری جانب سے دونوں ہی جہانوں میں
بلا شک لائق حمد و ثناء تو ہے بزرگی والا
نزول برکت ہو سیّدنا محمد ﷺ اور ان ﷺ کی آل پر مولا
کہ جیسے کی ہے برکت ابراہیمؑ اور انؑ کی آل پر مولا
یہ برکت ہے تری جانب سے دونوں ہی جہانوں میں
بلاشک لائقِ حمد و ثناء تو ہے بزرگی والا
ہو سلام آپ ﷺ پر یا نبی ﷺ، رحمت و برکت کا نزول

فضیلت:۔ درود تامہ کی فضیلت اس واقعہ سے عیاں ہوتی ہے کہ ابوالمواہب شاذلیؒ خواب میں حضور ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ ارشاد فرمایا "درود تامہ" پڑھا کرو خواہ ایک ہی مرتبہ اول و آخر پڑھ لیا کرو"۔

(سعادت الدارین۔ صفحہ ۲۰۹)

Marfat.com

۴۹۔ درودِ مطاہر

مُنہ کی بدبو زائل کرنے کا نسخہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الطَّاھِرِ

ترجمہ: اے اللہ نبیٔ طاہر (پاک وصاف نبی) پر
رحمتیں اور سلام نازل فرما۔

فضیلت: ایک ہی سانس میں گیارہ مرتبہ یہ درود پاک پڑھ لیجئے۔
بدبودار چیزیں وغیرہ کھانے سے مُنہ میں بدبو پیدا ہو جاتی ہے اُسے زائل
کرنے کا مجرب نسخہ ہے۔ (افضل الصلوٰۃ ص۱۸۲)

Marfat.com

الٰہی رحمت نازل کر تو سیّدنا محمد ﷺ پر

سلامتی ہو محمد ﷺ کی آل اطہر پر

مشہور ہیں امّی لقب وہ ﷺ اس لئے

اصل و باعث ہیں وہ ﷺ موجدات کے

وہ نفس پاک ہیں، پیدا ہوئے پاک

الم نشرح لکَ صدرکَ کے مصداق

ہوا شقِ صدر اور دل ہوا پاک

ہوا وہ قلبِ اطہر اور بھی پاک

ہیں طاہر اور مطہّر آپ ﷺ بے شک

Marfat.com

۵۰ نبیٔ اکرم، نورِ مجسّم صلّی اللہ علیہ وسلّم کا درود پاک

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا" ہم نے دربارِ رسالت میں عرض کی یا رسول اللہ! ہم نے حضور پر سلام عرض کرنے کا طریقہ جان لیا، لیکن حضور یہ فرمائیے کہ ہم حضور پر دُرودِ پاک کیسے پڑھیں؟ تو سرکارِ دوعالم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا یوں پڑھو:-

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلٰوتِکَ وَرَحْمَتِکَ وَبَرَکَاتِکَ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَاِمَامِ الْمُتَّقِیْنَ وَخَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ اِمَامِ الْخَیْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَۃِ ۝ اَللّٰھُمَّ ابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا یَّغْبِطُ بِہِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اَبْلِغْہُ الْوَسِیْلَۃَ وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ مِنَ الْجَنَّۃِ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ فِی الْمُصْطَفِیْنَ مَحَبَّتَہٗ وَفِی الْمُقَرَّبِیْنَ مَوَدَّتَہٗ وَفِی الْاَعْلِیِّیْنَ ذِکْرَہٗ وَالسَّلَامُ عَلَیْہِ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا

Marfat.com

سلام و رحمت و برکت الٰہی بھیج حضرت ﷺ پر

کہ سردارِ رُسل بھی اور امام متقیں ہیں جو

وہ سیدنا محمد ﷺ جو کہ خاتم ہیں نبوت کے

رسول ﷺ اللہ کے ہیں اور وہ ﷺ اللہ کے بندے

امامِ خیر ہیں وہ ﷺ اور رسولِ رحمت و برکت

مقام محمود پر مبعوث فرما تو انہیں ﷺ مولا

کہ جس پر اوّلین و آخریں سب رشک کرتے ہیں

وسیلہ ہو عطا، درجہ رفیعہ کا انہیں ﷺ دیدے

قلوب برگزیدہ کو عطا کر آپ ﷺ کی الفت

مُقرّب بندوں کو مولا عطا ہو آپ ﷺ کی چاہت

کہ علّیین میں ہوتا ہے بے حد تذکرہ ان ﷺ کا

سلام ہو آپ ﷺ پر اے نبی ﷺ اور رحمت و برکت

Marfat.com

بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ
حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ (سعادت الدارین ص۱۷)

ترجمہ :- اے اللہ اپنی صلوٰۃ اور رحمت اور برکت بھیج
سیّد المرسلین امام المتقین خاتم النّبیّین محمّد صلّی اللہ
علیہ وسلّم پر جو تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں
خیر کے امام اور رحمت کے رسول ہیں اے اللہ ان کو
مقامِ محمود پر معبوث فرما جس پر رشک کرتے ہیں
اوّلین و آخرین اے اللہ درود بھیج محمّد پر اور پہنچا دے
آپ کو وسیلہ اور درجۂ رفیعہ کو جنّت سے اے اللہ پیدا
فرما برگزیدہ لوگوں میں آپ کی محبّت اور مقرّبوں
میں آپ کی مُوَدّت اور اعلیّین میں آپ کا ذِکر اور سلام
ہو آپ پر اور اللہ کی رحمت و برکتیں اے اللہ درود بھیج
محمّد پر جیسا کہ تو نے درود بھیجا ابراہیم اور ابراہیم کی
آل پر بیشک تو تعریف کیا گیا ہے بزرگ ہے۔

اے اللہ برکت نازل فرما محمّد پر جیسا کہ تو نے برکت
نازل فرمائی ابراہیم اور ابراہیم کی آل پر بیشک
تو تعریف کیا گیا ہے بزرگ ہے۔

Marfat.com

نزول رحمت ہو سیّدنا محمد ﷺ اور ان ﷺ کی آل پر مولا

کہ جیسے کی ہے رحمت ابراہیمؑ اور انؑ کی آل پر مولا

بلاشک لائقِ حمد و ثناء تو ہے بزرگی والا

نزول برکت ہو سیّدنا محمد ﷺ اور ان ﷺ کی آل پر مولا

کہ جیسے کی ہے برکت ابراہیمؑ اور انؑ کی آل پر مولا

بلاشک لائقِ حمد و ثناء تو ہے بزرگی والا

Marfat.com

۵۱۔ درودِ نقشبندیہ

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی

اے اللہ ہم تجھ سے التجا کرتے ہیں کہ ہمارے سردار

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ بْنِ اَسِ الْاَنْبِیَآءِ وَ

انبیاء کے چراغ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور

نَیِّرِ الْاَوْلِیَآءِ وَمَزْبَرِقَانِ الْاَصْفِیَآءِ وَ

اولیاء کے آفتاب اور برگزیدہ بندوں کے ماہ درخشاں او

نُوْرِ الثَّقَلَیْنِ وَضِیَآءِ الْخَافِقَیْنِ ○

ثقلین کے سورج اور مشرق و مغرب کی ضیاء حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج

فضیلت:۔ بعد نماز فجر ۱۱ مرتبہ روزانہ پڑھنا شرارت نفس اور شیطان سے محفوظ رکھتا ہے۔

(سعادت الدارین صفحہ ۷۱۳)

Marfat.com

ملتجی ہوں مرے اللہ اے میرے معبود
کہ سیّدنا محمد ﷺ ہیں جو انبیاء کے چراغ
جو اولیاء کے لئے ہیں نیّرِ تاباں
چنیدہ بندوں کے ماہِ درخشاں
وہی ﷺ ثقلین کے نورِ مبیں ہیں
وہی ﷺ سردار اِنس و جان کے ہیں
ضیاء ہیں مشرق و مغرب کی آقا ﷺ
ہاں برکت اور کرم تو ان ﷺ پہ فرما

Marfat.com

۵۲۔ درودِ شاذلی رحمۃ اللہ تعالیٰ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النُّوْرِ الذَّاتِیِّ

یا اللہ درود بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جو نور ذاتی ہیں

السَّارِیْ فِیْ جَمِیْعِ الْاٰثَارِ وَالْاَسْمَآءِ وَالصِّفَاتِ

تمام اسماء و آثار و صفات میں سریان کیے ہوئے ہیں اور ان کی آل

وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ

اور اصحاب پر سلام بھیج

فضیلت:۔ درود شاذلی حضرت سیّدابی الحسن شاذلیؒ کے وظائف میں سے ہے۔ان کا کہنا ہے کہ اس درود پاک کو ایک مرتبہ پڑھنے سے ایک لاکھ درود کا ثواب ملے گا نیز باطنی انوارات حاصل ہوتے ہیں۔کوئی حاجت پیش آئے تو یہ درود پانچ سو مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ مشکل حل کردے گا۔ (سعادت الدارین ۶۳۷)

۵۳۔ درودِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی

اے اللہ درود اور سلام اور برکت بھیج اپنے

حَبِیْبِكَ الْمُصْطَفٰی وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَ

حبیب مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کی آل

سَلِّمْ ○

پر اور سلامتی

Marfat.com

سیّدنا محمد ﷺ پر نزولِ رحمت ہو یا الٰہی
کہ جن کا نور کیا نورِ ذات سے پیدا
تمام اسماء و آثار اور صفات میں بھی
ساری ہے وہی نور اور ظاہر و ہویدا
سلام پہنچے برآلِ پاک و اصحابِ نبی

سلام و رحمت و برکت کا تحفہ
ترے حبیب ترے مصطفیٰ ﷺ پر مولا
سلام آل تک بھی ان ﷺ کی تو پہنچا

فضیلت:۔ اس درود پاک کا عامل نیک صفات سے متصف ہو جائے گا۔ ذلّت سے نکل کر عظمت میں آجائے گا۔ شدید قسم کے بیمار کے سرہانے اس درود شریف کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھا جائے اور اس کے بعد حضور ﷺ کے واسطے سے اللہ کے حضور صحت یابی کی دُعا کی جائے تو اللہ قبول فرمائے گا۔ (صفحہ ۱۷۵۔ جمال وکمال درود شریف از افضل سرکار)

Marfat.com

۵۴۔ درودِ دوامی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَیْھِمْ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً مُّسْتَمِرَّۃً

اے اللہ! درود بھیج ان پر ایسا درود جو دائمی ہو اور جس کا دوام جاری

الدَّوَامِ عَلٰی مَرِّ اللَّیَالِیْ وَالْاَیَّامِ مُتَّصِلَۃَ الدَّوَامِ

رہنے والا ہو گردشِ لیل و نہار کے ساتھ اور اس کا دوام متصل ہو

لَا انْقِضَآءَ لَھَا وَلَا انْصِرَامَ عَلٰی مَرِّ اللَّیَالِیْ وَ

جس کی کوئی نہایت نہ ہو اور جس کا کوئی انقطاع نہ ہو گردشِ لیل و نہار کے

الْاَیَّامِ عَدَدَ کُلِّ وَابِلٍ وَّطَلٍّ ط

ساتھ بشمار بارش اور شبنم کے ہر قطرہ کے

فضیلت:۔ درودِ دوامی پڑھنے والے کو انگنت نیکیوں کا ثواب ملتا ہے، عزت اور شہرت نصیب ہوتی ہے، دنیا تسخیر ہوتی چلی جاتی ہے۔ روزانہ اکیس (۲۱) مرتبہ تاحیات پڑھے تو اس کے تمام گناہ اللہ معاف کر دے گا۔ اور اس کی نیکیوں میں بارش کے قطروں کے برابر اضافہ کر دے گا۔ (از دلائل الخیرات ورد بروز پیر)

Marfat.com

الٰہی بھیج تو ایسا درود اور رحمت ایسی

جو دائمی ہو اور جس کا دوام ہو جاری

دوام اس کا ہو گردشِ لیل و نہار سے مربوط

نہایت اس کی نہ ہو اور قطع ہو نہ کبھی

اور اس کی گنتی ہو بارش کے قطروں جتنی

اور اس کی گنتی ہو شبنم کے موتیوں جتنی

Marfat.com

۵۵۔ درودِ اعتصام

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ درود اور سلام بھیج اور برکتیں نازل فرما ہمارے آقا محمدؐ پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ مَمْدُوْحٍ

اور ہمارے آقا محمدؐ کی اولاد پر جو اُن سب سے افضل ہیں جن کی تو نعت

بِقَوْلِكَ وَاَشْرَفِ دَاعٍ لِّلْاِعْتِصَامِ بِحَبْلِكَ وَخَاتِمِ

تو نے اپنے کلام سے کی ہے اور ان سب سے افضل ہیں جنہوں نے تیری رسی کو مضبوط پکڑنے کی دعوت دی ہے

اَنْبِیَآئِكَ وَرُسُلِكَ صَلٰوةً تُبَلِّغُنَا فِی الدَّارَیْنِ

اور تیرے انبیاء و رُسل کے خاتم ہیں ایسا درود کہ پہنچا دے ہمیں دونوں جہانوں میں تیرے عظیم فضل

عَمِیْمَ فَضْلِكَ وَكَرَامَةَ رِضْوَانِكَ وَوَصْلِكَ ○

تک اور تیری خوشنودی کی عزت تک اور تیرے وصال تک

فضیلت: درود اعتصام ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھے اس سے ایمان میں حد درجہ استقامت حاصل ہوگی۔

ناحق کوئی الزام لگ جائے درود اعتصام ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ گیارہ دن تک پڑھے انشاء اللہ الزام سے بری ہو جائے گا۔ رات سوتے وقت اس درود پاک کو پڑھ لینا خیر و برکت کا باعث ہوگا۔ مدینہ منورہ میں داخل ہوتے وقت اور روضۂ اطہر کی حاضری کے وقت اس درود کو کثرت سے پڑھنا حضور ﷺ کی زیارت کا باعث ہوگا۔

(خزینہ درود شریف از عالم فقری۔ صفحہ ۲۶۵)

Marfat.com

سلام و رحمت و برکت ہو سیّدنا محمد ﷺ پر

سلام و رحمت و برکت ہو ان ﷺ کی آل اطہر پر

وہی ﷺ تو سب سے افضل ہیں کہ اُن ﷺ کی

ثناء کی تو نے اور قرآن میں کی

رسولوں میں ترے جو سب سے افضل ہیں انہوں نے

''حبل اللہ مضبوطی سے تھامو'' اس کی دعوت دی

انہیں ﷺ پر ختم کیا تو نے نبوت اور رسالت کو

انہیں ﷺ پر کر دیا تو نے مکمل اپنی نعمت کو

انہیں ﷺ رحمت عطا کر وہ کہ اس کے فیض سے مولا

ترا فضلِ عمیم پہنچے ہمیں دارین میں مولا

کہ ہم پر فضل تیرا دو جہاں میں عام ہو جائے

رضا و وصل کا تیرے سدا اکرام ہو جائے

Marfat.com

۵۶۔ درودِ فوائدِ کثیرہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و مولا محمد پر اور

عَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ عَدَدَ اَنْفَاسِ اُمَّتِہٖ

آپ کی آل پر اور آپ کی ازواج پر اور آپ کی اولاد پر بشمار آپ کی امت کے سانسوں کے

اَللّٰھُمَّ بِبَرَکَۃِ الصَّلٰوۃِ عَلَیْہِ اجْعَلْنَا بِالصَّلٰوۃِ

اے اللہ آپ پر درود کی برکت سے ہم کو آپ پر درود بھیجنے میں

عَلَیْہِ مِنَ الْفَآئِزِیْنَ وَعَلٰی حَوْضِہٖ مِنَ الْوَارِدِیْنَ

کامیاب لوگوں میں سے فرما اور آپ کے حوض پر آنے والوں اور پینے

الشَّارِبِیْنَ ○ وَبِسُنَّتِہٖ وَطَاعَتِہٖ مِنَ الْعَامِلِیْنَ ○

والوں سے فرما اور آپ کی سنت پر اور اطاعت پر عمل کرنے والوں سے فرما

وَلَا تَحُلْ بَیْنَنَا وَبَیْنَہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ یَا رَبِّ

اور ہمارے درمیان اور حضور کے درمیان قیامت کے دن کسی چیز کو حائل نہ کر یا رب

الْعَالَمِیْنَ ○ وَاغْفِرْ لَنَا وَلِوَالِدَیْنَا وَلِجَمِیْعِ

العالمین اور بخش دے ہمیں اور ہمارے والدین کو اور تمام

الْمُسْلِمِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ○

مسلمانوں کو الحمد للہ رب العالمین

Marfat.com

ہمارے آقا و مولا ﷺ پر الٰہی بھیج تو رحمت
نبی ﷺ کی آل اور ازواج پر بھی بھیج تو رحمت
مساوی ہو وہ رحمت یا اللہ انفاسِ اُمّت کے
الٰہی اس درودِ پاک کی رحمت سے برکت سے
درود ارسال کرنے میں ہمیں تو کامیابی دے
ہمیں تو وار دینِ حوض کوثر میں بھی شامل کر
ہمیں تو جام کوثر پینے والوں میں بھی شامل کر
تو شامل کر ہمیں سنّت پہ چلنے والوں میں مولا
تو شامل کر ہمیں طاعت گزاروں میں مرے مولا
قیامت میں ہمارے اور رسول اللہ ﷺ کے مابین
نہ حائل کوئی پردہ ہو سکے یا رب العٰلمین
ہماری اور ہمارے والدین کی مغفرت فرما
مسلمانوں میں سب کو بخش دے اور مغفرت فرما
تجھی کو حمد زیبا ہے فقط اے رب العٰلمین

فضیلت:۔ یہ درود پانچ سعادتوں کا حامل ہے۔۱۔اس کا بکثرت ورد دنیا و آخرت کے ہر کام میں کامیابی عطا فرماتا ہے۔۲۔سوتے وقت روزانہ ۱۱ مرتبہ پڑھے تو اتباع سنّت و اطاعت کی توفیق ہو۔۳۔روزانہ کم از کم ایک بار پڑھے حضور ﷺ کی شفاعت نصیب ہوگی۔۴۔پڑھنے والا داخلِ جنت ہوگا اور جام کوثر پیئے گا۔۵۔ہر پیر کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر اپنے فوت شدگان کو بخشے گا تو اللہ اس کی برکت سے مغفرت فرمادے گا۔ (ماخوذ: از دلائل الخیرات۔ورد بروز بدھ)

Marfat.com

۵۷۔ درودِ اسمِ اعظم

اَللّٰہُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللہ عَلَیہ وَسَلَّم

نَحنُ عِبَادُ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللہ عَلَیہِ وَسَلَّم

ترجمہ:۔

اللہ ربِّ محمد ﷺ ہے۔ ہم غلامانِ محمد ﷺ ہیں۔

Marfat.com

اللہ ربّ محمد ﷺ ہے، یہی اسمِ اعظم بلاشبہ
ہم رسولِ رحمت ﷺ کے امّتی، ہم غلامِ احمدِ مصطفیٰ ﷺ
ہے یہی غلاموں کی التجا، ہو نزولِ رحمت حضور ﷺ پر
ہو سلام تیرے حبیب ﷺ پر ہو نزولِ برکت حضور ﷺ پر

.....☆ دوسرے انداز میں ☆.....

اللہ ربّ محمد ﷺ ہے صلی اللہ علیہ وسلم
ہم غلامان محمد ﷺ کے صلی اللہ علیہ وسلم

فضیلت:۔ درود اسمِ اعظم میں اسمِ اعظم ہے۔

Marfat.com

۵۸۔ درودِ قطب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَ سِرِّ

یا الٰہی نور الانوار اور اسراروں کے راز کھولنے والے اور اغیار

الْاَسْرَارِ وَتِرْیَاقِ الْاَغْیَارِ سَیِّدِنَا

کے تریاق سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی

مُحَمَّدِنِ الْمُخْتَارِ وَاٰلِہِ الْاَطْھَارِ وَ

آل اطہار اور ان کے اچھے صحابہ رض

اَصْحَابِہِ الْاَخْیَارِ عَدَدَ نِعَمِ اللّٰہِ

پر رحمت نازل فرما اللہ کی بے پناہ نعمت

وَاَفْضَالِہٖ ط

اور فضل عطا ہو

فضیلت:۔ حضرت سیّد احمد بدویؒ کا یہ درود انوار الٰہی کا سبب ہے اور اسرار کے انکشافات کا باعث۔

یہ درود بیداری اور خواب میں حضور ﷺ سے رابطے کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔

نیک کام کی توفیق کے ملنے کے خواہش مند کو چاہئے کہ فجر کے بعد تین مرتبہ اور مغرب کے بعد تین مرتبہ اس کا ورد کرے۔ انشاء اللہ اسے حسب منشا نیکی کی توفیق مل جائے گی۔

رزق میں بیش بہا اضافے کے خواہش مند کو چاہئے کہ فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اکتالیس بار پڑھے انشاء اللہ بیش بہا رزق ملے گا۔ (سعادت الدارین۔ صفحہ ۱۴۰)

Marfat.com

وہ سیّدنا مرے آقا ﷺ

پیکر ہیں وہ انوار کا

تریاق وہ اغیار کا

ہے مرتبہ مختار کا

اولاد کو اطہار کا

اصحاب کو اخیار کا

تو نے دیا ہے مرتبہ

ہوں نعمتیں ان ﷺ کو عطا

فضل و کرم بے انتہا

ہر ساعت ہو ان ﷺ پر عطا

بے انتہا، بے انتہا

Marfat.com

۵۹۔ درودِ کلامنا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِیْ اَوَّلِ کَلَامِنَا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِیْ اَوْسَطِ کَلَامِنَا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِیْ اٰخِرِ کَلَامِنَا۔

ترجمہ:۔ اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمتیں نازل فرما جو کچھ ہم کلام کریں اس سے پہلے۔ اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمتیں نازل فرما ہماری گفتگو اور کلام کے درمیان۔ اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمتیں نازل فرما جو گفتگو اور کلام کریں اس کے آخر میں۔

فضیلت:۔ بزرگوں نے فرمایا جو شخص اس درود شریف کو تین بار دن اور تین بار رات میں پڑھ لے تو گویا دن رات بھر درود پڑھتا رہا۔

۶۰۔ درودِ قدسی

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلَّمَ

ترجمہ:۔ اے اللہ محمد ﷺ پر اور ان کی آل پر رحمت اور سلام نازل فرما۔

Marfat.com

نزولِ رحمت و برکت کی التجا ہو قبول

جو ہم کلام کریں اُس کلام سے پہلے

نزولِ رحمت و برکت کی التجا ہو قبول

جو ہم کلام کریں اُس کلام کے بیچ

نزولِ رحمت و برکت کی التجا ہو قبول

جو ہم کلام کریں اُس کلام کے آخر

ترے حبیب محمد ﷺ ہمارے آقا ﷺ پر

محمد ﷺ اور آلِ محمد ﷺ پہ ہو رحمت و برکت

محمد ﷺ اور آلِ محمد ﷺ پہ ہو سلام بہت

Marfat.com

۶۱۔ درود سیّدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ رُوْحُہٗ مِحْرَابُ الْاَرْوَاحِ وَالْمَلَائِکَۃِ وَالْکَوْنِ ۝ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ ھُوَ اِمَامُ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ ۝ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ ھُوَ اِمَامُ اَھْلِ الْجَنَّۃِ عِبَادِ اللّٰہِ الْمُؤْمِنِیْنَ ۝

(سعادۃ الدّارین ص۲۴۵)

ترجمہ:-

اے اللہ درود نازِل فرما ان پر جن کی روح' روحوں اور فرشتوں اور دو جہانوں کی محراب ہے اے اللہ درود نازِل فرما ان پر جو انبیاء اور رسولوں کے امام ہیں اے اللہ درود نازِل فرما ان پر جو جنّت والے اللہ کے مومن بندوں کے امام ہیں۔

فضیلت:۔ اس درود کی فضیلت کا بیان کیوں کر ہو سکتا ہے کہ یہ بی بی خاتونِ جنت حضرت فاطمۃ الزہراؓ کی تالیف ہے جو خود جگر گوشۂ رسول ﷺ ہیں۔

Marfat.com

نزولِ رحمت و برکت ہو سیّدنا محمد ﷺ پر

روحِ محمد ﷺ حسن و شوکت ساری روحوں کی

روحِ محمد ﷺ حسن و شوکت سب فرشتوں کی

روحِ محمد ﷺ حسن و شوکت دو جہانوں کی

نزولِ رحمت و برکت ہو سیّدنا محمد ﷺ پر

جو کل انبیاء اور رسولوں کے ہیں امام

نزولِ رحمت و برکت ہو سیّدنا محمد ﷺ پر

جو کل اہلِ جنت اور مؤمنوں کے ہیں امام

Marfat.com

۶۲۔ درود سیّدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

صَلٰوۃُ اللّٰہِ وَمَلَائِکَتِہٖ وَاَنْبِیَائِہٖ وَرُسُلِہٖ
وَجَمِیْعِ خَلْقِہٖ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ
وَّعَلَیْہِ وَعَلَیْہِمُ السَّلَامُ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ
وَبَرَکَاتُہٗ ؕ (سعادۃ الدارین ص۲۴۵)

ترجمہ:۔

درود اللہ اور اسکے فرشتوں اور اسکے نبیوں اور اس کے رسولوں اور اسکی تمام مخلوق کا محمدؐ اور محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر اور آپ پر اور ان سب پر سلام اور اللہ کی رحمتیں اور اس کی برکتیں۔

فضیلت:۔ اس درود پاک کی فضیلت یہ ہے کہ یہ باب العلم سیّدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تالیف کردہ درود پاک ہے۔

Marfat.com

اللہ کا اور اس کے ملائک کا ہو درود

نبیوں کا اور سارے رسولوں کا ہو درود

اللہ کی مخلوق کا سب کا درود ہو

محمد ﷺ اور ان ﷺ کی آل پر درود ہو

ہو آپ ﷺ پر سلام و رحمت و برکت

اور سب پہ ہو سلام و رحمت و برکت

Marfat.com

۶۳۔ درود سیّدنا موسیٰ علیہ السلام

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَاتَمِ
الْاَنْبِیَاءِ وَمَعْدِنِ الْاَسْرَارِ وَمَنْبَعِ
الْاَنْوَارِ وَجَمَالِ الْکَوْنَیْنِ وَشَرَفِ الدَّارَیْنِ
وَسَیِّدِ الثَّقَلَیْنِ الْمَخْصُوْصِ بِقَابَ
قَوْسَیْنِ

ترجمہ: اے اللہ رحمت نازل فرما محمد صلی علیہ وسلم خاتم الانبیاء اسرار کی کان انوار کے سرچشمہ اور کونین کے جمال اور دارین کے شرف اور انس و جن کے سردار پر جو مخصوص ہیں قاب وقوسین کے ساتھ۔

Marfat.com

یا الٰہی ان ﷺ پہ رحمت بھیجئے

یا الٰہی ان ﷺ پہ برکت بھیجئے

نبیوں کے جو ﷺ خاتم ہوئے

معدن ہیں جو ﷺ اسرار کے

سرچشمہ ہیں انوار کے

وہ ﷺ حسن ہیں کونین کے

ہیں شرف وہ ﷺ دارین کے

سردار وہ ﷺ جن و انس کے

مخصوص وہ ﷺ "قوسین" کے

فضیلت:۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دربار الٰہی میں درخواست کی یا اللہ مجھے بھی اُمتِ محمدی ﷺ میں سے کر دے۔ ارشاد باری تعالیٰ آیا۔ اے موسیٰ تو میرے حبیب پر درود پڑھ تو اس وقت موسیٰ علیہ السلام نے یہ درود پڑھا۔

(کنوز الاسرار۔ از شیخ عبداللہ ہاروشی۔ سعادت الدارین صفحہ ۶۱۸)

Marfat.com

۶۴۔ صلوٰۃ تعظیم

از دلائل الخیرات۔ مرتّب: سلیمان الجزولیؒ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً

الٰہی رحمت نازل فرما ہمارے سردار حضرت محمد پر ایسی رحمت

تُکَرِّمُ بِھَا مَثْوَاہُ وَتُشَرِّفُ بِھَا عُقْبَاہُ وَ

کہ بزرگ کرے تو اس کے سبب سے ان کی خواب گاہ اور بلند کرے تو بسبب اسکے آخرت ان کی اور

تُبَلِّغُ بِھَا یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ مُنَاہُ وَرِضَاہُ ھٰذِہٖ

پہنچائے تو انکو بسبب اس درود کے قیامت کے دن انکی مراد اور خوشنودی تک یہ

الصَّلٰوۃُ تَعْظِیْمًا لِّحَقِّکَ یَا سَیِّدَنَا مُحَمَّدُ

درود پڑھا میں نے آپ کے حق کی تعظیم کے لئے اے سردار ہمارے حضرت محمدؐ

Marfat.com

الٰہی بھیج رحمت تو سیّدنا محمد ﷺ پر

وہ رحمت جس کے باعث قبرِ انور

فضیلت میں ہو برتر اور برتر

وہ رحمت جس کے باعث رُتبہ ان ﷺ کا

حیاتِ اُخروی میں ہو فزوں تر

رضائے مصطفیٰ ﷺ تو پوری کر دے

قیامت میں مراد ان ﷺ کو عطا کر

اور اکرام نبی ﷺ کے حق کی خاطر

درود بھیجا کروں میں ہر نفس پر

فضیلت:۔ حاجت براری کیلئے یہ درود پاک مجرب ہے۔ شیخ ابی عبداللہ سنوسیؒ سے روایت ہے کہ ایک بار پڑھنا اس درود کا، ہزار بار پڑھنے کے برابر ہے۔ (سعادت الدارین۔ صفحہ ۶۳۷)

Marfat.com

۶۵۔ درودِ رحمت

از دلائل الخیرات۔ مرتّب ومؤلف: سلیمان الجزولیؒ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

اے اللہ رحمت فرما ہمارے سردار

مُحَمَّدٍ جَآءِ الرَّحْمَةِ وَمُبْدِیِ الْمُلْكِ وَ

حضرت محمد پر کہ ان کے نام پاک کی حرمت سے اور دونوں جہان کے ملک دنیا اور آخرت اور

اٰلِ الدَّوَامِ السَّیِّدِ الْكَامِلِ الْفَاتِحِ

والے ہمیشگی حرمت کی سردار ہمارے ہر صفت میں پورے کھولنے والے باب خیر کے

الْخَاتِمِ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِكَ كَاٰئِنٌ اَوْ قَدْ

ختم کرنے والے بشمار اس کے جو ہے تیرے علم میں ہونے والا ہے یا

كَانَ كُلَّمَا ذَكَرَكَ وَذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ

ہو چکا ہے جبکہ یاد کریں تجھے اور یاد کریں ان کو یاد کرنے والے

وَكُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِكَ وَذِكْرِهٖ

اور جب کہ غافل ہوں تیری یاد سے اور ان کی یاد سے

الْغَافِلُوْنَ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِكَ

غفلت کرنے والے ایسا درود کہ ہمیشہ رہے تیری ہمیشگی تک

بَاقِیَةً بِبَقَآئِكَ لَا مُنْتَهٰی لَهَا دُوْنَ

باقی رہے تیری بقا تک نہ ہو اس کی انتہا سوا

عِلْمِكَ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

تیرے علم کے بیشک تو ہی ہر چیز پر قادر ہے

فضیلت: شیخ ابی عبداللہ سنوسیؒ نے فرمایا کہ ایک شخص کی کشتی گرداب میں پھنس گئی اُس نے اس درود کا ورد شروع کر دیا اور جاء الرحمہ کی تکرار کی، اللہ تعالیٰ نے اس کی برکت سے اُسے نجات عطا کر دی اس درود شریف کو بار بار پڑھنے پر ہزار نیکیاں ملتی ہیں۔ (مطالع المسرّات)

Marfat.com

الٰہی بھیج رحمت تو سیّدنا محمد ﷺ پر
کہ ''حا'' رحمت کی ان ﷺ کے اسم کا جزو

اور ''حاء'' رحمت کے اوّل اور آخر
جو نامِ پاک میں دو میم آئے

وہ مُلکِ دنیا، مُلکِ آخرت کے
ہے گویا یہ حقیقت اس میں مضمر

کہ رحمت دنیا و عقبٰی کے اندر
محمد ﷺ ہی کے باعث ہے سراسر

دوامِ رحمت کا ہے ''دال'' مظہر
تمام ابوابِ رحمت وا کئے ہیں

وہ فاتح خیر کے ابواب کے ہیں
جہانوں کے لئے رحمت ہی رحمت

Marfat.com

اور ان ﷺ پہ ختم کی تو نے رسالت
تو اس تعداد میں کر ان ﷺ پر رحمت
کہ جو کچھ ہو چکا اب تک جہاں میں
کہ جو کچھ ہو گا آئندہ زماں میں

ہاں یعنی ان گنت ہو ان ﷺ پر رحمت
ہو لامحدود ان ﷺ پر تیری برکت

ہیں جتنے یاد تیری کرنے والے
درود آقا ﷺ پہ اپنے پڑھنے والے

اور جتنے یاد سے ہیں تیری غافل
درودیں بھیجنے سے ہیں جو غافل

تیری رحمت ہو لاتعداد ایسی
کوئی نہ کر سکے بس ان کی گنتی

Marfat.com

درود ایسا ہو ابدی اور دوامی
رہے تیری بقاء کے مثل باقی

نہیں ہے انتہائے علم و قدرت
تو ہی ہر شئے پہ قادر ہے بلاشک

Marfat.com

٦٦۔ صلوٰۃ السعادت

از سیّدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

الٰہی رحمت نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَحْرِ اَنْوَارِكَ وَمَعْدِنِ

ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر جو دریا ہیں تیرے نوروں کے اور کان ہیں

اَسْرَارِكَ وَلِسَانِ حُجَّتِكَ وَعَرُوْسِ

تیرے بھیدوں کے اور زبان ہیں تیری روشن دلیل کے اور دولہا

مَمْلَكَتِكَ وَاِمَامِ حَضْرَتِكَ وَطِرَازِ

تیرے ملک کے اور پیشوا تیری درگاہ کے اور آرائش

مُلْكِكَ وَخَزَآئِنِ رَحْمَتِكَ وَطَرِيْقِ

تیرے ملک کے اور خزانے تیری رحمت کے اور راہ

شَرِيْعَتِكَ الْمُتَلَذِّذِ بِتَوْحِيْدِكَ اِنْسَانِ

تیرے دین کے لذت پانے والے تیری توحید سے پتلی

عَيْنِ الْوُجُوْدِ وَالسَّبَبِ فِيْ كُلِّ مَوْجُوْدٍ

موجودات کی آنکھ کے اور واسطہ پیدا ہونے ہر موجود کے

وَّعَيْنِ اَعْيَانِ خَلْقِكَ الْمُتَقَدِّمِ مِنْ نُّوْرِ

اور آنکھ سے تیرے بزرگان خلقت کے پہلے ظاہر ہوئے نور سے

ضِيَآئِكَ صَلٰوةً تَدُوْمُ بِدَوَامِكَ

تیری تجلی ذات کے ایسا درود کہ ہمیشہ رہے ساتھ تیری ہمیشگی کے

Marfat.com

الٰہی میرے آقا ﷺ پر ہو نزول رحمتوں کا
جو ﷺ سمندر ہیں ترے انوار کا
اور ہیں معدن ترے اسرار کا
تیری روشن دلیل کی ہیں زباں
اور ملکِ خدا کے ہیں دُلہا
ہیں بارگاہ الٰہی کے وہ ﷺ پیشوا
آرائش و زینتِ ملکِ خدا
وہ ﷺ خزانہ ہیں تیری رحمت کا
جس کو رحمت ملے ان ﷺ کے ذریعے ملے
اور تقسیمِ رحمت ہو، ان ﷺ کے ہاتھوں سے
انہیں ﷺ کی راہ کہلائی شریعت
تری توحید سے پاتے ہیں لذت
وہ ﷺ پُتلی چشمِ موجوات کے ہیں
وہ ﷺ باعث تخلیقِ کائنات کے ہیں
آقا ﷺ پہ ہو ایسا نزول رحمت کا
جو تواتر سے ہو اور دائم رہے
جس طرح تیری ذات کو دائم دوام ہے
تری بقا کے ساتھ وہ سدا رہے باقی

Marfat.com

وَتَبْقٰى بِبَقَآءِكَ لَا مُنْتَهٰى لَهَا دُوْنَ

اور باقی رہے ساتھ تیری بقا کے نہ ہو انتہا اس کی سوائے

عِلْمِكَ صَلٰوةً تُرْضِيْكَ وَتُرْضِيْهِ وَ

تیرے علم کے ایسا درود کہ خوش کرے تجھ کو اور خوش کرے ان کو اور

تُرْضٰى بِهَا عَنَّا يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ

راضی ہووے تو اس کے سبب ہم سے اے پروردگار تمام عالموں کے

فضیلت:۔ اس درود پاک کا ایک بار پڑھنا چودہ ہزار درود کے ہے اور جو کوئی اس درود شریف کو سوتے وقت ستر بار پڑھے بے شک رویت مبارک اس کو حاصل ہو۔

امام سیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے نزدیک اس درود کا ایک بار پڑھنا، چھ لاکھ درود کے برابر ہے۔

اور جو اس کو ہر روز ہزار بار پڑھے وہ دونوں جہاں میں سعادت مند ہوگا۔

(سعادت الدارین از یوسف نبہانی صفحہ ۶۳۶، ۶۳۷)

Marfat.com

مثل علمِ الٰہی رحمت ہو بے انتہا

درود ایسا ہو جو تجھے خوش کرے

وہ نبیٔ مکرم ﷺ کو بھی خوش کرے

اور اس کے سبب ہم سے راضی ہو تو

میرے پروردگار ہم سے راضی ہو تو

Marfat.com

۶۷۔ درود کرامت المزید

از دلائل الخیرات

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا

الٰہی رحمت نازل فرما اور سلام اور برکت نازل کر ہمارے سردار

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَکْرَمِ

محمد پر اور آل پر ہمارے سردار حضرت محمد کی جو بزرگ تر

الْکَرَمَاءِ مِنْ عِبَادِكَ وَاَشْرَفِ الْمُنَادِیْنَ

سب بزرگ ترین بندوں تیرے کے ہیں اور بزرگ تر پکارنے والوں سے

لِطُرُقِ رَشَادِكَ وَسِرَاجِ اَقْطَارِكَ وَبِلَادِكَ

تیری ہدایت کی راہوں پر اور چراغ تیرے کناروں زمین کے اور تیرے شہروں کے

صَلٰوۃً لَّا تَفْنٰی وَلَا تَبِیْدُ تُبَلِّغُنَا بِھَا

ایسا درود کہ فانی اور نیست نہ ہووے ایسا درود کہ پہنچا دے تو ہم کو بسبب اس کے

کَرَامَۃَ الْمَزِیْدِ ❊

زیادتی بخشش پر

(بحوالہ: ورد چہارشنبہ (یعنی بروز بدھ) از دلائل الخیرات)

Marfat.com

سلام و رحمت و برکت الٰہی نازل فرما دے
محمد ﷺ اوران ﷺ کی آلِ اطہر پر جو کہ سردار ہیں سب کے
جو ہیں تکریم کے قابل وہ ﷺ ان میں سب سے اکرم ہیں
تری راہ ہدایت پر جو ﷺ بندوں کو بلاتے ہیں
جو دعوت دین کی دیتے رہے وہ ﷺ ان میں افضل ہیں
ترا فرمانِ عالی ہے یہی ایماں ہمارا ہے
کہ اُمّت آپ ﷺ کی ہے خیرِ اُمّت کل جہانوں میں
سبب یہ ہے کہ افضل آپ ﷺ ہیں سارے رسولوں میں
چراغ روشن و تابندہ ہیں سارے زمانوں میں
وہ رحمت ان ﷺ پہ نازل کر ہو دائم اور لافانی
اسی رحمت کے باعث ہو کرم کی اور ازرانی

Marfat.com

۶۸۔ درودِ وسیلۂ دعا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

الٰہی درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ پر اور

عَلٰی آلِہٖ وَسَلِّمْ ۞ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ

ان کی آل پر اور سلام بھیج خداوندا میں مانگتا ہوں تجھ سے

وَاَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ بِحَبِیْبِکَ الْمُصْطَفٰی

اور متوجہ ہوتا ہوں تیری طرف بوسیلہ تیرے حبیب کے جو برگزیدہ ہیں

عِنْدَکَ یَا حَبِیْبَنَا یَا سَیِّدَنَا مُحَمَّدُ

تیرے نزدیک اے حبیب ہمارے اے سردار ہمارے اے محمدؐ

اِنَّا نَتَوَسَّلُ بِکَ اِلٰی رَبِّکَ فَاشْفَعْ لَنَا

ہم وسیلہ کرتے ہیں آپ کو آپ کے پروردگار کی طرف سو شفاعت کیجئے

عِنْدَ الْمَوْلَی الْعَظِیْمِ یَا نِعْمَ الرَّسُوْلُ

ہمارے مولےٰ بزرگ کے پاس اے بہت ہی اچھے کہ رسول

الطَّاھِرُ ۞ اَللّٰھُمَّ شَفِّعْہُ فِیْنَا بِجَاھِہٖ

پاک خداوندا قبول کر شفاعت کو ان کی ہمارے لئے بواسطہ انکے مرتبہ کے

عِنْدَکَ

جو تیرے نزدیک ہے

فضیلت:۔ جو شخص اس درود کو بیٹھ کر پڑھے تو کھڑے ہونے سے پہلے بخشا جائے اور جو کھڑا ہو کے پڑھے تو بیٹھنے سے پہلے بخشا جائے۔ (از حاشیہ دلائل الخیرات۔ ورد بروز شنبہ)

Marfat.com

تو سیّدنا محمد ﷺ کو الٰہی رحمتیں دے
اور آل پاک نبی ﷺ کو سلامتی دیدے
مرا تجھ سے الٰہی سوال ہے
بوسیلہ تیرے حبیب ﷺ کے
ہے توجہ میری تری طرف
بوسیلہ تیرے حبیب ﷺ کے
جو ﷺ تجھے عزیز ترین ہیں
جو ﷺ چنیدہ اور قرین ہیں
اے حبیب ﷺ سب کے اے سرورا
ہم وسیلہ کرتے ہیں آپ ﷺ کا
طرف اپنے پروردگار کے
وہی کارساز ہے برملا
وہی میرا رب عظیم ہے
وہ نبی ﷺ، رسول کریم ﷺ ہے
اے بہت ہی اچھے رسولِ پاک ﷺ
اے بہت ہی پیارے رسولِ پاک ﷺ
یا الٰہی قبول تو کر لے
وہ شفاعت ان ﷺ کی مرے لئے
دیا ان ﷺ کو تو نے جو مرتبہ
اسی مرتبے کے وسیلے سے

Marfat.com

۶۹۔ کلام از سلیمان الجزولی

یَارَحْمَةَ اللّٰہِ اِنِّیْ خَآئِفٌ وَّجِلٌ

اے رحمت خدا کی بے شک میں ڈرنے والا لرزنے والا ہوں

یَانِعْمَةَ اللّٰہِ اِنِّیْ مُفْلِسٌ عَانٍ

اے نعمت خدا کی بے شبہ میں محتاج عاجز ہوں

وَلَیْسَ لِیْ عَمَلٌ اَلْقِیْ الْعَلِیْمَ بِہٖ

اور نہیں کوئی میرا عمل کہ جس سے ملوں میں خدا سے

سِوٰی مَحَبَّتِکَ الْعُظْمٰی وَاِیْمَانِیْ

سوائے تیری محبت بزرگ اور اپنے ایمان کے

فَکُنْ اَمَانِیْ مِنْ شَرِّ الْحَیٰوۃِ وَمِنْ

پھر پناہ ہو مجھے برائی زندگی سے اور

شَرِّ الْمَمَاتِ وَمِنْ اِحْرَاقِ جُثْمَانِیْ

برائی موت اور جلنے میرے بدن سے

وَکُنْ غِنَایَ الَّذِیْ مَا بَعْدَہٗ فَلَسٌ

اور بے پروا ہی میری ہو کہ نہ ہو بعد اس کے محتاجی

وَکُنْ فَکَاکِیْ مِنْ اَغْلَالِ عِصْیَانِیْ

اور رہائی میری ہو طوقوں گناہ میرے سے

تَحِیَّةُ الصَّمَدِ الْمَوْلٰی وَرَحْمَتُہٗ

تحفہ درود خدا بے نیاز مالک کا اور اس کی رحمت

مَا غَنَّتِ الْوُرْقُ فِیْ اَوْرَاقِ اَغْصَانِ

جب تک آواز کریں مرغ پتوں شاخوں پر

عَلَیْکَ یَا عُرْوَتِیَ الْوُثْقٰی وَیَا سَنَدِیْ

تجھ پر اے بڑے وسیلہ مضبوط اور اے سند کامل

اَلْاَوْفٰی وَمَنْ مَّدْحُہٗ رَوْحِیْ وَرَیْحَانِیْ

اور وہ کہ تعریف اس کی میری تازگی اور میرا پھول ہے

Marfat.com

بلاشک میں ہوں خائف اور لرزاں رحمتِ عالم ﷺ
بلاشک عاجز و مفلس ہوں میں اے نعمتِ عالم ﷺ
نہیں کوئی عمل ایسا ملائے جو مجھے ربّ سے
سوائے میرے ایماں اور آقا ﷺ کی محبت کے
الٰہی دے پناہ مجھ کو حیات و موت کے شر سے
بچا نار جہنم سے بچانا موت کے شر سے
بچانا آگ سے مجھ کو عطا کر عافیت مولا
غنی کر دے مجھے آقا بچا افلاس و غربت سے
غِنا کے بعد محتاجی سے نہ کر دو چار تو مولا
سِوا اپنے کسی کا تو نہ کر محتاج اے مولا
رہائی کر عطا مجھ کو گناہگاری کے طوقوں سے
تحیّت اور رحمت ہو مری جانب سے جوقوں سے
مرے مولا صمد، نازل تو فرما رحمت و برکت
نبیٔ محترم ﷺ، عروۃ الوثقیٰ پہ ہر ساعت
بشاشت کا یہی ہے میری ساماں اے مرے آقا ﷺ
ستائش آپ کی ہے میرا ایماں اے مرے آقا ﷺ

Marfat.com

۷۰۔ قطعہ از سلیمان الجزولیؒ

نَبِیَّ الْهُدٰی ضَاقَتْ بِیَ الْحَالُ فِی الْوَرٰی

اے نبی ہدایت کے تنگ ہوا حال میرا دنیا میں

وَاَنْتَ لِمَا اَمَّلْتُ فِیْکَ جَدِیْرُ

اور تو جو آرزو کروں میں تجھ سے لائق ہے تو

فَسَلْ خَالِقِیْ تَفْرِیْجَ کَرْبِیْ فَاِنَّهٗ

پھر طلب کر اپنے پروردگار سے کشادگی میری سختی کی بیشک خدا

عَلٰی فَرَجِیْ دُوْنَ الْاَنَامِ قَدِیْرُ

میری سختی کھولنے پر سوائے سب خلق کے قادر ہے

Marfat.com

زندگی دشوار ہے حال میرا تنگ ہے
کروں جو آرزو آقا ﷺ تو بے شک آپ ہیں لائق
دعا جو آپ فرما دیں کہ آساں ہو میری سختی
سہل ہو جائے ہر مشکل کہ رب ہے قادر مطلق

Marfat.com

۱۷۔ دعائے ختم دلائل الخیرات

یہ دُعا شیخ احمد تجلی شیخ الشیخ شاہ ولی اللہ محدّث دہلویؒ کی ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

شروع خدا کے نام سے جو بخشنے والا بڑا مہربان ہے

اَللّٰھُمَّ اشْرَحْ بِالصَّلٰوۃِ عَلَیْہِ صُدُوْرَنَا وَ

الٰہی کھولدے اس درود کے وسیلہ سے جو تیرے حبیب پر پڑھی جاوے ہمارے سینے اور

یَسِّرْ بِھَا اُمُوْرَنَا وَفَرِّجْ بِھَا ھُمُوْمَنَا وَاکْشِفْ

آسان کر اس کے وسیلہ سے ہمارے کام اور دور کردے اسکے سبب ہمارے دکھ اور کھولدے

بِھَا غُمُوْمَنَا وَاغْفِرْ بِھَا ذُنُوْبَنَا وَاقْضِ بِھَا

اس کے ذریعے سے ہمارے غم اور بخش دے اس کی برکت سے ہمارے گناہ اور ادا کردے اسکی برکت سے

دُیُوْنَنَا وَاَصْلِحْ بِھَا اَحْوَالَنَا وَبَلِّغْ بِھَا آمَالَنَا وَ

ہمارے ذمہ کے لوگوں کے حق اور درست کردے اسکے سبب ہمارے حال اور پہنچادے اسکے ذریعہ سے

تُقَبِّلْ بِھَا تَوْبَتَنَا وَاغْسِلْ بِھَا حُوْبَتَنَا وَانْصُرْھَا

ہم کو اپنی امیدوں کے پاس اور قبول کراسکے سبب ہماری توبہ اور دھوڈالے اسکی برکت سے ہمارے گناہ

حُجَّتَنَا وَطَھِّرْ بِھَا اَلْسِنَتَنَا وَاَنْسِ بِھَا وَحْشَتَنَا

ہماری دلیل اور پاک کرلے اسکے سبب ہماری زبانیں اور تسکین سے بدلدے اسکے سبب ہماری گھبراہٹ

وَارْحَمْ بِھَا غُرْبَتَنَا وَاجْعَلْھَا نُوْرًا بَیْنَ اَیْدِیْنَا

اور رحم کر اس کی برکت سے ہماری غربت پر اور کردے اس درود کو روشنی ہمارے آگے

وَمِنْ خَلْفِنَا وَعَنْ اَیْمَانِنَا وَعَنْ شَمَآئِلِنَا وَمِنْ

اور ہمارے پیچھے اور ہمارے داہنے اور ہمارے بائیں اور ہمارے اوپر

Marfat.com

تری توفیق سے یا رب پڑھوں میں اتنی کثرت سے
کہ شرحِ صدر ہو جائے درودوں کی وساطت سے

سما جائے مرے قلب و نظر میں علم کا دریا
عطا کر تو مجھے وافر خزینۂ علم و حکمت سے

گناہوں کو مرے تو بخش دے بس ان ﷺ کی حرمت سے
تو کر آسان ساری مشکلیں رکھ دور کلفت سے

مٹا تو ان ﷺ کے صدقے سے مرے غم اور پریشانی
مرے ذمے جو حق ہیں وہ ادا ہوں ان ﷺ کی برکت سے

درودوں کے تصدق سے دعائیں میری پوری کر
میرے احوال کو بہتر بنادے پچھلی حالت سے

Marfat.com

فَوْقِنَا وَمِنْ تَحْتِنَا وَفِي حَيَاتِنَا وَمَوْتِنَا وَفِي

ہمارے نیچے اور ہماری زندگی اور ہماری موت میں اور ہماری

قُبُوْرِنَا وَحَشْرِنَا وَنَشْرِنَا وَظِلًّا فِي الْقِيٰمَةِ عَلٰى

قبروں میں اور ہمارے جمع ہونے کے وقت اور الگ الگ ہونے کے وقت اور کر دے اسکو

رُءُوْسِنَا وَثَقِّلْ بِهَا مَوَازِيْنَ حَسَنَاتِنَا وَاَدِمْ

ہمارے سروں پر اور بھاری کر اس کی برکت سے ترازوؤں میں ہماری نیکیوں کی اور ہمیشہ

بَرَكَاتِهَا عَلَيْنَا حَتّٰى نَلْقٰى نَبِيَّنَا وَسَيِّدَنَا مُحَمَّدًا

رکھ اس کی برکتیں ہم پر یہاں تک کہ ملاقات کریں ہم اپنے پیغمبر اور اپنے سردار محمد

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ اٰمِنُوْنَ

صلے اللہ علیہ وسلم سے اس حال میں کہ ہم پناہ میں ہوں

مُطْمَئِنُّوْنَ فَرِحُوْنَ مُسْتَبْشِرُوْنَ وَلَا نُفَرِّقُ

خاطر جمع ہوں بے غم ہوں خوشیاں کرنے والے اور نہ جدائی کر

بَيْنَنَا وَبَيْنَهٗ حَتّٰى تُدْخِلَنَا مَدْخَلَهٗ وَتَوْرِدَنَا

ہم میں اور اُن میں یہاں تک کہ داخل کرے تو ہمکو انکے داخل ہونیکی جگہ اور جگہ دے

اِلٰى جَوَارِهِ الْكَرِيْمِ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ

تو ہم کو ہمسائے میں ان کے جو عزت والا ہے ان لوگوں کیساتھ جن پر انعام کیا تو نے

مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَ

یعنی پیغمبروں اور صدیقوں اور شہیدوں اور

الصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ؕ اَللّٰهُمَّ

نیک لوگوں سے اور خوب ہی یہ لوگ رفیق ہیں الٰہی

Marfat.com

امیدیں ساری بر آئیں درودوں کی وساطت سے
مری توبہ بھی ہو مقبول مولا ان ﷺ کی برکت سے

سُرور جان حاصل ہو اوامر کی حلاوت سے
زباں کو میری کردے پاک تو ان ﷺ کی تراوٹ سے

گناہوں کی مرے کر مغفرت تو ان ﷺ کی محبت سے
بچانا قبر میں یارب مجھے ہر خوف و وحشت سے

ملے تسکینِ جان و دل اسی وردِ سعادت سے
اسی کی برکتوں سے تو پناہ دے مجھ کو غربت سے

سفر حرمین کا ہو ہر برس میرے مقدر میں
تو سر افراز کر مکّے مدینے میں اقامت سے

Marfat.com

إِنَّا آمَنَّا بِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ نَرَهٗ

ہم ایمان لائے اُن پر رحمت نازل فرمائے اللہ اور سلام حالانکہ نہیں دیکھا ہے ہمنے انکو

فَمَتِّعْنَا اللّٰهُمَّ فِي الدَّارَيْنِ بِرُؤْيَتِهٖ وَثَبِّتْ

سو نفع دے تو ہم کو اے اللہ دونوں جہان میں اُن کی زیارت سے اور جمائے رکھ

قُلُوْبَنَا عَلٰى مَحَبَّتِهٖ وَاسْتَعْمِلْنَا عَلٰى سُنَّتِهٖ

ہمارے دل ان کی محبت پر اور عمل کرا ہمسے ان کی سنت پر

وَتَوَفَّنَا عَلٰى مِلَّتِهٖ وَاحْشُرْنَا فِيْ زُمْرَتِهٖ

اور ہمارا ہم کو ان کے دین پر اور حشر کر ہمارا ان کے جتھے میں

النَّاجِيَةِ وَحِزْبِهِ الْمُفْلِحِيْنَ وَانْفَعْنَا بِمَا

جو عذاب سے چھوٹنے والا ہے اور اُن کے گروہ میں جو مراد کو پہنچنے والے ہیں اور فائدہ دے ہمکو

انْطَوَتْ عَلَيْهِ قُلُوْبُنَا مِنْ مَحَبَّتِهٖ صَلَّى

اس چیز سے جو بھری ہے ہمارے دلوں میں اس کی محبت سے درود بھیجے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ لَا جَدَّ وَلَا مَالَ وَلَا

اللہ ان پر اور سلام جس دن نہ ہوگی تونگری اور نہ مال، اور نہ

بَنِيْنَ وَاَوْرَدَنَا حَوْضَهُ الْاَصْفٰى وَاَسْقٰنَا

اولاد اور پہنچا ہم کو اس کے حوض پر جو نہایت صاف ہے اور پلا ہم کو

بِكَاْسِهِ الْاَوْفٰى وَيَسَّرَ عَلَيْنَا زِيَارَةَ

اس کے پیالہ سے جو پوری پیاس بجھانے والا ہے اور آسان کر ہم پر دیکھنا

حَرَمِكَ وَحَرَمِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُمِيْتَنَا

مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کا پہلے اس سے کہ موت دے تو ہم کو

Marfat.com

ترے دربار عالی میں وسیلہ ان ﷺ کا ہو حاصل
کرم ہو مجھ پہ بھی یارب محمد ﷺ کی شفاعت سے

تو سن فریاد میری اور بچا مجھ کو شقاوت سے
پشیماں ہوں بہت اپنی گناہگاری کی کثرت سے

مجھے طاعت پہ رکھ مائل بچا لمبی امیدوں سے
مجھے شیطان سے اور نفس کی میرے شرارت سے

پلانا ان ﷺ کے پیالے سے مجھے تو آب کوثر بھی
تو کر افراز محشر میں مجھے ان کی رفاقت سے

فنا کر دین پر ان ﷺ کے، عمل ہو ان ﷺ کی سُنّت پر
تو داخل کر گروہ ناجیہ میں ان ﷺ کی الفت سے

Marfat.com

وَاَدِمْ عَلَيْنَا الْاِقَامَةَ بِحَرَمِكَ

اور ہمیشہ رکھ ہم کو بسنے والا مکہ معظمہ اور

حَرَمِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اَنْ

مدینہ میں درود بھیجے اللہ ان پر اور سلام یہاں تک کہ ہم

نَّتَوَفّٰى ۚ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَشْفِعُ بِهٖ اِلَيْكَ

وہیں مر جاویں الٰہی بیشک ہم سفارشی بناتے ہیں ان کو تیرے پاس

اِذْ هُوَ اَوْجَهُ الشُّفَعَآءِ اِلَيْكَ وَنُقْسِمُ

اسلئے کہ وہ بہت روادار سفارشی ہیں تیری درگاہ میں اور وسیلہ پکڑتے ہیں

بِهٖ عَلَيْكَ اِذْ هُوَ اَعْظَمُ مَنْ اُقْسِمُ

ان کو تیرے پاس اسلئے کہ وہ بڑے ہیں انسے جنکی بزرگی کا وسیلہ پکڑا جائے

بِحَقِّهٖ عَلَيْكَ وَنَتَوَسَّلُ بِهٖ اِلَيْكَ اِذْ هُوَ

تیرے حضور میں اور ذریعہ ٹھیراتے ہیں ہم اس کو تیری طرف کہ وہ

اَقْرَبُ الْوَسَآئِلِ اِلَيْكَ نَشْكُوْ اِلَيْكَ يَا

بہت نزدیک وسیلہ ہے تیرے پاس فریاد کرتے ہیں ہم تیرے پاس اے

رَبِّ قَسْوَةَ قُلُوْبِنَا وَكَثْرَةَ ذُنُوْبِنَا وَطُوْلَ

پروردگار اپنے دلوں کی سختی سے اور اپنے گناہوں کی کثرت سے اور اپنی لمبی

اَمَالِنَا وَفَسَادَ اَعْمَالِنَا وَتَكَاسُلَنَا عَنِ

امیدوں اور اپنے بُرے کاموں اور اپنی سستی سے

الطَّاعَاتِ وَهُجُوْمَنَا عَلَى الْمُخَالِفَاتِ

تیری تابعداریوں میں اور اپنے جھک پڑنے سے تیرے مخالف کاموں پر

Marfat.com

نہیں بہتر شفیع کوئی تیرے محبوب ﷺ سے آقا
تو بہرہ ور مجھے کرنا سدا ان ﷺ کی شفاعت سے

اجالے میں رہوں میں نور کے اس زندگانی میں
اجالا قبر میں بھی ساتھ ہو بارانِ رحمت سے

مرے دائیں، مرے بائیں، مرے آگے، مرے پیچھے
مری ہر سمت ہی اک نور ہو تیری عنایت سے

ترازو میں تو بھاری کر میرے حسنات کا پلڑا
سرِ محشر ہو سایہ سر پہ میرے ان ﷺ کی رحمت سے

ملا اپنے نبی ﷺ سے، جمعِ خاطر اور بے غم کر
ملے حصہ مجھے وافر خدایا اُن ﷺ کی رافت سے

Marfat.com

فَنِعْمَ الْمُشْتَكٰى اِلَيْهِ اَنْتَ بِكَ نَسْتَنْصِرُ

تو بہت اچھا فریاد رس ہے تو ساتھ تیرے مدد مانگتے ہیں ہم

عَلٰى اَعْدَآئِنَا وَاَنْفُسِنَا فَانْصُرْنَا وَعَلٰى

اپنے دشمنوں پر اور اپنے نفسوں پر سو تو مدد کر ہماری اور

فَضْلِكَ نَتَوَكَّلُ فِيْ صَلَاحِنَا فَلَا تَكِلْنَا

تیرے ہی فضل پر کھروسہ کرتے ہیں ہم اپنی بھلائی میں سو تو نہ چھوڑ ہم کو

اِلٰى غَيْرِكَ يَا رَبَّنَا وَاِلٰى جَنَابِ رَسُوْلِكَ

اپنے غیر کی طرف اے پروردگار ہمارے اور تیرے ہی رسول

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَنْتَسِبُ فَلَا تُبَعِّدْنَا

صلے اللہ علیہ وسلم کی جناب سے لگاؤ رکھتے ہیں ہم سو تو نہ دور کر ہم کو

وَبِبَابِكَ نَقِفُ فَلَا تَطْرُدْنَا وَاِيَّاكَ نَسْاَلُ

اور تیرے ہی دروازے پر کھڑے ہیں ہم سو نہ کھدیڑ ہمکو اور تجھ سے ہی سوال کرتے ہیں ہم

فَلَا تُخَيِّبْنَا اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ تَضَرُّعَنَا وَاٰمِنْ خَوْفَنَا

سو نا امید نہ کر ہمکو الٰہی رحم کر ہمارے گڑگڑانے پر اور پناہ دے ہم کو ڈر سے

وَتَقَبَّلْ اَعْمَالَنَا وَاَصْلِحْ اَحْوَالَنَا وَاجْعَلْ بِطَاعَتِكَ

اور قبول کر عمل ہمارے اور درست کر دے حال ہمارے اور کر دے اپنی بندگی میں

اشْتِغَالَنَا وَاِلَى الْخَيْرِ مَالَنَا وَحَقِّقْ بِالزِّيَادَةِ

ہم کو مشغول اور بھلائی کی طرف ہمارا انجام اور ٹھیک کر دے بڑھا کر

اٰمَالَنَا وَاخْتِمْ بِالسَّعَادَةِ اٰجَالَنَا هٰذَا اِذْلَنَا ظَاهِرٌ

ہماری امیدیں اور ختم کر نیکی پر ہماری عمریں یہ ہماری خواری ظاہر ہے

Marfat.com

اِلٰہا کر مجھے تو بہرہ ور ان ﷺ کی زیارت سے
مجھے کر معاف یا رب اور بچا قعرِ مذلت سے

ہوئے انعام جن بندوں پہ کر ان میں مجھے شامل
مجھے ہمسائیگی ان کی عطا کر اپنی رحمت سے

الٰہی کر تو رحمت ان ﷺ پہ اور شایانِ شان ان ﷺ کے
سدا پہنچے سلام عاجزانہ میرا چاہت سے

سلام لم یزل ان ﷺ کو مری جانب سے پہنچا دے
سلام عاجزانہ بندۂ مشتاقِ رویت سے

Marfat.com

بَيْنَ يَدَيْكَ وَحَالُنَا لَا يَخْفٰى عَلَيْكَ اَمَرْتَنَا

تیرے سامنے اور حال ہمارا نہیں پوشیدہ تجھ پر جو تو نے حکم کیا ہے

فَتَرَكْنَا وَنَهَيْتَنَا فَرَكِبْنَا وَلَا يَسَعُنَا اِلَّا عَفْوُكَ

سو اس کو ہم نے چھوڑا اور جس سے تو نے منع کیا سو وہ ہم نے اختیار اور نہیں سما سکتی ہمکو مگر تیری

فَاعْفُ عَنَّا يَا خَيْرَ مَاْمُوْلٍ وَّاَكْرَمَ مَسْئُوْلٍ اِنَّكَ

سو تو معاف کر ہمکو اے بہتر سب ان سب کے جن سے امید رکھئے اور بہت بخشش والے ان سب سے جن سے سوال کیجئے بیشک تو

عَفُوٌّ غَفُوْرٌ رَّءُوْفٌ رَّحِيْمٌ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَ

معافی والا بخشنے والا مہربان رحم والا ہے اے بہت رحم والے بہت رحم والوں سے اور

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَ

درود بھیجے اللہ ہمارے سردار محمد پر اور ان کی آل پر اور ان کے یاروں پر اور

سَلَّمَ تَسْلِيْمًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

سلام بھیجے اچھی طرح اور شکر اللہ کا جو رب ہے سب عالموں کا

Marfat.com

میرا دل ہو تیرے محبوب ﷺ کی الفت سے یوں مملو
مطابق ہو مرا طرزِ عمل سیرت سے، سنت سے

قریں کر فائزہ احساں کو یارب اپنی رحمت سے
کہ یہ دنیا بھی بہتر ہو نہ رکھ محروم جنت سے

Marfat.com

۷۲۔ از اوائل الخیرات

(بدھ کے ورد میں شامل درود)

رُوْحِیْ فِدَاكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْكَ

میری روح فدا ہے آپ پر اے نبی امی درود بھیجے اللہ آپ پر

قَلْبِیْ فِدَاكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْكَ

میرا دل فدا ہے آپ پر اے نبی امی درود بھیجے اللہ آپ پر

عَیْنِیْ فِدَاكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْكَ

میری آنکھ فدا ہے آپ پر اے نبی امی درود بھیجے اللہ آپ پر

جِسْمِیْ فِدَاكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْكَ

میرا جسم فدا ہے آپ پر اے نبی امی درود بھیجے اللہ آپ پر

مَالِیْ فِدَاكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْكَ

میرا مال فدا ہے آپ پر اے نبی امی درود بھیجے اللہ آپ پر

اِبْنِیْ فِدَاكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْكَ

میرا بیٹا فدا ہے آپ پر اے نبی امی درود بھیجے اللہ آپ پر

آلِیْ فِدَاكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْكَ

میری آل فدا ہے آپ پر اے نبی امی درود بھیجے اللہ آپ پر

عِلْمِیْ فِدَاكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْكَ

میرا علم فدا ہے آپ پر اے نبی امی درود بھیجے آپ پر

شُغْلِیْ فِدَاكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْكَ

میرا عمل فدا ہے آپ پر اے نبی امی درود بھیجے اللہ آپ پر

فِكْرِیْ فِدَاكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْكَ

میری فکر فدا ہے آپ پر اے نبی امی درود بھیجے اللہ آپ پر

ذِكْرِیْ فِدَاكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْكَ

میرا ذکر فدا ہے آپ پر اے نبی امی درود بھیجے اللہ آپ پر

Marfat.com

درود اتنے پڑھوں میں بھی

(اوائل الخیرات کے بدھ کے ورد کی درود سے متاثر ہو کر لکھی گئی)

نہیں کچھ شک ذرا اس میں کہ اللہ اور ملائک سب
صلوٰۃ ہر آن، ہر ساعت رسول اللہ ﷺ پر بھیجیں

فدا ہیں آپ ﷺ پر ماں باپ میرے یارسول اللہ ﷺ
فدا میں آپ ﷺ پر، ہیں آپ میرے یارسول اللہ ﷺ
درود اتنے پڑھوں میں بھی کہ گنتی ختم ہو جائے
صلوٰۃ دائمی اللہ، رسول اللہ ﷺ پر بھیجے

فدا ہے جان میری آپ ﷺ پر میرے رسول اللہ ﷺ
فدا ہے روح میری آپ ﷺ پر میرے رسول اللہ ﷺ
فدا ہے قلب میرا آپ ﷺ پر میرے رسول اللہ ﷺ
درود اتنے پڑھوں میں بھی کہ گنتی ختم ہو جائے
صلوٰۃ دائمی اللہ، رسول اللہ ﷺ پر بھیجے

فدا آنکھیں ہیں میری آپ ﷺ پر میرے سول اللہ ﷺ
فدا ہے جسم میرا آپ ﷺ پر میرے رسول اللہ ﷺ
فدا ہے مال میرا آپ ﷺ پر میرے رسول اللہ ﷺ
درود اتنے پڑھوں میں بھی کہ گنتی ختم ہو جائے
صلوٰۃ دائمی اللہ، رسول اللہ ﷺ پر بھیجے

میرے ابّا فدا ہیں آپ ﷺ پر میرے رسول اللہ ﷺ
مری امّی فدا ہیں آپ ﷺ پر میرے رسول اللہ ﷺ

Marfat.com

سَمْعِیْ فِدَاكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْكَ

میری سماعت فدا ہے آپ پر اے نبی امی درود بھیجے اللہ آپ پر

بَصَرِیْ فِدَاكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْكَ

میری بصارت (نظر) فدا ہے آپ پر اے نبی امی درود بھیجے اللہ آپ پر

عَزْمِیْ فِدَاكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْكَ

میری کوششیں فدا ہیں آپ پر اے نبی امی درود بھیجے اللہ آپ پر

جَزْمِیْ فِدَاكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْكَ

میری ہمتیں فدا ہیں آپ پر اے نبی امی درود بھیجے اللہ آپ پر

قَصْدِیْ فِدَاكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْكَ

میرا یقین فدا ہے آپ پر اے نبی امی درود بھیجے اللہ آپ پر

سِرِّیْ فِدَاكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْكَ

میرا باطن فدا ہے آپ پر اے نبی امی درود بھیجے اللہ آپ پر

وَجْهِیْ فِدَاكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْكَ

میرا چہرہ فدا ہے آپ پر اے نبی امی درود بھیجے اللہ آپ پر

رَأْسِیْ فِدَاكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْكَ

میرا سر فدا ہے آپ پر اے نبی امی درود بھیجے اللہ آپ پر

اَبِیْ فِدَاكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْكَ

میرے والد فدا ہیں آپ پر اے نبی امی درود بھیجے اللہ آپ پر

اُمِّیْ فِدَاكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْكَ

میری والدہ فدا ہیں آپ پر اے نبی امی درود بھیجے اللہ آپ پر

Marfat.com

فدا فرزند میرا آپ ﷺ پر میرے رسول اللہ ﷺ
فدا یہ بیٹیاں ہیں آپ ﷺ پر میرے رسول اللہ ﷺ
فدا ہے زوج میرا آپ ﷺ پر میرے رسول اللہ ﷺ
فدا ہے آل میری آپ ﷺ پر میرے رسول اللہ ﷺ
درود اتنے پڑھوں میں بھی کہ گنتی ختم ہو جائے
صلوٰۃ دائمی اللہ، رسول اللہ ﷺ پر بھیجے

فدا ہے علم میرا آپ ﷺ پر میرے رسول اللہ ﷺ
فدا ہے شغل میرا آپ ﷺ پر میرے رسول اللہ ﷺ
فدا ہے فکر میری آپ ﷺ پر میرے رسول اللہ ﷺ
فدا ہے ذکر میرا آپ ﷺ پر میرے رسول اللہ ﷺ
درود اتنے پڑھوں میں بھی کہ گنتی ختم ہو جائے
صلوٰۃ دائمی اللہ، رسول اللہ ﷺ پر بھیجے

سماعت بھی فدا ہے آپ ﷺ پر میرے رسول اللہ ﷺ
بصارت بھی فدا ہے آپ ﷺ پر میرے رسول اللہ ﷺ
مرا یہ سر فدا ہے آپ ﷺ پر میرے رسول اللہ ﷺ
درود اتنے پڑھوں میں بھی کہ گنتی ختم ہو جائے
صلوٰۃ دائمی اللہ، رسول اللہ ﷺ پر بھیجے

مری کوشش فدا ہے آپ ﷺ پر میرے رسول اللہ ﷺ
مرا یہ عزم و ہمت بھی فدا ہے آپ ﷺ پر آقا ﷺ
یقیں میرا فدا ہے آپ ﷺ پر میرے رسول اللہ ﷺ

Marfat.com

لَیْلِیْ فِدَاکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ

میری راتیں فدا ہیں آپ پر اے نبی امی درود بھیجے اللہ آپ پر

یَوْمِیْ فِدَاکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ

میرے دن فدا ہیں آپ پر اے نبی امی درود بھیجے اللہ آپ پر

عُمْرِیْ فِدَاکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ

میری زندگی فدا ہے آپ پر اے نبی امی درود بھیجے اللہ آپ پر

عَامِیْ فِدَاکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ

میرے شب وروز فدا ہیں آپ پر اے نبی امی درود بھیجے اللہ آپ پر

نَامِیْ فِدَاکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ

نامی لہ فدا ہے۔ آپ پر اے نبی امی درود بھیجے اللہ آپ پر

Marfat.com

فدا ہے قصد میرا آپ ﷺ پر میرے رسول اللہ ﷺ
مرا ظاہر ، مرا باطن فدا ہے آپ ﷺ پر آقا
درود اتنے پڑھوں میں بھی کہ گنتی ختم ہو جائے
صلوٰۃ دائمی اللہ، رسول اللہ ﷺ پر بھیجے

مری راتیں فدا ہیں آپ ﷺ پر میرے رسول اللہ ﷺ
مرے سب دن فدا ہیں آپ ﷺ پر میرے رسول اللہ ﷺ
فدا سب روز و شب ہیں آپ ﷺ پر دائم مرے آقا ﷺ
فدا ہے فائزہ بس آپ ﷺ پر میرے رسول اللہ ﷺ
درود اتنے پڑھوں میں بھی کہ گنتی ختم ہو جائے
صلوٰۃ دائمی اللہ، رسول اللہ ﷺ پر بھیجے

صحابی اور لقب صدیق میرے جدِّ اعلیٰ تھے
فدا اجداد تھے سو جان سے میرے رسول اللہ ﷺ
محبت آپ ﷺ کی ورثے میں پائی اپنے آباء سے
محبت کا کروں میں حق ادا، میرے رسول اللہ ﷺ
درود اتنے پڑھوں میں بھی کہ گنتی ختم ہو جائے
صلوٰۃ دائمی اللہ، رسول اللہ ﷺ پر بھیجے

محبت آپ ﷺ کی ہے زیست کا حاصل میرے آقا ﷺ
محرک ہے محبت آپ ﷺ کی ہر پل میرے آقا ﷺ
درود اتنے پڑھوں میں بھی کہ گنتی ختم ہو جائے
صلوٰۃ دائمی اللہ، رسول اللہ ﷺ پر بھیجے

Marfat.com

۷۳۔ از اوائل الخیرات

(بدھ کے ورد میں شامل درود)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَاھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَاعَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن سے شفاعت کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَاھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی رَحْمَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن سے رحمت کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَاھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی عِنَایَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن سے عنایت کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَاھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَقَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن سے شفقت کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَاھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی مَحَبَّتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن سے محبت کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَاھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی مَوَدَّتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن سے لطف و کرم کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَاھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی بِصِیْرَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن سے باطنی عنایتوں کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

Marfat.com

سبھی امیدوں کا آپ مرکز

(اوائل الخیرات کے بدھ کے ورد کی درود سے متاثر ہو کر لکھی گئی)

ضامن مرے وہ ﷺ بن گئے، امیدِ کفالت ان ﷺ سے ہے
بے چین قلب و روح کو، امیدِ ضمانت ان ﷺ سے ہے
ہیں شافعِ محشر وہی ﷺ، امیدِ شفاعت ان ﷺ سے ہے
ہیں رحمۃ للعلمیں ﷺ، امیدِ رحمت ان ﷺ سے ہے
رب نے کہا قرآن میں ان ﷺ کو رؤف و رحیم
امیدِ رافت ہے مجھے، امیدِ عنایت ان ﷺ سے ہے
ان ﷺ کی محبت شرط ہے، ایمان کی تکمیل کی
وہ ﷺ ہیں شفیق و مہرباں، امید شفقت ان ﷺ سے ہے
مخلوق نے اللہ کی ان ﷺ سے محبت پائی ہے
میں بے کس و ناکس سہی، امید محبت ان ﷺ سے ہے
ہے عام جو لطف و کرم ہر زندہ و بے جان پر
یہ ان ﷺ کا اسوۂ خاص ہے، امیدِ مَوَدّت ان ﷺ سے ہے
میرے دِلِ آلودہ کو وہ ﷺ پاک کرتے رہتے ہیں
وہ ﷺ چشمِ دل کو وا کریں، امیدِ بصیرت ان ﷺ سے ہے
ان ﷺ کی عنایت ظاہری، ان ﷺ کی عنایت باطنی
ہو ان ﷺ کی نگاہِ کرم، امید بصارت ان ﷺ سے ہے
ہیں حامی و ناصر حضور ﷺ ایمانِ اُمّت ہے یہی

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَاھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی بَصَارَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن کے نگاہ کرم کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَاھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی نَبَاعَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن کی پر زور حمایت کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَاھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی شَہَادَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن کی شہادت کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَاھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی رُؤْیَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن کے دیدار کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَاھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی زِیَارَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن سے ملاقات کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَاھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی ھِدَایَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن کی رہبری کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَاھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی کَرَامَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن سے بخشش کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَاھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی ضَمَانَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن سے کفالت کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَاھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی رِفَاقَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن سے مہربانی کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَاھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی بَدَاھَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن سے فوری شفاعت کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

Marfat.com

ہیں ملجا و ماویٰ وہی ﷺ، امیدِ حمایت ان ﷺ سے ہے
شاہد ہیں وہ ﷺ ایمان کے، شاہد وہی ﷺ اعمال کے
پیشِ نظر اعمال ہیں اُمّت کے ان ﷺ کے دم بدم
ہیں عاجزانہ کو ششیں، صالح عمل کی کس قدر
ہیں صاحبِ ایمان تو، لیکن عمل میں کم ہیں ہم
صالح عمل کی کوششیں، ہو جائیں اپنی معتبر
روزِ جزا پیش خدا، امیدِ شہادت ان ﷺ سے ہے
مشتاق ان ﷺ کی دید کے، اہلِ محبت ان ﷺ کے سب
ہے آخری خواہش یہی، امیدِ رؤیت ان ﷺ سے ہے
میرے دل بے تاب کو، آئے گا جبھی تو قرار
وہ قبر میں آئیں مری، امیدِ زیارت ان ﷺ سے ہے
بھٹکوں نہ جادہ سے کبھی، ایمان پہ قائم رہوں
رہبر مرے سرکار ﷺ ہیں، امیدِ ہدایت ان ﷺ سے ہے
بخشش مری کروائیں گے، معافی مجھے دلوائیں گے
ہوں گے کرم فرما حضور ﷺ، امیدِ کرامت ان ﷺ سے ہے
ان ﷺ کی حیاتِ پاک کا، ہے لمحہ لمحہ رہنما
ہر سرد و گرم زیست میں، امیدِ رفاقت ان ﷺ سے ہے
کمیاب ہے حسنِ عمل، اس نامۂ اعمال میں
دامن کو میں تھامے رہوں، امیدِ شفاعت ان ﷺ سے ہے
سارے جہاں پہ برکتیں، ان ﷺ کے ہی دم قدم سے ہیں

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنَا ھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی سَعَادَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن سے بڑے بڑے برکتوں کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنَا ھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی مَنَاطِقُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن سے شرف تکلم کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنَا ھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی اِطَاعَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن سے خوش دلی کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنَا ھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی شَرَافَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن سے مہربانی کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنَا ھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی عِلْمِیَّتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن سے فیض علم کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنَا ھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی حِکْمَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن سے عطائے حکمت کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنَا ھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی بَلَاغَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن سے خوش بیانی کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنَا ھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی فَصَاحَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن سے فصیح بیانی کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنَا ھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی صَدَاقَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن سے راست معاملے کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنَا ھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی نَظَافَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن سے ہم کو پاک کرنے کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

Marfat.com

ہو گی عطا ناچیز کو امیدِ سعادت ان ﷺ سے ہے
لہجہ ہے نرم، شیریں سخن، ان ﷺ کا کلام دلنشیں
مجھ سے ہوں آقا ﷺ ہمکلام، امیدِ مناطقت ان ﷺ سے ہے
ہو ان ﷺ کا فیضانِ کرم، توفیق طاعت ہو مجھے
ان ﷺ کا کروں میں اتباع، امیدِ اطاعت ان ﷺ کی ہے
اُمّت کے اک اک فرد پر، ہر لمحہ ہے ان ﷺ کا کرم
اَولیٰ وہ مومنوں سے ہیں، امیدِ شرافت اُن ﷺ سے ہے
وہ ﷺ علم کا شہر ہیں، عطا علم ان ﷺ سے ہے
بکثرت عطائے علم کی، امیدِ عنایت ان ﷺ سے ہے
حکمت عطا ہوئی جسے، خیر کثیر مل گئی
حصہ ملے وافر مجھے، امیدِ حکمت ان ﷺ سے ہے
بلیغ ہے ان ﷺ کا کلام، وہ ﷺ بلیغ سب سے جہان میں
بیان سکھایا ہے ربّ نے ان ﷺ کو، امید بلاغت ان ﷺ سے ہے
وہی ﷺ تو خطیب الوفود ہیں، فصاحت ان ﷺ پہ تمام ہے
ٹھہرے وہ ﷺ افصح العرب، امیدِ فصاحت ان ﷺ سے ہے
ہیں متفق اس سے سبھی، کہ وہ ﷺ ہیں صادق و امین
ہر معاملے ہر طور میں، امیدِ صداقت ان ﷺ سے ہے
ظاہر کی بھی باطن کی بھی، تطہیر کرتے ہیں وہی ﷺ
ہو ظاہری یا باطنی، امیدِ نظافت ان ﷺ سے ہے
ہوں گے مصروفِ شفاعت، اپنی اُمّت کو بخشوانے تک

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نَاھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی بَرَاعَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن سے کامل شفاعت کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نَاھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی شَجَاعَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن سے (ہماری حمایت میں) دلیری کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نَاھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی جَلَالَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن سے (قیامت کے دن) اقتدار کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نَاھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی جَمَالَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن سے شفقت کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نَاھُوَ الَّذِیْ تُرْجٰی سَخَاوَتُہٗ وَاٰلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے محمد ﷺ پر جن سے سخاوت کی امید ہے اور آپ کی آل پر بھی

Marfat.com

يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ اَلسَّيِّدُ الْمُعَلّٰى رَسُوْلُ نَبِيّ

اے رسول اللہ کے سردار بلند رتبہ والے رسول نبی

الْخَافِقَيْنِ قَاسِمُ خَيْرُ خَلْقِ اللّٰهِ ؕ اَلْمُسْتَغَاثُ

اہل مشرق اور مغرب کے بانٹنے والے بہتر خلق اللہ کے فریاد!

اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ

طرف درگاہ خدا تعالیٰ کے درود اور سلام اوپر آپ کے

يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ اَلْمُسْتَغَاثُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ

اے رسول اللہ کے فریاد! اے رسول اللہ کے

اَلْمُسْتَعَانُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ اَلشَّفَاعَاتُ يَا

مدد! اے رسول اللہ کے شفاعتیں فرمایئے اے

رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ اَلْخَلَاصُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ اَوْلٰى مِنْ

رسول اللہ کے رہائی اے رسول اللہ کے بہتر تمام تر

عِبَادِ اللّٰهِ اَفْضَلُنَا رَسُوْلُ نَبِيٌّ صَاحِبُ الدَّارَيْنِ

کے بندوں سے افضل ہمارے رسول نبی ساتھی دونوں جہان کے

خَادِمُ طَيِّبُ اللّٰهِ ؕ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ

خادم پاکیزہ اللہ کے فریاد! طرف درگاہ اللہ

تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ

تعالیٰ کے درود اور سلام اوپر آپ کے اے رسول اللہ کے

اَلنَّبِيُّ الْمُزَكّٰى رَسُوْلُ تَاجُ الْحَرَمَيْنِ اِمْرُتَاهِ

نبی پاک کیے گئے ایسے رسول جو تاج ہیں مکہ معظمہ مدینہ منورہ کے حکم دینے والے نیک

Marfat.com

میں یہ فریاد کرتی ہوں حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً ان ﷺ پر ،تو بے حد رحمتیں فرما

برگزیدہ نبی ﷺ تیرے، دوعالم میں پھیلی ان ﷺ کی ضیاء
چراغ وہ ﷺ سب رسولوں کے، سب سے زیادہ ان ﷺ کی ثناء
پاکیزہ ترین ہستی ان ﷺ کی اللہ نے ان ﷺ کو پاک کیا
میں یہ فریاد کرتی ہوں، حضورِ باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً ان ﷺ پر ،تو بے حد رحمتیں فرما

سردار بلند رتبے والے، رسول وہ ﷺ مشرق و مغرب کا
تقسیم نعمت کرتے ہیں، قاسم کا منصب ان ﷺ کو ملا
میں یہ فریاد کرتی ہوں، حضورِ باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً ان ﷺ پر ، تو بے حد رحمتیں فرما
میری فریاد سُن لیجئے، مدد کیجئے رسول اللہ ﷺ
سفارش کیجئے میری، رہائی غم سے ہو آقا ﷺ

عباد اللہ میں جو سب سے بہتر اور ہیں اُولیٰ
وہ ﷺ ساتھی دو جہانوں کے وہ ﷺ افضل اور ہیں اعلیٰ
عبودیتِ الٰہی میں نہیں ہے دوسرا ان ﷺ سا

Marfat.com

نَاجِ طَاهِرُ اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَةِ اللّٰهِ

کاموں کے منع کرنے والے بدی سے پاکیزہ اللہ کے فریاد! طرف درگاہ اللہ تعالیٰ

تَعَالٰی اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط

کے درود اور سلام اوپر آپ کے اے رسول اللہ کے

هَذَا نَا رَسُوْلُ جَدُّ الطَّيِّبَيْنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ

ہدایت کیا ہم کو رسول نے جو نانا میں دو پاکوں حسن اور حسین کے

دَاعِ مُطَهِّرُ اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَةِ اللّٰهِ

بلانے والے خدا کی طرف پاکیزہ اللہ کے فریاد! طرف درگاہ اللہ تعالیٰ

تَعَالٰی اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط

کے درود اور سلام اوپر آپ کے اے رسول اللہ کے

اَلْمُسْتَغَاثُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَعَانُ يَا رَسُوْلَ

فریاد! اے رسول اللہ کے مدد کیجئے اے رسول

اللّٰهِ ط اَلشَّفَاعَاتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط اَلْخَلَاصُ

اللہ کے مدد کیجئے اے رسول اللہ کے رہائی!

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط نَبِيٌّ مُّخْتَارٌ مُّرْتَضٰی اِمَامُ

اے رسول اللہ کے نبی پسند کئے گئے برگزیدہ کئے گئے پیشوا

رَّسُوْلٌ مُّقْتَدَی الْاَئِمَّةِ الْمَهْدِيِّيْنَ هَادِ

رسول اقتدا کئے گئے اماموں کے جو ہدایت یافتہ ہیں ہدایت دینے والے

مُّبِيْنُ اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَةِ اللّٰهِ

ظاہر کرنے والے اللہ کے فریاد! طرف درگاہ اللہ تعالیٰ

Marfat.com

میں یہ فریاد کرتی ہوں حضورِ باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً ان ﷺ پر، تو بے حد رحمتیں فرما

رسول ﷺ اللہ کے وہ، جن کو مُصفّا اور کیا اَزکیٰ
وہی ﷺ تو تاج والے ہیں حرم مکّے کا ہو یا مدینے کا
حکم کرتے ہیں نیکی کا، گناہ گاری سے بچنے کا
وہی ﷺ تو ہیں نبی طاہر، طہارت ان ﷺ کا ہے اُسوہ
میں یہ فریاد کرتی ہوں حضورِ باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً ان ﷺ پر، تو بے حد رحمتیں فرما

ہدایت ہم کو دیتے ہیں جو ہیں حسنینؓ کے نانا
بتاتے ہیں وہ ﷺ سیدھا راستہ ربّ تک پہنچنے کا
میں یہ فریاد کرتی ہوں، حضورِ باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً ان ﷺ پر، تو بے حد رحمتیں فرما
میری فریاد سن لیجئے، مدد کیجئے رسول ﷺ اللہ
سفارش کیجئے میری، رہائی غم سے ہو آقا ﷺ

رسول ﷺ اللہ کے وہ ﷺ ہیں، پسندیدہ پسندیدہ
امام سارے رسولوں کے، اماموں کے وہ مقتدا

Marfat.com

تَعَالَى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ط

کے درود اور سلام اُوپر آپ کے اے رسول اللہ کے

هَذَا نَارَسُوْلٌ بِهَدَايَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى مُهْدِى

راستہ سیدھا دکھایا ہم کو رسول نے مطابق ہدایت اللہ تعالیٰ کے راہ راست پر لانے

الْاُمَّةِ مِنَ الضَّلٰلَةِ مُهْتَدٍ مُّطِيْعُ اللّٰهِ ط

والے اُمت کے گمراہی سے ہدایت یافتہ فرماں بردار اللہ کے

اَلْوُدُوْدُ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ

فریاد ! طرف درگاہ اللہ تعالےٰ کے درود

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ط حَبِيْبُنَا رَسُوْلُ

اور سلام اُوپر آپ کے اے رسول اللہ کے محبوب ہمارے ایسے رسول

مُّهْدِى الْاُمَّةِ مُحَمَّدٌ وَّرَسُوْلٌ مُصْطَفٰى حُجَّةٌ

جو ہدایت کرنے والے ہیں اُمت کو محمدؐ اور رسول برگزیدہ دلیل

اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ

اللہ کے فریاد ! طرف درگاہ اللہ تعالیٰ کے درود

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ يَا

اور سلام اُوپر آپ کے اے رسول اللہ کے فریاد ! اے

رَسُوْلَ اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَعَانُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ط اَلشَّفَاعَاتُ

رسول اللہ کے مدد کیجئے اے رسول اللہ کے شفاعت کیجئے

يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ط اَلْغَوَاثُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مُحَمَّدًا

اے رسول اللہ کے دہائی ! اے رسول اللہ کے نام آپ کا محمدؐ ہے

Marfat.com

ہادی وہ ﷺ راہ ہدایت کے ظاہر کیا ہدایت کا رستہ
میں یہ فریاد کرتی ہوں، حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً ان ﷺ پر، تو بے حد رحمتیں فرما

رسول اللہ ﷺ کے، رستہ دکھاتے ہیں وہی سیدھا
بچاتے گمرہی سے اور دکھاتے ہیں وہی اللہ کا رستہ
اطاعت ربّ کی کرتے، سبق دیتے ہیں طاعت کا
میں یہ فریاد کرتی ہوں، حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر، تو بے حد رحمتیں فرما

ہمیں محبوب ہیں، اُمّت کی ہدایت کا وہ ﷺ ہیں ذریعہ
دلیل اللہ کی اور جو رسول ﷺ ہیں نہایت برگزیدہ
میں یہ فریاد کرتی ہوں، حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر، تو بے حد رحمتیں فرما
میری فریاد سن لیجئے، مدد کیجئے رسول اللہ ﷺ
سفارش کیجئے میری، رہائی غم سے ہو آقا ﷺ

رسول ﷺ اللہ کے بیشک محمد ﷺ، احمد و حامد
وہی ﷺ محمود ہیں، اللہ ان ﷺ کو دوست ہے رکھتا

Marfat.com

اَحْمَدُ حَامِدُ مَّحْمُوْدُ مَّحْبُوْبُ مُّحِبُّ اللّٰهِ وَ

احمد ہے حامد ہے محمود ہے پیارے خدا کے دوست رکھنے والے اور

مُحِبُّنَا رَسُوْلُ كَرِيْمُ اللّٰهِ مَرْضِيُّ حَبِيْبُنَا رَسُوْلُ

ہم سے محبت کرنے والے رسول کریم اللہ کے برگزیدہ ہمارے محبوب رسول

كَرِيْمُ مُرْتَضٰى خَلِيْفَةُ اللّٰهِ الْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ

صاحب کرم مقبول خلیفہ اللہ کے فریاد ! طرف درگاہ

اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

اللہ تعالیٰ کے درود اور سلام اوپر آپ کے اے رسول اللہ کے

رَسُوْلُنَا رَسُوْلُ عَلَى الدَّوَامِ نَبِيُّ طٰهٰ يٰسٓ قَائِمُ

رسول ہمارے رسول اور ہمیشگی کے نبی طٰہٰ یٰسٓ قیام کرنے والے

حَامِدُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى

عبادت میں تعریف کرنے والے اللہ کے فریاد ! طرف درگاہ اللہ تعالیٰ کے

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَمِيْرُنَا

درود اور سلام اوپر آپ کے اے رسول اللہ کے امیر ہمارے

رَسُوْلُ وَّنَبِيُّ كَرِيْمُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اِسْمُهٗ

رسول اور نبی صاحب کرم محمدؐ رسول اللہ کے نام آپ کا

اَحْمَدُ نَاصِرُ كَلِيْمُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ

احمد ہے مدد دینے والے کلام کرنے والے اللہ سے فریاد ! طرف درگاہ

اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

اللہ تعالیٰ کے درود اور سلام اوپر آپ کے اے رسول اللہ کے

Marfat.com

وہ ﷺ ہیں محبوب ﷺ اللہ کے، وہ ان ﷺ سے پیار ہے کرتا
رضائے ربّ کے وہ ﷺ طالب، اُنہیں محبوب ہے اللہ

ہے اُمّت ان ﷺ کو پیاری اور اُمّت ان ﷺ پہ ہے شیدا
کرم والے، اور درجہ ہے ان ﷺ کا خلیفہ کا
میں یہ فریاد کرتی ہوں، حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر، تو بے حَد رحمتیں فرما

دوام ان ﷺ کی رسالت کو، وہی ﷺ یٰسین اور طٰہٰ
وہی ﷺ حامد ہیں تیرے، اور مقام حمد ان ﷺ کو ہی عطا ہو گا
میں یہ فریاد کرتی ہوں، حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر، تو بے حد رحمتیں فرما

ہیں سردار رُسل، نام احمد ﷺ اور کلیم اللہ

میں یہ فریاد کرتی ہوں، حضورِ باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر، تو بے حد رحمتیں فرما
میری فریاد سُن لیجئے، مدد کیجئے رسول اللہ ﷺ
سفارش کیجئے میری، رہائی غم سے ہو آقا ﷺ

Marfat.com

اَلْمُسْتَغَاثُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ يَا رَسُوْلَ

فریاد! اے رسول اللہ کے مدد کیجئے اے رسول

اللّٰهِ ط اَلشَّفَاعَاتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط اَلْخَلَاصُ يَا

اللہ کے شفاعت فرمایئے اے رسول اللہ کے رہائی اے

رَسُوْلَ اللّٰهِ ط مُعِيْنُنَا رَسُوْلٌ وَّدُرٌّ نَبِيٌّ الْيَاسِيْنُ

رسول اللہ کے مدد کرنے والے ہمارے رسول اور موتی چمکدار نبی کریم وہ نام مبارک

اِمَامُ اَمِيْنُ اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ

یاسین ہے پیشوا امانت دار اللہ کے فریاد! طرف درگاہ اللہ

تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط

تعالیٰ کے درود اور سلام اُوپر آپ کے اے رسول اللہ کے

حِجَازُ وَالے اللّٰهِ کے قہر سے ڈرانے والے فریاد! طرف درگاہ اللہ

مُصَدِّقُنَا رَسُوْلٌ وَّحَبِيْبُ نَبِيٌّ مُّزَّمِّلُ بَيَانُ

تصدیق کرنے والے ہمارے پیغمبر اور محبوب نبی کلیم پوش بیان کرنے والے

رَسُوْلُ اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى

رسول اللہ کے فریاد! طرف درگاہ اللہ تعالیٰ کے

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط شَاهِدُنَا

درود اور سلام اُوپر آپ کے اے رسول اللہ کے شاہد ہمارے

شَافِعُنَا رَسُوْلٌ وَّنَبِيٌّ مُّدَّثِّرٌ صَاحِبُ الْقُرْاٰنِ

شفاعت کرنے والے ہمارے رسول اور نبی لباس پوش صاحب قرآن کے

نُوْرُ اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى

نور اللہ کے فریاد! طرف درگاہ اللہ تعالیٰ کے

Marfat.com

اعانت میری فرمائیں یٰسیں مبارک نام ہے جن ﷺ کا
ہیں گویا موتی چمکیلا، امانت دار رہبر اور پیشوا
مُصدّق وہ رسولوں کے، نبی محبوب ﷺ وہ ربّ کا
مزّمل وہ ﷺ، مدثّر وہ ﷺ، بیان ان ﷺ کا بہت اعلیٰ
میں یہ فریاد کرتی ہوں حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر تو بے حد رحمتیں فرما

وہ ﷺ ہیں اعمال کے شاھد شفاعت منصب ہے ان ﷺ کا
نبی ﷺ وہ اور رسول برحق ﷺ ، قرآن تو نے کیا عطا
وہی ﷺ ہیں نور اللہ سے، وہی ﷺ ہیں نور اللہ کا
میں یہ فریاد کرتی ہوں حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر، تو بے حد رحمتیں فرما
میری فریاد سن لیجئے، مدد کیجئے رسول ﷺ اللہ
سفارش کیجئے میری، رہائی غم سے ہو آقا ﷺ

معطّر روح ہے ان ﷺ کی، مطہّر جسم ہے ان ﷺ کا
علامت ہیں وہ ﷺ نیکی کے، نہیں کوئی سخی اُن ﷺ سا

Marfat.com

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ط

درود اور سلام اُوپر آپ کے اے رسول اللہ کے

اَلْمُسْتَغَاثُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ط اَلْمُسْتَعَانُ یَا

فریاد! اے رسول اللہ کے مدد چاہئے اے

رَسُوْلَ اللّٰہِ ط اَلشَّفَاعَاتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ط

رسول اللہ کے شفاعت کیجئے اے رسول اللہ کے

اَلْخَلَاصُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ط مُذَکِّرُنَا رَسُوْلُ

رہائی! اے رسول اللہ کے یاد دلانے والے ہمارے رسول

مُعَطِّرُ الرُّوْحِ مُطَہِّرُ الْجِسْمِ بَارِّ جَوَادُ اللّٰہِ ط

خوشبودار روح والے پاک جسم والے نیکی کرنے والے سخی اللہ کے

اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَ

فریاد! طرف درگاہ اللہ تعالیٰ کے درود اور

السَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ط سُلْطَانُ الْاَنْبِیَآءِ

سلام اُوپر آپ کے اے رسول اللہ کے بادشاہ نبیوں کے

وَبُرْھَانُ الْاَصْفِیَآءِ مُفَخَّرُنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ

اور دلیل اہل صفا کے جن پر ہم کو فخر ہے رسول قرآن

الْفُرْقَانِ عَلِیٌّ مَّکِّیٌّ شَکُوْرُ اللّٰہِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ

والے بلند مرتبہ والے مکہ والے شکر گزار اللہ کے فریاد!

اِلٰی حَضْرَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ

طرف درگاہ اللہ تعالیٰ کے درود اور سلام اُوپر آپ کے

Marfat.com

سکھایا ذکر ہے تیرا، وہ ﷺ کرتے ذکر ہیں تیرا
میں یہ فریاد کرتی ہوں حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر تو بے حد رحمتیں فرما

رسول ﷺ اللہ کے وہ ﷺ، اور ہیں وہ ﷺ سردارِ انبیاء
وہ ﷺ جن پر فخر ہے ہم کو، ٹھہرے وہ ﷺ دلیلِ اصفیاء
وہی ﷺ ہیں صاحبِ فرقاں، ہے ان ﷺ کا مرتبہ اعلیٰ
شکر کرتے ہیں وہ ﷺ ربّ کا اور مکّہ ہے شہر ان ﷺ کا
میں یہ فریاد کرتی ہوں حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر اور بے حد رحمتیں فرما

مدد کرتے ہیں وہ ﷺ سب کی، اہلِ تقویٰ کے وہ ﷺ پیشوا
وہی ﷺ تو صاحبِ کوثر، ہیں دیتے تربیت اعلیٰ
مدینہ دارالہجرت ہے وہی ﷺ ہیں نور اللہ کا
میں یہ فریاد کرتی ہوں حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر اور بے حد رحمتیں فرما

میری فریاد سن لیجئے، مدد کیجئے رسول ﷺ اللہ
سفارش کیجئے میری، رہائی غم سے ہو آقا ﷺ

Marfat.com

يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ط اِمَامُ الْاَتْقِيَآءِ نَاصِرُنَا رَسُوْلُ

اے اللہ کے رسول امام پرہیز گاروں کے مدد کرنے والے ہمارے رسول

صَاحِبُ الْكَوْثَرِ مُرَبِّ مَّدَنِيٍّ مُّنِيْرُ اللّٰهِ ط

صاحب حوض کوثر کے مربی مدینہ والے نورانی بندے اللہ کے

اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَ

فریاد! طرف درگاہ اللہ تعالیٰ کے درود اور

السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ يَا

سلام اوپر آپ کے اے رسول اللہ کے فریاد! اے

رَسُوْلَ اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط

رسول اللہ کے مدد کیجئے اے رسول اللہ کے

اَلشَّفَاعَاتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط اَلْخَلَاصُ يَا

شفاعت فرمایئے اے رسول اللہ کے رہائی! اے

رَسُوْلَ اللّٰهِ سِرَاجُ الْاَوْلِيَآءِ ضِيَآؤُنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ

رسول اللہ کے چراغ ولیوں کے روشنی ہمارے رسول صاحب

الْمِيْزَانِ اَبْطَحِيٌّ قَرِيْبُ اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى

میزان کے مکہ والے مقرب اللہ کے فریاد! طرف

حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا

درگاہ اللہ تعالیٰ کے درود اور سلام اوپر آپ کے اے

رَسُوْلَ اللّٰهِ ط بُرْهَانُ الْاَصْفِيَآءِ رَسُوْلُ صَاحِبُ

رسول اللہ کے برہان اہل صفا کے رسول براق

Marfat.com

چراغ اولیاء بیشک وہ ﷺ نورانی ہیں سرتاپا
وہی ﷺ میزان والے ہیں مُقرّب باریٔ تعالیٰ
میں یہ فریاد کرتی ہوں حضورِ باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر، اور بے حد رحمتیں فرما
میری فریاد سُن لیجئے، مدد کیجئے رسول ﷺ اللہ
سفارش کیجئے میری، رہائی غم سے ہو آقا ﷺ
برہان اہلِ صفا کے وہ، برّاق مرکب بنا جنکا
یتیم پیدا ہوا جو، اور بنا سردار عالم کا
میں یہ فریاد کرتی ہوں حضورِ باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر اور بے حد رحمتیں فرما
شفیع ہیں وہ ﷺ ہمارے اور بدلہ دیتے ہیں اچھا
وہ اپنے ربّ کے شاھد، قریشی اور ہدایت ہافتہ
میں یہ فریاد کرتی ہوں حضورِ باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر اور بے حد رحمتیں فرما
میری فریاد سُن لیجئے، مدد کیجئے رسول ﷺ اللہ
سفارش کیجئے میری، رہائی غم سے ہو آقا ﷺ

Marfat.com

اَلْبُرَاقِ سَيِّدُ الْقَوْمِ عَرَبِيٌّ يَتِيْمُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ

والے سردار قوم کے عرب والے یتیم اللہ کے فریاد!

اِلٰی حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ

طرف درگاہ اللہ تعالیٰ کے درود اور سلام اوپر آپ کے

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ شَفِيْعُنَا رَسُوْلٌ مُّجْزِيٌّ مُّهْدِيٌّ

اے رسول اللہ کے شفیع ہمارے رسول نیک جزا دینے والے ہدایت یافتہ

قُرَيْشِيٌّ شَهِيْدُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَةِ اللّٰهِ

قریشی شاہد اللہ کے فریاد! طرف درگاہ اللہ

تَعَالٰی اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

تعالیٰ کے درود اور سلام اوپر آپ کے اے رسول اللہ کے

اَلْمُسْتَغَاثُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ يَا رَسُوْلَ

فریاد! اے رسول اللہ کے مدد کیجئے اے رسول

اللّٰهِ اَلشَّفَاعَاتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلْخَلَاصُ يَا

اللہ کے شفاعت فرمائیے اے رسول اللہ کے رہائی اے

رَسُوْلَ اللّٰهِ اِمَامُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَزِيْنَةُ الْاَنْبِيَاءِ

رسول اللہ کے پیشوا مومنوں کے اور زینت نبیوں

وَالْمُرْسَلِيْنَ وَوَسِيْلَتُنَا رَسُوْلٌ خَادِمُ الْفُقَرَاءِ

اور پیغمبروں کے اور وسیلہ ہمارے رسول خدمت کرنے والے فقیروں کے

حِجَازِيٌّ نَذِيْرُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَةِ اللّٰهِ

حجاز والے اللہ کے ڈر سے ڈرانے والے فریاد! طرف درگاہ اللہ

Marfat.com

تمام اہلِ ایماں کے، وہی ﷺ امام و مقتدا
وہ ﷺ نبیوں اور رسولوں میں سبھی سے ارفع و اعلیٰ
وسیلہ ہیں ہمارے واسطے دنیا و عقبیٰ کا
وہ ﷺ سب کے کام آتے ہیں غرباء ہوں یا فقراء
انہوں ﷺ نے ہی ہمیں قہر الٰہی سے ڈرایا اور چونکایا
عرب کے ہیں حجازی بھی انہوں نے نام ہے پایا
میں یہ فریاد کرتی ہوں حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر اور بے حد رحمتیں فرما

نبوت ختم ہے ان ﷺ پر، ہے احمد نام پاک اُن ﷺ کا
وہی تو ہیں انہوں نے کفرو بدعت کو مٹا ڈالا
وہی ﷺ محبوب ہیں رب کے، محمد ﷺ ابن عبد اللہ
میں یہ فریاد کرتی ہوں حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر اور بے حد رحمتیں فرما

رسول اللہ ﷺ سچے ہیں انہوں نے سچ ہی فرمایا
متوسط، میانہ رو، ہمیشہ اُن ﷺ کو ہے پایا

Marfat.com

تَعَالَى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ

تعالیٰ کے درود اور سلام اوپر آپ کے اے رسول اللہ کے

خَتْمُ الْاَنْبِيَاءِ اَحْمَدُ وَخَاتِمُ النَّبِيِّيْنَ رَسُوْلُ

آخر آنے والے نبیوں کے نام مبارک آپ کا احمد ہے اور آخر سب انبیاء کے رسول

مَّاحِيَ الْكُفْرِ وَالْبِدْعَةِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ؕ

مٹانے والے کفر کے اور بدعت کے محمدؐ بیٹے عبد اللہ کے

اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَ

فریاد! طرف درگاہ اللہ تعالیٰ کے درود اور

السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ صَدَقَ رَسُوْلُنَا

سلام اوپر آپ کے اے رسول اللہ کے سچ فرمایا رسول ہمارے نے

مُرْسَلٌ مُّتَوَسِّطٌ رَّسُوْلٌ رَّحِيْمُ اللّٰهِ ؕ اَلْمُسْتَغَاثُ

پیغمبر میانہ رو رسول رحیم اللہ کے فریاد!

اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ

طرف درگاہ اللہ تعالیٰ کے درود اور سلام اوپر آپ کے

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ اَلْمُسْتَغَاثُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ اَلْمُسْتَغَاثُ

اے رسول اللہ کے فریاد! اے رسول اللہ کے مدد کیجئے

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ اَلشَّفَاعَاتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ اَلْخَلَاصُ

اے رسول اللہ کے شفاعت فرمایئے اے رسول اللہ کے رہائی!

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ سَيِّدُنَا رَسُوْلٌ مُّسْتَغَاثٌ مُّقْتَصِدٌ

اے رسول اللہ کے سردار ہمارے پیغمبر فریاد چاہنے والے میانہ روی کرنے والے

Marfat.com

رؤف ان ﷺ کو کہا رب نے رحیم اُن ﷺ کو ہے فرمایا
میں یہ فریاد کرتی ہوں حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر اور بے حد رحمتیں فرما
میری فریاد سُن لیجئے، مدد کیجئے رسول ﷺ اللہ
سفارش کیجئے میری، رہائی غم سے ہو آقا ﷺ

وہ ﷺ سیّدنا کہ فریادوں کا سننا جن کا ہے شیوا
میرے آقا ﷺ میانہ رو، حِلم و بردباری میں ہیں وہ ﷺ یکتا
میں یہ فریاد کرتی ہوں، حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر ، تو بے حد رحمتیں فرما
میری فریاد کو پہنچیں، اب آئیں یا رسول اللہ ﷺ
رسول برحق اللہ کے، اے جن و انس کے آقا ﷺ

میں یہ فریاد کرتی ہوں، حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر، تو بے حد رحمتیں فرما
میری فریاد سُن لیجئے، مدد کیجئے رسول ﷺ اللہ
شفاعت کیجئے میری، سفارش یا رسول ﷺ اللہ

Marfat.com

حَلِیْمُ اللّٰہِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی

بردبار بندے اللہ کے فریاد طرف ← درگاہ اللہ تعالیٰ کے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَغِثْنَا یَا

درود اور سلام اُوپر آپؐ کے اے رسول اللہ کے فریاد کو پہنچیے اے

رَسُوْلَ الثَّقَلَیْنِ اَنْتَ حَقٌّ مُّبِیْنُ اللّٰہِ اَلْمُسْتَغَاثُ

رسول انسانوں اور جنوں کے آپ برحق ہیں ظاہر کرنے والے اللہ کے فریاد!

اِلٰی حَضْرَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا

طرف درگاہ اللہ تعالیٰ کے درود اور سلام اُوپر آپ کے اے

رَسُوْلَ اللّٰہِ سہ بار ہر کلمہ خواندہ شود اَلْمُسْتَغَاثُ یَا رَسُوْلَ

رسول اللہ کے (ہر کلمہ تین بار پڑھا جائے) فریاد! اے رسول

اللّٰہِ اَلْمُسْتَعَانُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَلشَّفَاعَاتُ یَا رَسُوْلَ

اللہ کے مدد کیجئے اے رسول اللہ کے شفاعت کیجئے اے رسول

اللّٰہِ اَلْمُشَفَّعُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَاعِظُنَا رَسُوْلٌ وَّ

اللہ کے شفارش فرمایئے اے رسول اللہ کے نصیحت کرنے والے ہم کو رسول اور

رَسُوْلُہُ الْمُجْتَبٰی صَاحِبُ الرِّسَالَۃِ اَوَّلٌ قَدِیْمٌ وَّ

ایسے رسول اللہ کے جو برگزیدہ ہیں صاحب رسالت ہیں پہلے ہیں شروع سے (پیغمبر)

حَبِیْبُ اللّٰہِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی

ہیں محبوب ہیں اللہ کے فریاد! طرف درگاہ اللہ تعالیٰ کے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَلْمُسْتَغَاثُ

درود اور سلام اُوپر آپ کے اے اللہ رسول کے فریاد!

Marfat.com

نصیحت کرنے والے وہ رسول مجتبیٰ آقا ﷺ
وہ ﷺ صاحب ہیں رسالت کے قدیم اور ہیں اولیٰ
خدا خود ان ﷺ پہ شیدا ہے وہی تو ہیں حبیب اللہ ﷺ
میں یہ فریاد کرتی ہوں حضورِ باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر اور بے حد رحمتیں فرما
میری فریاد سُن لیجئے، مدد کیجیے رسول ﷺ اللہ
سفارش کیجئے میری، رہائی غم سے ہو آقا ﷺ
شریعت ہے ملی ان ﷺ کو، وہ ﷺ ہیں بے حد کرم فرما
غموں کو دور کرتے ہیں، نہیں شک ہیں عزیز اللہ
میں یہ فریاد کرتی ہوں حضورِ باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر اور بے حد رحمتیں فرما
دلیل پرہیز گاروں کے، ہیں خود وہ ﷺ صاحبِ تقویٰ
وہ ﷺ صاحب ہیں طریقت کے، وہ ﷺ مظہر ہیں فصاحت کا
وہ ﷺ ظاہر اور باطن کے سبھی امراض کی شفا
میں یہ فریاد کرتی ہوں حضورِ باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر اور بے حد رحمتیں فرما

Marfat.com

يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَلْمُسْتَعَانُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَلشَّفَاعَاتُ

اے رسول اللہ کے مدد کیجئے اے رسول اللہ کے شفاعت فرمایئے

يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَلْخَلَاصُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَكْرَمْنَا

اے رسول اللہ کے رہائی! اے رسول اللہ کے سب سے زیادہ ہم پر کرم کرنیوالے

رَسُوْلُ صَاحِبُ الشَّرِيْعَةِ وَكَاشِفُ الْغُمَّةِ اٰخِرُ

رسول شریعت والے اور غموں کو دُور کرنے والے آخر (پیغمبر)

عَزِيْزُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى

عزیز اللہ کے فریاد! طرف درگاہ اللہ تعالیٰ کے

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَهْلُ

درود اور سلام اُوپر آپ کے اے رسول اللہ کے تقویٰ

التَّقْوٰى وَبُرْهَانُ الْاَتْقِيَاءِ رَشِيْدُنَا رَسُوْلُ

والے اور برہان پرہیزگاروں کے ہم کو نیک ہدایت کرنے والے رسول

صَاحِبُ الطَّرِيْقَةِ شِفَاءُ فَصِيْحُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ

صاحب شریعت شفا دینے والے (ظاہر و باطن امراض کے) خوشگوار اللہ کے فریاد!

اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا

طرف درگاہ اللہ تعالیٰ کے درود اور سلام اُوپر آپ کے اے

رَسُوْلَ اللّٰهِ اٰمَنَّا بِكَ اَنْتَ نَبِيُّنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ

رسول اللہ کے ایمان لائے ہم آپ پر آپ ہمارے نبی ہیں رسول ہیں صاحب

الْحَقِيْقَةِ مُضَرِّيُّ بَشِيْرُ نَذِيْرُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ

معرفت ہیں منسوب طرف مضر کے بشارت دینے والے ڈرانے والے اللہ سے فریاد!

Marfat.com

نبی ہیں آپ ﷺ ہم سب کے ، یہی ایمان ہے اپنا
رسول ﷺ اللہ کو ہے معرفت سب سے ملی زیادہ
وہ ﷺ بہتر جانتے ہیں کیا برا ہے اور بھلا ہے کیا
ڈرانے والے ہیں آقا ﷺ، بشارت دیتے ہیں آقا ﷺ

میں یہ فریاد کرتی ہوں حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر اور بے حد رحمتیں فرما
میری فریاد سُن لیجئے، مدد کیجیے رسول ﷺ اللہ
سفارش کیجئے میری، رہائی غم سے ہو آقا ﷺ

وہی ﷺ بالآخر ساری امّتوں کے ہوں گے رہبر و راہنما
اور ان ﷺ کی امّت کو درجہ ملا ہے خیرِ امت کا
کہ جنت میں اسی امّت کا پہلے داخلہ ہو گا
وہی ﷺ ہیں معرفت والے دلیلِ رحمت مولا
میں یہ فریاد کرتی ہوں حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر اور بے حد رحمتیں فرما

وہ ﷺ احسان کرنے والے ہیں بزرگی ان ﷺ کا ہے رُتبہ
کرم وہ ﷺ سب پہ کرتے ہیں کرم ہے ان ﷺ کا بس شیوہ

Marfat.com

اِلٰی حَضْرَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا

طرف درگاہ اللہ تعالیٰ کے درود اور سلام اوپر آپ کے اے

رَسُوْلَ اللّٰہِ اَلْمُسْتَغَاثُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَلْمُسْتَعَانُ

رسول اللہ کے فریاد ! اے رسول اللہ کے مدد کیجئے

یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَلشَّفَاعَاتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَلْخَلَاصُ

اے رسول اللہ کے شفاعت کیجئے اے رسول اللہ کے رہائی!

یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِمَامُ الْاُمَمِ مُقَدِّمُنَا رَسُوْلُ

اے رسول اللہ کے امام امتوں کے ہم کو جنت میں پہلے بھیجنے والے رسول

صَاحِبُ الْمَعْرِفَۃِ بُرْھَانُ رَحْمَۃِ اللّٰہِ اَلْمُسْتَغَاثُ

صاحب معرفت کے دلیل رحمت اللہ کے فریاد!

اِلٰی حَضْرَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا

طرف درگاہ اللہ تعالیٰ کے درود اور سلام اوپر آپ کے اے

رَسُوْلَ اللّٰہِ کَبِیْرُنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ الْمِنَّۃِ ظَاھِرُ

رسول اللہ کے بزرگ ہمارے رسول صاحب احسان کے غالب

کَرِیْمِ اللّٰہِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی

کریم اللہ کے فریاد! طرف درگاہ اللہ تعالیٰ کے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ سَنَدُ

درود اور سلام اوپر آپ کے اے رسول اللہ کے تکیہ گاہ

اَلْعَاصِیْنَ رَسُوْلُ صَاحِبُ الْجَنَّۃِ فَارِغُ جَھَنَّمَ

گنہگاروں کے رسول صاحب جنت کے خالی کرنے والے دوزخ کے

Marfat.com

میں یہ فریاد کرتی ہوں حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر اور بے حد رحمتیں فرما

رسول اہلِ جنت، ہیں آسرا وہ ﷺ گناہگاروں کا
کہ وہ سب لوگ جن کے دل میں ایماں رائی بھر ہو گا
جہنم کو وہ اُن ﷺ سے کروائیں گے خالی، لے لیا ذمہ
تہامی بھی وہ ﷺ کہلائے کہ مکّہ شہر ہے اُن ﷺ کا
وہ ﷺ مومن ہیں کہ اللہ پر سدا ایمان ہے اُن ﷺ کا

میں یہ فریاد کرتی ہوں حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر اور بے حد رحمتیں فرما

میری فریاد سُن لیجئے، مدد کیجیے رسول ﷺ اللہ
سفارش کیجئے میری، رہائی غم سے ہو آقا ﷺ

وہ ﷺ دانائی سے ہیں معمور، سیدھا راستہ اُن ﷺ کا
انہوں ﷺ نے دین کی تبلیغ کی، دنیا میں پھیلا یا
وہ ﷺ عاقب ہیں رسولوں میں انہیں آخر میں بلوایا

Marfat.com

سُلطَانُ نِہَامِی مُؤمِنُ اللّٰہِ اَلمُستَغَاثُ اِلَی

بادشاہ تمامی یعنی مکمل والے ایمان لانے والے اللہ پر فریاد! طرف

حَضرَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیکَ یَا

درگاہ اللہ تعالیٰ کے درود اور سلام اُوپر آپ کے اے

رَسُولَ اللّٰہِ اَلمُستَغَاثُ یَا رَسُولَ اللّٰہِ اَلمُستَغَاثُ

رسول اللہ کے فریاد! اے رسول اللہ کے مدد کیجئے

یَا رَسُولَ اللّٰہِ اَلشَّفَاعَاتُ یَا رَسُولَ اللّٰہِ

اے رسول اللہ کے شفاعت کیجئے اے رسول اللہ کے

اَلخَلَاصُ یَا رَسُولَ اللّٰہِ فَقِیہُنَا رَسُولُ صَاحِبُ

رہائی! اے رسول اللہ کے دانا ہمارے رسول صاحب

اَلصِّرَاطِ مُبَلِّغُ عَاقِبُ اللّٰہِ اَلمُستَغَاثُ اِلَی حَضرَۃِ

صراط کے پہنچانے والے پیچھے آنے والے نبی اللہ کے فریاد! طرف درگاہ

اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیکَ یَا رَسُولَ اللّٰہِ

اللہ تعالیٰ کے درود اور سلام اُوپر آپ کے اے رسول اللہ کے

اَنتَ وَلِیُّنَا رَسُولُ صَاحِبُ اَلشَّفَاعَاتُ بَاذِلُ

آپ ہمارے ولی ہیں رسول ہیں صاحب ہیں شفاعتوں کے سخی ہیں

بَاطِنُ خَلِیلُ اللّٰہِ اَلمُستَغَاثُ اِلَی حَضرَۃِ اللّٰہِ

صاحب باطن ہیں پیارے ہیں اللہ کے فریاد! طرف درگاہ اللہ

تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیکَ یَا رَسُولَ اللّٰہِ

تعالیٰ کے درود اور سلام اُوپر آپ کے اے رسول اللہ کے

Marfat.com

میں یہ فریاد کرتی ہوں حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر اور بے حد رحمتیں فرما

وہی ﷺ والی ہمارے ہیں شفاعت منصب ہے اُن ﷺ کا
خلیل اللہ کے وہ ﷺ، اور باطن روشن تر اُن ﷺ کا
سخی ان ﷺ سا نہ دنیا میں کوئی تھا، ہے اور نہ ہو گا
میں یہ فریاد کرتی ہوں حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر اور بے حد رحمتیں فرما

شفیع ہیں وہ ﷺ ہمارے تاج اور معراج بس اعزاز ہے ان ﷺ کا
حلال کرنے کا منصب بھی بِاذن اللہ ہے ان ﷺ کا
میں یہ فریاد کرتی ہوں حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر اور بے حد رحمتیں فرما
میری فریاد سن لیجئے، مدد کیجیے رسول ﷺ اللہ
سفارش کیجئے میری، رہائی غم سے ہو آقا ﷺ

Marfat.com

شَفِيْعُ عَنِ امِنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ

شفاعت کرنے والے ہم سب کے پیغمبر تاج اور معراج کے

مُحَلِّلُ بِاِذْنِ اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ

حلال کرنے والے اللہ کی اجازت سے فریاد! طرف درگاہ اللہ

تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط

تعالیٰ کے درود اور سلام اوپر آپ کے اے رسول اللہ کے

اَلْمُسْتَغَاثُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَعَانُ يَا رَسُوْلَ

فریاد! اے رسول اللہ کے مدد کیجئے اے رسول اللہ

اللّٰهِ ط اَلشَّفَاعَاتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط اَلْخَلَاصُ يَا

کے شفاعت فرمایئے اے رسول اللہ کے رہائی! اے

رَسُوْلَ اللّٰهِ ط وَمِنَ النَّارِ مُخَلِّصُنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ

رسول اللہ کے اور دوزخ سے چھڑانے والے ہم کو رسول صاحب

الْمِحْرَابِ حَاشِرُ نَبِيِّ اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ

محراب کے جمع کرنے والے نبی اللہ کے فریاد! طرف درگاہ

اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط

اللہ تعالیٰ کے درود اور سلام اوپر آپ کے اے رسول اللہ کے

اَفْضَلُ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ

افضل سب نبیوں سے اور صدیقوں سے اور شہیدوں کے

وَالصّٰلِحِيْنَ مَحْبُوْبُنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ الْمِنْبَرِ

اور نیکوکاروں سے پیارے ہمارے رسول صاحب منبر کے

Marfat.com

رہائی وہ ﷺ ہمیں دلوائیں گے نار جہنم سے
وہی ﷺ ہیں صاحبِ شوکت کریں گے حشر وہ ﷺ بریا
میں یہ فریاد کرتی ہوں، حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر تو بے حد رحمتیں فرما

وہی ﷺ تو سارے نبیوں میں ہیں سب سے افضل و اعلیٰ
اور بعد اس کے صدیقین شہدا، صالحین کا ہے درجہ
ہمیں محبوب وہ ﷺ سب سے، صاحبِ منبر میرے آقا ﷺ
بیاں ربّ نے سکھایا ہے ہر خطبہ بہترین ان ﷺ کا
سراپا ہیں وہی ﷺ رحمت، وہی ﷺ باعث ہیں رحمت کا
میں یہ فریاد کرتی ہوں حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر اور بے حد رحمتیں فرما

وہ صاحب بیت اللہ کے، بشارت دیتے ہیں آقا ﷺ
کیا بحال اکرام و جلال پھر کعبۃ اللہ کا
میں یہ فریاد کرتی ہوں حضورِ باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر اور بے حد رحمتیں فرما

Marfat.com

خَطِيبُ رَحْمَةِ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ

خطیب دینے والے رحمت اللہ کے فریاد! طرف درگاہ اللہ

تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط ۵

تعالیٰ کے درود اور سلام اوپر آپ کے اے رسول اللہ کے

مُبَشِّرُنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ الْبَيْتِ عَامِرُ كَعْبَةِ اللّٰهِ ط ۵

بشارت دینے والے ہم کو رسول صاحب بیت اللہ کے آباد کرنے والے کعبۃ اللہ کے

اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ

فریاد! طرف درگاہ اللہ تعالیٰ کے درود اور سلام

عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط ۵

اوپر آپ کے اے رسول اللہ کے فریاد! اے رسول اللہ کے

اَلْمُسْتَعَانُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط اَلشَّفَاعَاتُ يَا رَسُوْلَ

مدد کیجئے اے رسول اللہ کے شفاعت فرمایئے اے رسول

اللّٰهِ ط اَلْخَلَاصُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط اَكْبَرُنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ

اللہ کے رہائی! اے رسول اللہ کے بزرگ ہمارے رسول صاحب

اَلْمِعْرَاجِ عَالِمُ غَنِيُّ اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ

معراج کے عالم غنی اللہ کے فریاد! طرف درگاہ

اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَبِيُّ

اللہ تعالیٰ کے درود اور سلام اوپر آپ کے اے رسول اللہ کے نبی

اٰخِرِ الزَّمَانِ رَسُوْلُ صَاحِبُ الْاِجْتِهَادِ مُنْتَقِمُ

آخر زمانہ کے رسول صاحب اجتہاد کے بدلہ لینے والے

Marfat.com

میری فریاد سُن لیجئے، مدد کیجئے رسول ﷺ اللہ
سفارش کیجئے میری، رہائی غم سے ہو آقا ﷺ

رسولوں میں وہی ﷺ اکبر، شرف معراج کا پایا
وہی ﷺ تو علم والے ہیں، ختم ہے ان پر استغنا
میں یہ فریاد کرتی ہوں، حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر، تو بے حد رحمتیں فرما

رسالت تا ابد قائم، نبی آخر زمانے کا
دیا آئین اجتہاد، بنا بھیجا رسول ایسا
وہی ﷺ ہیں خَلق میں اکرم ، مُکّرم کردیا ایسا
میں یہ فریاد کرتی ہوں، حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر تو بے حد رحمتیں فرما

وہ ﷺ صادق دین و دنیا میں، رفیق ٹھہرے قیامت کا
وہ ﷺ مقبول شفاعت ہیں، انہوں نے حق ہے فرمایا
میں یہ فریاد کرتی ہوں حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر اور بے حد رحمتیں فرما

Marfat.com

مُکَرَّمُ اللّٰہِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی

بزرگ بنائے ہوئے اللہ کے فریاد! طرف درگاہ اللہ تعالےٰ کے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ط وَفِی

درود اور سلام اُوپر آپ کے اے رسول اللہ کے اور دین

الدِّیْنِ صَادِقُنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ الْقِیَمَۃِ نَاطِقُ

میں راست گو رسول رئیس روز قیامت کے حق فرمانے

بِالْحَقِّ شَفِیْعُ اللّٰہِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَۃِ اللّٰہِ

والے شفاعت کرنے والے اللہ کے فریاد! طرف درگاہ اللہ

تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ط

تعالیٰ کے درود اور سلام اُوپر تیرے اے رسول اللہ

اَلْمُسْتَغَاثُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ط اَلْمُسْتَعَانُ یَا رَسُوْلَ

فریاد! اے رسول اللہ کے مدد کیجئے اے رسول اللہ

اللّٰہِ ط اَلشَّفَاعَاتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ط اَلْخَلَاصُ یَا

کے شفاعت کیجئے اے رسول اللہ کے رہائی! اے

رَسُوْلَ اللّٰہِ ط مُشَفَّعُ الْاُمَّۃِ یُعِیْنُنَا بِالشَّفَاعَۃِ

رسول اللہ کے شفاعت قبول کئے گئے واسطے اُمت کے مدد کرنے والے ہمارے ساتھ

رَسُوْلُ صَاحِبُ النُّبُوَّۃِ مُحَرَّمُ نَبِیُّ اللّٰہِ ط

شفاعت کے رسول صاحب نبوت کے حرمت کئے گئے نبی اللہ کے

اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ

فریاد! طرف درگاہ اللہ تعالیٰ کے درود

Marfat.com

میری فریاد سُن لیجے، مدد کیجیے رسول اللہ ﷺ
سفارش کیجئے میری ، رہائی غم سے ہو آقا ﷺ

شفاعت واسطے اُمّت کے، قبول فرمائے گا مولا
ہر اک دشوار لمحے میں اعانت کرتے ہیں آقا ﷺ
کہ خبریں غیب کی دیں گے، رسول اللہ ﷺ کو بھیجا
انہیں حُرمت عطا کر دی، عطا درجہ یہ فرمایا
میں یہ فریاد کرتی ہوں حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر، تو بے حد رحمتیں فرما

نبیٔ رحمت ﷺ کا شیوہ، نیکیوں میں سبقت لے جانا
بھلائی میں وہ ﷺ اوّل ہیں، ہو بے شک دین یا دنیا
بڑا جذبہ ہے اُن ﷺ میں، مومنوں کی خیر خواہی کا
وہ ﷺ طاعت میں رہیں آگے، سلوک پائیں وہ ﷺ رافت کا
میں یہ فریاد کرتی ہوں حضور باریٔ تعالیٰ
سلام ہو دائماً اُن ﷺ پر، تو بے حد رحمتیں فرما

Marfat.com

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط نَبِيُّ الرَّحْمَةِ

اور سلام اوپر آپ کے اے رسول اللہ کے نبی رحمت کے نیک کام کی طرف

سَابِقُنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ الدَّارَيْنِ حَرِيْصٌ

ہمارے سبقت کرنے والے رسول صاحب دونوں جہان کے حرص کرنے والے

عَلَى الطَّاعَةِ رَءُوْفُ اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ

طاعت پر مہربان بندے اللہ کے فریاد طرف درگاہ

اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ

اللہ تعالیٰ کے درود اور سلام اوپر آپ کے اے رسول

اللّٰهِ سَيِّدُ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ نَاهٍ نَبِيُّنَا رَسُوْلَ

اللہ کے سردار جن اور انسان کے منع کرنے والے برے کاموں سے نبی ہمارے

صَاحِبُ الْاُمَّةِ وَالنِّعْمَةِ هَاشِمِيٌّ كَرَامَةُ اللّٰهِ ط

رسول صاحب اُمت کے اور صاحب نعمت کے اولاد ہاشم کے بزرگ اللہ کے

اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَ

فریاد! طرف درگاہ اللہ تعالیٰ کے درود اور

السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط خَادِمُ الْحَرَمَيْنِ

سلام اوپر آپ کے اے رسول اللہ کے خدمت کرنے والے حرمین کے

وَجَدُّ الْحَسَنَيْنِ وَصَاحِبُ قَابَ قَوْسَيْنِ

اور نانا حسن اور حسین کے اور صاحب قاب قوسین کے

رَسُوْلُ حَبِيْبُ قَرِيْبُ وَدُوْدُ اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ

رسول محبوب مقرب اللہ کے فریاد! طرف درگاہ

Marfat.com

بنایا، بزرگی مرتبہ بخشا

ہوں حضور باریٔ تعالیٰ

پر اور بے حد رحمتیں فرما

م، وہی ﷺ حسنین کے نانا

اص قاب قوسین اَو ادنیٰ

ہوں حضور باریٔ تعالیٰ

پر، تو بے حد رحمتیں فرما

ے کے ہمیں نزدیک پہنچایا

گنت اُن ﷺ کو عطا فرما

ترین ان ﷺ کا ہے درجہ

ے، برگزیدہ اور محبوب خدا

Marfat.com

اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ

اللہ تعالیٰ کے درود اور سلام اوپر آپ کے اے رسول

اللّٰہِ ط مُقَرِّبُنَا رَسُوْلٌ اِلٰی رَحْمَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی مِائَۃَ

اللہ کے نزدیک کرنے والے ہم کو رسول طرف رحمت اللہ تعالیٰ کے لاکھوں

اَلْفِ اَلْفِ صَلٰوۃٍ وَّسَلَامٍ وَّرَحْمَۃٍ وَّبَرَکَۃٍ

درود اور سلام اور رحمت اور برکت

عَلٰی اَکْرَمِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْاَصْفِیَاءِ خَاتَمِ رُسُلِ

اوپر بزرگ ترین نبیوں کے اور اہل صفا کے آخر اللہ کے

اللّٰہِ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰہِ الْمُصْطَفٰی حَبِیْبِہٖ

پیغمبروں کے محمد رسول اللہ کے جو برگزیدہ ہیں اور خدا کے برگزیدہ

ذُوْدُ تَضٰی وَصَفِیِّہِ الْمُجْتَبٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

محبوب پر اور خدا کے صاف باطن مقبول بندے پر رحمت نازل فرمائے اللہ اوپر

وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا بِرَحْمَتِكَ یَا

آپ کے اور آپ کی آل کے اور سلام بھیجے بہت بہت اپنی رحمت سے اے

اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ اَبَا بَکْرِ نِ التَّقِیِّ

سب سے زیادہ رحم کرنے والے اے اللہ رحمت بھیج ابوبکر صاحب تقویٰ پر

وَعُمَرَ النَّقِیِّ وَعُثْمَانَ الزَّکِیِّ وَعَلِیًّا الْوَفِیِّ اَسَدِ

اور عمر پر کہ پاک ہیں اور عثمان پر کہ پاک ہیں اور علی پر جو وفا کرنے والے

اللّٰہِ الْمُرْتَضٰی وَفَاطِمَۃَ الزَّھْرَآءِ وَخَدِیْجَۃَ

شیر خدا کے برگزیدہ اور حضرت فاطمہ الزہراء پر اور حضرت خدیجہ

Marfat.com

الْكُبْرٰى وَاُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَآئِشَةَ الصِّدِّيْقَةَ

کبریٰ پر اور مسلمانوں کی ماں حضرت عائشہ صدیقہ پر

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا وَالْحَسَنِ الرِّضَا وَالْحُسَيْنِ

راضی ہوا اللہ ان سے اور امام حسن صاحب رضا پر اور امام حسین

الشَّهِيْدِ الْمُجْتَبٰى وَالشُّهَدَآءِ الْكَرْبَلَا وَالسَّعْدَ

شہید برگزیدہ پر اور تمام شہداء کربلا پر اور سعد

وَالسَّعِيْدِ وَاَطْلَحَةَ وَالزُّبَيْرِ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ

اور سعید اور طلحہ اور زبیر اور عبدالرحمٰن

بْنِ عَوْفٍ وَّاَبَا عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ وَالْعَشَرَةِ

بن عوف اور ابو عبیدہ بن جراح پر اور دس

الْمُبَشَّرَةِ وَسَآئِرِ الصَّحَابَةِ وَالْخُلَفَآءِ الرَّاشِدِيْنَ

اصحاب پر کہ خوش خبری دیئے گئے ہیں جنت کی اور تمام اصحاب پر اور خلفاء راشدین

وَالتَّابِعِيْنَ مِنْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَاَهْلِ الْاَرَضِيْنَ

پر اور صحابہ کے دیکھنے والے مومنوں پر آسمان والوں میں سے اور زمین والوں میں سے

رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ ط اَسْئَلُكَ اَنْ تَغْفِرَ

رضائے الٰہی ان سب کے ساتھ ہو میں آپ سے سوال کرتا ہوں کہ بخشش

لِيْ وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِرَحْمَتِكَ

دیجئے مجھ کو اور تمام مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو اپنی رحمت سے

يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَ

اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اے اللہ بخشش دے مجھ کو اور میرے والدین کو

Marfat.com

زمیں والے ہوں یا آسماں والے یعنی سبھی اہلِ رضا
تو کر دے ان کو راضی اور راضی اُن سے تو ہو جا

سوال کرتی ہوں مولا میں بھی تجھ سے اپنی بخشش کا
مسلمانوں کے مردوں اور عورتوں کو بخشش دے مولا
تو سب سے زیادہ رحم کرتا ہے، ہم سب پر رحم فرما
الٰہی بخش مجھ کو، ماں باپ اور اولاد کی بخشش تو دے فرما
تو کر رحم اُن دونوں پر، انہوں نے ہے مجھے پالا
رحم فرماتے تھے مجھ پر الٰہی جب میں تھی بچہ

سبھی ایماں والوں کی الٰہی مغفرت فرما
سبھی اسلام والوں کی الٰہی مغفرت فرما
اُن سب کی جو زندہ ہیں یا جو اب ہو چکے مردہ
دعائیں تو ہی ہے سُنتا، دعائیں پوری ہے کرتا
تو ہی درجے بڑھاتا اور ہے نازل برکتیں کرتا
تو رحمت کر محمد ﷺ پر جو سب مخلوق سے بہتر
اور رحمت آل پر کر دے سبھی اصحاب کے اوپر
رحم کرنے والوں میں تو ہی تو سب سے ہے بہتر

Marfat.com

لِمَنْ تَوَالَدَ وَارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِيْ صَغِيْرًا وَّاغْفِرْ

اور میری اولاد کو اور رحم کر ان دونوں پر جیسا پرورش کی انہوں نے میری بچپن میں

لِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَ

اور بخش دے تمام ایمان والوں کو اور ایمان والیوں کو اور اسلام والوں کو اور

الْمُسْلِمٰتِ اَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ اِنَّكَ

اسلام والیوں کو جو زندہ ہیں ان میں سے اور جو فوت ہو چکے ہیں بیشک

مُجِيْبُ الدَّعَوَاتِ وَمُنَزِّلُ الْبَرَكٰتِ وَرَافِعُ

آپ دعائیں قبول کرنے والے ہیں اور نازل کرنے والے ہیں برکتوں کے اور بلند کرنے

الدَّرَجٰتِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ

والے ہیں درجوں کے اور رحمت بھیجے اللہ اور بہترین خلق اپنی کے کہ نام آپ کا محمد

وَّاٰلِهٖ وَاَصْحٰبِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ

ہے اور ان کی اولاد اور اصحاب سب پر اپنی رحمت سے اے سب سے

الرّٰحِمِيْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

زیادہ رحم کرنے والے اے اللہ رحمت نازل فرما ہمارے سردار محمد

النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الطَّاهِرِ الزَّكِيِّ صَلٰوةً تَحُلُّ بِهَا

جو نبی امی ہیں پاکیزہ اور پاک باطن ہیں ایسی رحمت کہ جس کی برکت سے ہمارے

الْعُقَدُ وَتَفُكُّ بِهَا الْكُرَبُ صَلٰوةً تَكُوْنُ لَكَ

باطن کی گرہیں کھل جائیں اور بے چینیاں دور ہو جائیں ایسی رحمت جو آپ کے

رِضًى وَّلِحَقِّهٖ اَدَآءً وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ

لیے رضامندی اور ان کے حق کی ادائیگی کا سبب ہو اور آپ کی آل اور آپ کی بیویوں

وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَصْحٰبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ۝

اور آپ کے گھر والوں اور آپ کے صحابہ پر اور برکت اور سلام بھیج

Marfat.com

الٰہی رحمت نازل کر سیّدنا نبی امّی محمد ﷺ پر
وہی ﷺ جو ظاہر و باطن میں پاکیزہ ہیں اور طاہر
وہ رحمت ایسی ہو مولا کہ جس کے فیض و برکت سے
گرہیں کھُل جائیں باطن کی، بے چینوں کو دور فرما دے
کہ جس سے آپ ﷺ ہوں راضی، وہ رحمت ایسی ہو مولا
بڑا حق ان ﷺ کا ہے ہم پر ادا ہو جائے حق ان ﷺ کا
وہ اہلِ بیت کا حق، اور ازواج مطاہر کا
صحابہ کو سلام، برکت کا تحفہ تو عطا فرما

☆☆☆

Marfat.com

۸۵۔ دُعائے حضرت خضر علیہ السلام

اَللّٰھُمَّ اَفْرِدْنِیْ لِمَا خَلَقْتَنِیْ لَہٗ وَلَا تَشْغِلْنِیْ بِمَا

الٰہی یکتا کردے تو مجھے اس چیز کے لئے کہ پیدا کیا تو نے مجھے اسکے واسطے اور نہ مشغول کر تو مجھ سے

تَکَفَّلْتَ لِیْ بِہٖ وَلَا تَحْرِمْنِیْ وَاَنَا

جس کا تو ضامن ہوا ہے میرے واسطے اور نہ محروم رکھ مجھے حالانکہ میں

اَسْئَلُکَ وَلَا تُعَذِّبْنِیْ وَاَنَا اَسْتَغْفِرُکَ

مانگتا ہوں تجھ سے اور نہ عذاب کر مجھ پر اور میں مغفرت مانگتا ہوں تجھ سے

فضیلت:۔ یہ دُعا حضرت خضر علیہ السلام کی ہے۔ سُنا تھا اسے ایک مرد نے کہ خضر علیہ السلام ایک جنازے کے پیچھے چلے جاتے تھے اور کہتے تھے کہ نہ دیکھا میں نے مثل پڑے رہنے ان مردوں کے اور نہ مثل غفلت ان زندوں کے پھر انہوں نے یہ دُعا پڑھی۔

Marfat.com

مرے اللہ اے معبود میرے
کیا پیدا مجھے تو نے
واسطے اپنی عبادت کے
مجھے توفیق تو دیدے

مجھے مخصوص تو کر دے
مجھے بے مثل تو کر دے

اپنی عبادت میں
قرینہ بندگی کا دے

فقط دنیا کمانے میں
مجھے مشغول نہ کر دے

تمامی جانداروں کی
کفالت ہے ترے ذمّے

کبھی محروم نہ رکھے
اُسے تو، مانگے جو تجھ سے

بچا مجھ کو عذابوں سے
الٰہی مغفرت کر دے

(تین دفعہ تکرار سے پڑھئے)

Marfat.com

حصہ نعت

Marfat.com

بارگاہِ ربّ العزت میں

بجز بھروسے کے پاس کیا ہے
سوائے رحمت کے آس کیا ہے

قریب ہے وہ گمان سے بھی
گمان کیا ہو قیاس کیا ہے

تشکر اس کا عمل سے ہو گا
زباں پہ حرفِ سپاس کیا ہے

خشیت اس کی جو قلب میں ہو
تو پھر کسی کا ہراس کیا ہے

وہ میرا آقا ہو مجھ سے راضی
میرے عمل کی اساس کیا ہے

Marfat.com

ہو ساری ہستی ہی امتحاں جب
تو خوف کیسا ہراس کیا ہے

یہ سارے رشتے غرض پہ مبنی
قرابتوں کی اساس کیا ہے

فریب ہستی کو جو نہ سمجھے
تو وہ نظر حق شناس کیا ہے

زباں پہ ہو کلمۂ شہادت
رہے نہ ہوش و حواس کیا ہے

کرے جو مولا وہی ہے بہتر
یہ آس کیا اور یاس کیا ہے

میں اس کی بندی ہوں فائزہ جب
نواز دے گا ہراس کیا ہے

☆☆☆

Marfat.com

وہ کتنے سچّے آقا ﷺ ہیں

میں اکثر سوچا کرتی ہوں
اور نم دیدہ ہو جاتی ہوں
وہ ﷺ کتنے پیارے آقا ہیں
وہ ﷺ کتنے سچّے آقا ہیں

میں ان ﷺ کو دعائیں دیتی ہوں
میں ان ﷺ کو سلامی دیتی ہوں

اُمّت کے سبھی محروموں کا
کس درجہ خیالِ خاطر تھا
وہ ﷺ سرور دونوں جہانوں کے
اور نان جویں تھی جن ﷺ کی غذا

کم علم بھی ہوں کم فہم بھی ہوں
پھر ان ﷺ کے علوئے مرتبہ کا

Marfat.com

کس طرح بھلا ادراک کروں
کس حد تک میں احساس کروں

دل میرا گواہی دیتا ہے
اشکوں کی زبانی کہتا ہے

میں عرضِ غلامی دیتی ہوں
میں ان ﷺ کو سلامی دیتی ہوں

وہ ﷺ وجہ بنائے عالم ہیں
اور خود ان ﷺ کا یہ عالم ہے
اک کونے میں کچھ ستّو ہیں
اور ایک پیالا مٹی کا
مشکیزہ اک دیوار پہ ہے
اور ان ﷺ کے جسمِ اطہر پر
بانوں کے نشان ابھرتے ہیں

وہ ﷺ بے بستر جو لیٹے ہیں

Marfat.com

وہ ﷺ دنیا سے بے پروا ہیں
وہ ﷺ دنیا سے کیا لیتے ہیں
وہ ﷺ سب دنیا کو دیتے ہیں

اب فرد کوئی بھی اُمّت کا
کیا اپنی کسی محرومی کا
احساس کرے تو جائز ہے؟
اظہار کرے تو جائز ہے؟

وہ ﷺ مالک سارے خزانوں کے
جب مال غنیمت آتا ہے
تقسیم وہ ﷺ سب کر دیتے ہیں
انفاق ہے بس ان ﷺ کا اسوہ

پھر دولتِ دنیا جس کو ملے
انفاق سے رو گردانی کرے
کیا ایسا کرنا جائز ہے؟
دولت پہ مرنا جائز ہے؟

Marfat.com

اے کاش کہ ان ﷺ کی اُمّت بھی
آقا ﷺ کی روش کو اپنا لے
وہ ﷺ بے شک سچّے آقا ہیں
سچی ہو ان ﷺ کی اُمّت بھی

☆☆☆

Marfat.com

پڑھا جس نے بھی

پڑھا جس نے بھی اللّٰھُم دل سے
فضائل پا لئے اس نے تمام اسمائے حسنٰی کے

صلی علیٰ محمد ﷺ جب کوئی بندہ ہے کہتا
تو رحمت کے سبھی در اس پر ہوتے ہیں وا

واعلیٰ آلہٖ کہتا ہے جس دم
تو ہوتی ہیں عنایات خصوصی اس دم

کہے اصحابہٖ جب وہ زباں سے
ہو اس پر خیر و برکت آسماں سے

عطا فرماتا ہے نورانی ملبوس
تو شاداں روح کو کرتا ہے قدوس

☆☆☆

Marfat.com

نبیٔ اُمّی ﷺ

جو الٰہ العالمیں کے ہیں حبیبِ کبریا
اور جن ﷺ کی ربّ نے کی قرآن میں حمد و ثنا

رسولٌ النّبی الاُمّی ایک آیت (۱) میں کہا
سب ہیں اوصاف حمیدہ، کچھ نہیں اس کے سوا

ہیں رسول ﷺ اللہ کے اور صاحبِ انبائے غیب
آپ ﷺ کو اُمّی[1] کیا پہلو ہے یہ توصیف کا

ترجمہ اس کا نہ کیجئے بے لکھا اور بے پڑھا
مطلب اس کا یہ کہ ہے ان ﷺ کا معلّم خود خدا

ان ﷺ کا سارا علم ہے علم لَدُنّی اور عطا
کوئی دنیا میں کبھی استاذ ان ﷺ کا نہ ہوا

---

[1] اُمّی کا ترجمہ ان پڑھ یا بے پڑھا لکھا کرنا بے ادبی ہے اور سرکارِ رسالت مآب ﷺ کی ذات والا صفات کیلئے حد درجہ محتاط رہنا ضروری ہے۔

(۱)۔(سورہ الاعراف۔آیت ۱۵۷)

Marfat.com

تذکرہ ہر علم کا موجود ہے قرآن میں
گویا شہرِ علم خود اللہ نے ان ﷺ کو کیا

ماحصل آگہی ہے توحید کا عقیدہ
اور آپ ﷺ کی بدولت اللہ کو ایک جانا

دی آپ ﷺ نے گواہی اللہ ہے ذاتِ واحد
اور آپ ﷺ کی بدولت اللہ کو ایک مانا

☆☆☆

Marfat.com

کلمۂ تقویٰ

الٰہی کلمۂ تقویٰ پہ مجھ کو استقامت ہو
مجھے تو اہل کر اس کا مجھے یہ استطاعت ہو

تو کر دے نقش میرے دل پہ یوں یہ کلمۂ طیب
مرا ہر ہر عمل اخلاص سے اس کی شہادت ہو

تو اس کلمے سے مجھ کو لازم و ملزوم یوں کر دے
بَنا تسکینِ جاں اس کو مجھے اس سے سُکینت ہو

محمد ﷺ کی رسالت کی گواہ خود ذات باری ہے
رسالت کی شہادت اس سے بڑھ کر کیا شہادت ہو

وہ اللہ ذاتِ واحد ہے وہی معبود برحق بھی
محمد ﷺ نے گواہی دی یہی ایمانِ اُمّت ہو

Marfat.com

وہ اللہ قادرِ مطلق وہی رب سارے عالم کا
مجھے اس پر بھروسہ ہو عطا ایماں کی دولت ہو

بیاں قرآن کرتا ہے صفاتِ احمد ﷺ مرسل
مرقّع ہے یہ نعتوں کا تلاوت ہی تلاوت ہو

بہت توصیف کرتا ہے بیاں قرآں صحابہؓ کی
صحابہؓ ہیں محمد ﷺ کے نہ کیوں فیضانِ صحبت ہو

مجھے ان ﷺ کے غلاموں کی غلامی کا شرف دے دے

مجھے ان ﷺ سے عقیدت ہو مجھے ان سے محبت ہو

مرا معبود اللہ ہے محمد ﷺ ہیں رسول اس کے
کروں طاعت محمد ﷺ کی تو یہ رب کی اطاعت ہو

ادب کو جو رسول پاک ﷺ کے ملحوظ نہ رکھے
تو پھر اس شخص کا حسنِ عمل سارا اکارت ہو

☆☆☆

Marfat.com

یارحمۃ اللعالمین

کیا مرتبہ ہے آپ ﷺ کا اے رحمتہ اللعالمیں
احمد بھی ہیں، محمود بھی، محبوبِ ربّ اللعالمیں

رحمت کی یہ جلوہ گری جاری رہے گی بالیقیں
یا رحمتہ اللعالمین، یا رحمتہ اللعالمیں

ہم عاصیوں پر جب پڑے چشمِ کرم ان ﷺ کی پڑے
رحمت ہمیں ان کی ملے کیوں قلب اپنا ہو حزیں

سب انبیاء ہیں منتظر بننے کو ان ﷺ کے اُمّتی
اُمّت میں جو پیدا ہوئے خوش بخت ہیں وہ بالیقیں

اک رابطہ قائم رہے قدموں میں رکھ لیجئے مجھے
آقا ﷺ مجھے کیجئے قریں، آقا ﷺ مجھے رکھیئے قریں

Marfat.com

سب انبیاء کے معجزے مجموعہ ان ﷺ میں ہو گئے
اوصاف کیوں کر ہوں بیاں وہ ﷺ صادق الوعدالا میں

چاہے وہ حسنِ ذات ہو چاہے ہو وہ حسنِ صفات
کوئی نہیں ان ﷺ سا حسیں، کوئی نہیں ان ﷺ سا حسیں

حُبِ نبی ﷺ کی روشنی، دل میں میرے بڑھتی رہے
میری نظران ﷺ پر رہے، دل میں رہیں وہ ﷺ دلنشیں

درکار ہے رحمت مجھے، سرکار ﷺ کی رحمت سدا
جب تک جیوں، وقتِ نزع شافع وہی ہوں یوم دیں

☆☆☆

Marfat.com

مدینے میں ہو مدفن اپنا

کاش کہ حُبِّ نبی میں کٹے جیون اپنا
اُن ﷺ کے انوار سے بھرتی رہوں دامن اپنا

اس تمنا میں گذارا کروں جیون اپنا
میرے معبود مدینے میں ہو مدفن اپنا

گُنبدِ خضریٰ کا سایہ ہو مقدر اپنا
ہے دعا رب سے مدینہ بنے مسکن اپنا

ان ﷺ کے فیضانِ کرم سے ہی جلا پاتا ہے
اپنا ہر نیک عمل اور ہر اک فن اپنا

صرف انفاذ شریعت ہی سے پائے گا دوام
اپنا یہ پاک وطن اور یہ گلشن اپنا

Marfat.com

ان علیہ وسلم کے اوصاف حمیدہ کا ہے قائل دل سے
دوست ہو اپنا کہ ہو کوئی بھی دشمن اپنا

وہ ترے دامنِ رحمت میں جگہ پاتا ہے
دامنِ پاک سے جو جوڑ لے دامن اپنا

نام نامی میں عجب ان علیہ وسلم کے ضیاء پاشی ہے
جب کوئی نعت کہوں قلب ہو روشن اپنا

ساری تاریکیاں تقدیر کی تاباں ہو جائیں
اسوۂ پاک سے ہو جائے جو بندھن اپنا

دامن قلب و نظر اور کشادہ ہو جائے
وہ علیہ وسلم کرائیں کبھی ہم جیسوں کو درشن اپنا

ان علیہ وسلم کے دربار میں جا کر مجھے محسوس ہوا
وہ علیہ وسلم ہیں مائل بہ کرم تنگ ہے دامن اپنا

Marfat.com

ہم کو آفات سے اور ظلم و جہالت سے بچا
تو کہ معبود ہے اور تو ہی مُہیمن اپنا

حق کے محبوب سے بے پایاں محبت ہے جنہیں
فائزہ ان ﷺ پہ نچھاور کریں تن من اپنا

☆☆☆

Marfat.com

جشنِ اعزاز و تکریم

باب اوّل:۔

واہ کیا کیف یاں کی فضاؤں میں ہے
جانفزا نور و نکہت ہواؤں میں ہے

اک سرور دوامی ہواؤں میں ہے
ایک کیفِ دُروں اُن فضاؤں میں ہے

اپنے روضے میں تشریف فرما ہیں وہ ﷺ
اور شہادت اذاں کی صداؤں میں ہے

جو بھی مانگا، جو چاہا، وہی پالیا
کتنی تاثیر یاں کی دعاؤں میں ہے

شہر ان ﷺ کا ہے گہوارۂ امن و نور

Marfat.com

رحمتِ حق کی نُوری رداؤں میں ہے
ایک شفقت کا سایہ ہے جلوہ فگن
یہ جہاں گویا نوری ردواؤں میں ہے

اُن ﷺ کی مسجد ہے یہ ان ﷺ کا منبر ہے یہ
اک عجب ہی تقدس فضاؤں میں ہے

قاری پڑھتے ہیں یٰسین و طٰہٰ جو یاں
گویا نعتِ نبی ﷺ اُن صداؤں میں ہے

خالی دامن تو کوئی نہ سائل گیا
سُرخرو ہے وہی جو گداؤں میں ہے

کاش! جنت کی کیاری میں ہو حاضری
فائزہ یہ بھی ربّ کی عطاؤں میں ہے

☆☆☆

Marfat.com

باب دوم:۔

اُمّتی سارے حاضر ہیں پروانہ وار
اپنے اعمال پر سب ہی ہیں شرمسار

ان ﷺ کے لطف و عنایت کے امیدوار
ربِّ اعلیٰ سے بخشش کا ہے انتظار

کیسا اعزاز ہے کیسا انعام ہے
جشنِ تکریم ہے حسنِ اکرام ہے

ساری دنیا میں جو بھی مسلمان ہے
حاضری کا یہاں اس کو ارمان ہے

از زمیں تا فلک یہ درود و سلام
بھیجے جاتے ہیں محبوبِ ربّ پر مدام

Marfat.com

جشنِ تکریم کا جو کرے اہتمام
اس پہ لطفِ الٰہی رہے گا مدام

مجھ کو بھی حاضری کی سعادت ملے
کاش شہر نبی ﷺ کی سکونت ملے

فائزہ کو بھی فیضِ کفالت ملے
ان ﷺ کا لطف و کرم اور عنایت ملے
(آمین)

☆☆☆

Marfat.com

نعت بحضور سرورِ کونین ﷺ

خواہش ہے دلی، ذکرِ نبی کی ہو سعادت
حاصل ہو کرم آپ ﷺ کا اور چشمِ عنایت

معراجِ قلم، ہے کہ لکھے آپ ﷺ کی مدحت
ہے میرے لئے نعت نبی عین سعادت

قرآن کی آیات میں سب سے بڑی آیت
اور سب سے بڑا حکم محمد ﷺ کی اطاعت

قرآنِ مجسم مرے آقا ﷺ کی ہے سیرت
ہے ان ﷺ کی اطاعت ہی تو اللہ کی اطاعت

آدمؑ کو ملی آپ ﷺ کے صدقے میں برأت
اور ہو گئی ہے آپ ﷺ پہ تکمیل ہدایت

Marfat.com

مومن کے لئے اسوۂ کامل ہے یہ سنت
ہے خُلقِ عظیم آپ ﷺ کا قرآن سے عبارت

الفاظ کریں کیسے بیاں آپ ﷺ کی عظمت
معراج میں کی آپ ﷺ نے نبیوں کی امامت

چاہت ہو اگر دل میں تو ہو آپ ﷺ کی چاہت
اور سب سے سوا آپ ﷺ سے احساسِ قرابت

سب خورد و کلاں کرتے رہے آپ ﷺ کی مدحت
ٹھہرے جو بنی سعد میں دورانِ رضاعت

کر لیں جو قبول آپ ﷺ یہ اظہار عقیدت
میرے دلِ بیتاب کو مل جائے گی راحت

اے فخرِ امم، فخرِ رُسل رحمت و رافت
ہے فائزہ کو آپ ﷺ سے امیدِ شفاعت

☆☆☆

Marfat.com

اسمِ محمد ﷺ دل پہ لکھا ہے

اسمِ محمد ﷺ دل پہ لکھا ہے اسمِ محمد ﷺ دل میں بسا
مانا یہ اظہار ہے سچا، کتنا ہے لیکن پاسِ وفا
دل سے جانا، دل سے مانا اسوۂ آقا کو میں نے
روز و شب جتنا عمل میں، میں نے اسے شعار کیا

اپنے ربّ سے جب بھی مانگو اسمِ محمد ﷺ کے صدقے
اسمِ محمد ﷺ کے صدقے میں ہوتی ہے مقبول دعا
بقدر حُبِ سیّدنا محبت رب کی ملتی ہے
رکھتا ہے جو ان ﷺ سے محبت اللہ کو محبوب ہوا

وسیع تر تیری رحمت، سدا ہے تو کرم فرما
محبت بے کراں محبوب ﷺ سے اپنے عطا فرما

☆☆☆

Marfat.com

انوار برستے ہیں

انوار برستے ہیں ہر آن مدینے میں
اَسرار بھی کھُلتے ہیں ہر آن مدینے میں

وہ تزکیہ کرتے ہیں، دل، نور سے بھرتے ہیں
انسان نکھرتے ہیں ہر آن مدینے میں

فیضان ہے یہ اُن ﷺ کا ہر دل میں اُجالا ہے
کردار سنورتے ہیں ہر آن مدینے میں

جو چاہا وہی پایا جو سوچا وہ بر آیا
بس کام یوں بنتے ہیں ہر آن مدینے میں

عالَم ہو بیاں کیسے حضرت ﷺ کی تواضع کا
مہمان اترتے ہیں ہر آن مدینے میں

Marfat.com

خیرات ہو دانش کی، حکمت کی، ہدایت کی
کاسے سبھی بھرتے ہیں ہر آن مدینے میں

وہ ﷺ شمسِ ہدایت ہیں اور نور مجسم ہیں
مہتاب اُجلتے ہیں ہر آن مدینے میں

سرکار ﷺ کرم کیجئے، قدموں میں جگہ دیجئے
ارمان مچلتے ہیں ہر آن مدینے میں

☆☆☆

Marfat.com

''اسمِ محمد ﷺ یٰسین بھی ہے''

اسمِ محمد ﷺ یٰسیں بھی ہے، یٰسیں ہے قرآن کا دل
ان کی ذات میں غور کرو تو اس کا سمجھنا ہے مشکل

جب بھی سوچو، جب بھی سمجھو، ان کی صفات عالی کو
حُبِ نبیؐ سے دل مملو ہو، اور ملے بیداریٔ دل

نذر ہوں نعت و درود کے تحفے، سیرت پاک بیان کرو
ان کا ذکر سرِ محفل ہو، ان ﷺ کی ہو بس ہر محفل

کوئی حیات نبی ﷺ کا آخر منکر ہو تو کیوں کر ہو
سب کے دلوں میں وہ ﷺ زندہ ہیں، مسکن ان کا ہے ہر دل

ان ﷺ کی رسالت تابہ ابد ہے ان ﷺ کی شفاعت تابہ ابد
ان ﷺ کا فیض ہے آج بھی جاری ان ﷺ کے کرم کے سب سائل

Marfat.com

ان ﷺ کے عمل کے سارے گوشے تابندہ ہیں تا بہ ابد
راہ عمل ہے کتنی اجاگر ہر سو ہے ان ﷺ سے جھلمل

قرآں کی آیات میں بے شک نعتِ نبی اکرم ہے
ان ﷺ کے ثناء خوانوں میں یا رب میرا نام بھی کر شامل

اُن ﷺ کی رسالت پر ایماں سے دین مکمل ہوتا ہے
حُبِ نبی ﷺ ہے جس کے دل میں وہی مسلماں ہے کامل

عشق اللہ سے کرنے والے ان ﷺ کی راہ پہ چلتے ہیں
ان ﷺ کی راہ کے ہر رہرو کو ربّ کی محبت ہے حاصل

اُن ﷺ کے نام پہ جینا مرنا ان کے غلاموں کی فطرت
اسمِ محمد ﷺ کی چاہت ہے خون کی گردش میں شامل

حاضری ان ﷺ کے روضے پر ہو، فائزہ دل کی خواہش ہے
اپنے کرم سے وہ ﷺ بلوالیں میں تو نہیں ہوں اس قابل

☆☆☆

Marfat.com

ترجمہ قصیدہ از سواد بن قارب رضؓ

حضرت براء بن عازبؓ فرماتے ہیں کہ ایک روز حضرت عمر فاروقؓ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے۔ آپؓ نے پوچھا، تم میں سواد بن قاربؓ ہے؟ مجمع پر خاموشی طاری رہی۔ آئندہ سال پھر آپؓ نے خطبہ ارشاد فرمایا اور پوچھا، تم میں سواد بن قاربؓ ہے؟ میں نے عرض کی یہ سواد کون صاحب ہیں؟ فرمایا، ان کے ایمان لانے کا واقعہ بڑا عجیب وغریب ہے۔ اسی اثناء میں حضرت سوادؓ بھی آپہنچے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا، ''اے سوادؓ!'' اپنے ایمان لانے کا واقعہ بیان کرو''۔ حضرت سوادؓ بولے ''اے امیر المومنین! میں ہند میں تھا اور ایک جن میرے تابع تھا۔ ایک شب میں سویا ہوا تھا اور اس نے آکر مجھے خواب میں کہا 'اٹھو اور میری بات غور سے سنو۔ اللہ تعالیٰ نے قبیلہ لوئی بن غالب سے ایک نبی مبعوث فرمایا ہے۔ دوڑو اور اس پر ایمان لاؤ۔ تین رات یونہی ہوتا رہا۔ اس کے بار بار کہنے سے میرے دل میں اسلام کی محبت بیدار ہوگئی۔ میں اونٹنی پر سوار ہوا اور مکہ مکرمہ پہنچا۔ وہاں میں نے دیکھا کہ لوگ حضور اکرم ﷺ کے آس پاس حلقہ بنائے بیٹھے تھے۔ جب حضور اکرم ﷺ کی نظر مجھ پر پڑی تو فرمایا، ''اے سواد! خوش آمدید، جو تجھے لے آیا ہے ہم اسے بھی جانتے ہیں''۔ میں نے عرض کی ''یا رسول اللہ ﷺ میں نے چند شعر عرض کئے ہیں، اجازت ہو تو پیش کروں؟''۔ حضور ﷺ نے اجازت عطا فرمائی۔ انہوں نے قصیدہ پیش کیا۔ ابتداء میں اپنے خواب کا واقعہ بیان کیا۔ پھر بڑے محبت بھرے انداز میں اپنے ایمان لانے کا اعلان کیا۔

چند اشعار آپ بھی سن لیں۔

فَاَ شهَدُ اَنَّ اللّٰهَ لاَ رَبَّ غَيرَهٗ وَاَنَّکَ مَأْمونٌ عَلیٰ کُلِّ غَائَبِ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی رب نہیں ہے اور آپ کو ہر قسم کے غیبوں کا امین

Marfat.com

بنایا گیا ہے۔

وَاَنَّکَ ادنیَ المر سَلِین وَسِیلَۃً اِلَی اللّٰہِ یَا اِبنَ الاَ کرَمِینَ الاَ طَائِب

اے بزرگوں اور پاکبازوں کے فرزند تمام رسولوں سے آپ کا وسیلہ اللہ تعالیٰ کی جناب میں بہت قریب ہے۔

فَمُر نا بما یَا تَیکَ یَا خَیرَ مُرسَلٍ وَاِن کَانَ فِیمَا جَاءَ شَیبُ الذَّوَائِب

جو وحی آپ کے پاس آتی ہے ہمیں اس کا حکم دیجئے، ہم حضور ﷺ کے ارشاد کی تعمیل کریں گے۔ خواہ تعمیلِ حکم میں ہمارے بال ہی سفید ہو جائیں۔

وَکُن لِی شفِیعاً یَومَ لَا ذُوشِفَاعَۃٍ سِوَاکَ بِمُغنٍ عن سَوَادِ بن قَارِب

یارسول اللہ! ﷺ اس روز سواد بن قارب کی شفاعت فرمایئے جبکہ حضور کے سوا کسی کی شفاعت کوئی فائدہ نہ پہنچائے گی۔

(اقتباس از ضیاء القرآن۔ پیر کرم علی شاہ جلد چہارم)

سواد بن قارب رضؓ کا یہ قصیدہ حضور ﷺ نے بہ نفس نفیس سنا اور پسند فرمایا لہٰذا میں نے ان اشعار کے ترجمے کو نظم کر لیا۔ ذیل میں ان اشعار کا منظوم ترجمہ ہے: (فائزہ)

نہ کوئی ربّ ہے نہ ہے الٰہ
سوائے اللہ عزّوجل کے
وہ عالم الغیب و شہادہ
ہے حیّ و قیوم اور دائم

Marfat.com

محمد ﷺ اس کے ہیں عبدِ کامل
تمام غیبوں کا جتنا چاہا
امین بنایا ہے ان ﷺ کو بیشک
رسول برحق، نبیؐ خاتم

شرف میں اعلیٰ ترین منصب
وہ ﷺ پاکباز و نجیب سب سے
وہ ﷺ صلب اشراف سے چُنیدہ
نسب ہے جن ﷺ کا بہت مکرّم

وسیلہ ان ﷺ کا قرین تر بھی
جناب باری میں معتبر بھی
وسیلہ ان ﷺ کا مجھے ہے حاصل
ہر اک وسیلے پہ ہے مقدّم

وحی جو آئی ہے ان ﷺ کی جانب
وہی شریعت بنی ہماری
وحیٔ متلو و غیرِ متلو
اِسی کا پیرو رہوں گا تادم

Marfat.com

کروں گا تعمیلِ حکم ان ﷺ کی
سفید ہو جائیں بال گرچہ
خدا جو توفیق دے گا مجھ کو
جہاد اکبر کروں گا پیہم

نہ ہو سکے گی قبول جس دن
سوائے ان ﷺ کے کوئی شفاعت
شفاعت فرمائیے گا میری
نبیَ اکرم، شفیعِ اعظم

☆☆☆

Marfat.com

یہ کرم ہے ذات ودود کا

یہ کرم ہے ذات ودود کا
ہے زباں پہ ورد ورود کا
جہاں تذکرہ ہو حضور ﷺ کا
ہو زباں پہ ورد درود کا

جو بیاں ہو ان ﷺ کی صفات کا
کہو مرحبا، کہو مرحبا
وہی ﷺ ذات والا صفات ہے
ہیں صفات ساری ہی مجتمع
وہی ﷺ اُسوہ، اسوۂ کاملہ
کریں کاش ان ﷺ کا ہی اتباع

ہو بیاں جو ان ﷺ کے ورود کا
ہو زباں پہ ذکر درود کا
جہاں تذکرہ ہو حضور ﷺ کا
ہو زباں پہ ورد درود کا

Marfat.com

جو بیاں ہو خُلقِ عظیم کا
مرے دل سے آئے یہی صدا
وہ ﷺ اُتم ہیں خُلق عظیم کا
ہوا ان ﷺ سا کوئی نہ دوسرا
جو عبودیت پہ ہو گفتگو
وہی ﷺ عبدِ کامل ہیں برملا

وہ ﷺ کمال علم کا مُعجزہ
کوئی کیا کرے گا اسے بیاں
جسے رب نے علم سکھا دیا
اُنہیں ﷺ خود خدا نے پڑھا دیا

وہ ﷺ ازل سے لے کر ابد تلک
وہ ﷺ زمیں سے تابہ فلک فلک
جو زماں مکاں کے ہیں درمیاں
انہیں ﷺ رب نے سب کچھ کیا عیاں

Marfat.com

یہ کرم ہے ذاتِ ودود کا
ہے زباں پہ ورد درود کا
یہ محبتوں کا ہے معاملہ
یہی چاہتوں کا ہے سلسلہ

یہی اہلِ دل کا ہے زمزمہ
ہے بلند ذکر کا غلغلہ
یہی سب سے اعلیٰ کلام ہے
کہ انہیں ﷺ کو میرا سلام ہے

یہ سعادت جس کو ملے ملے
یہ ہے ربّ تعالیٰ کا مُدّعا
جو ہے ستر ماؤں سے مہرباں
ہے اسی کا حکم یہ برملا
ہو زباں پہ ورد درود کا
ہو زباں پہ ورد سلام کا

Marfat.com

میں بتاؤں یہ ہے درود کیا
ہے نزول رحمت کی التجا
ہے نزول برکت کی التجا
ہے نفس نفس کی مرے صدا
اے کریم تیرے حبیب ﷺ پر
اے الٰہی تیرے رسول ﷺ پر
جو محمد ﷺ تیرے رسول ﷺ ہیں
جو محمد ﷺ سب کے رسول ﷺ ہیں

یہ کرم ہے ذات ودود کا
ہو زباں پہ ورد درود کا
ہو زباں پہ ورد سلام کا
یہی اوج ہے بس کلام کا

☆☆☆

Marfat.com

اسمِ مبارک

سراپا ہے رحمت وجود مبارک
محمد ﷺ ہے ان کا ہی اسمِ مبارک

وہ نورٌ علیٰ نور ہستی ہے جن کی
محمد ﷺ ہے ان کا ہی اسمِ مبارک

بلندی پہ ہو گا سدا ذکر جن کا
محمد ﷺ ہے ان کا ہی اسمِ مبارک

ملے ذکر سے جن کے راحت دلوں کو
محمد ﷺ ہے ان کا ہی اسمِ مبارک

سراپائے رحمت، کرم کا وہ معدن
محمد ﷺ ہے ان کا ہی اسمِ مبارک

Marfat.com

جو قاسم ہیں اللہ کی نعمتوں کے
محمد ﷺ ہے ان کا ہی اسم مبارک

محاسن کا جن کے بیاں غیر ممکن
محمد ﷺ ہے ان کا ہی اسمِ مبارک

میں ہوں ملتجی جن کی نظرِ کرم کی
محمد ﷺ ہے ان کا ہی اسمِ مبارک

عطا جن کو منصب شفاعت کا ہو گا
محمد ﷺ ہے ان کا ہی اسم مبارک

شفاعت کا جن کی مجھے آسرا ہے
محمد ﷺ ہے ان کا ہی اسمِ مبارک

تصدق میں جن کے بھرا میرا دامن
محمد ﷺ ہے ان کا ہی اسمِ مبارک

Marfat.com

ملی جن کے صدقے میں ایماں کی دولت
محمد ﷺ ہے ان کا ہی اسمِ مبارک

درود ان پہ بھیجوں تو تسکین پاؤں
محمد ﷺ ہے ان کا ہی اسمِ مبارک

درود و تحیّت دوامی ہو جن پر
محمد ﷺ ہے ان کا ہی اسمِ مبارک

ہوگستاخ کا جن کے انجام ابتر
محمد ﷺ ہے ان کا ہی اسمِ مبارک

کنیزوں میں ہے فائزہ جن کی شامل
محمد ﷺ ہے ان کا ہی اسمِ مبارک

☆☆☆

Marfat.com

بقیع کی خاک میں یہ خاک میری شامل ہو

حضور ﷺ شہرِ مدینہ مجھے بلا لیتے
حضور ﷺ شہر میں اپنے مجھے بسا لیتے

تمام عمر یہی آرزو رہی میری
تمام عمر دعا یہ میری زباں پہ رہی

حضور ﷺ پھر بھی مدینہ میں رہ سکی نہ کبھی
کرم کیا کہ مدینے میں حاضری تو ہوئی

مدینہ میرے تصور میں بس گیا ایسے
رہی کہیں بھی مگر میں رہی وہاں جیسے

حضور ﷺ آپ تو سائل کو بھیک دیتے ہیں
حضور ﷺ میں بھی بھکارن ہوں آپ کے در کی

Marfat.com

حضور ﷺ خاکِ مدینہ مقام ہو جائے
وہیں پہ قصۂ ہستی تمام ہو جائے

دعا ہے خاک مدینہ میں میری قبر بنے
نہ رہ سکی تو مدینے کی موت ہی دے دے

بقیع کی خاک میں یہ خاک میری شامل ہو
مجھے حضور ﷺ کی ہمسائیگی جو حاصل ہو

(آمین)

☆☆☆

Marfat.com

محمد صلی اللہ علیہ وسلم شمعِ محفل بود

نہ جانے کیسی محفل تھی جہاں کل رات کو میں تھا
تھے رقصاں جانثار عشاق واں کل رات کو میں تھا

پری پیکر، قد زیبا، گل لالہ حسیں چہرہ
وہیں تو جان جاناں تھے جہاں کل رات کو میں تھا

شیاطیں ہیں رقیب روسیاہ اور تاک میں بیٹھے
ہوا مشکل یہ بتلانا کہاں کل رات کو میں تھا

مقام لامکاں تھا وہ، خدا خود میرِ محفل تھا
محمد صلی اللہ علیہ وسلم شمعِ محفل تھے جہاں کل رات کو میں تھا

☆☆☆

Marfat.com

نگاہوں کے آگے

ہو مکّہ مدینہ سدا میرے آگے
رہیں تاکہ جلوے نگاہوں کے آگے

میں سجدہ کروں تو کروں ایسے مولا
کہ ہو تیرا کعبہ نگاہوں کے آگے

تو کر مختصر ہجر کی ساعتوں کو
ہو کعبے کا کعبہ نگاہوں کے آگے

مجھے آقا ﷺ لے لیں غلامی میں اپنی
سداہو مـــواجهـــه نگاہوں کے آگے

میں رہتی کہاں ہوں بتاؤں یہ کیسے
ہے خضریٰ ہی خضریٰ نگاہوں کے آگے

Marfat.com

کبھی سوچتی ہوں بُلائیں وہ ﷺ مجھ کو
رہوں میں بھی شاہا ﷺ نگاہوں کے آگے

میں سوؤں تو دیدار سے بہرہ ور ہوں
اُنہی ﷺ کا ہو جلوہ نگاہوں کے آگے

بنے میرا مسکن وہ شہرِ تخیّل
رہے ان ﷺ کا روضہ نگاہوں کے آگے

درود اُن ﷺ پر بھیجیں سلام اُن ﷺ پر بھیجیں
ہے حکم الہٰا نگاہوں کے آگے

ندامت گناہوں پہ ہوتی ہے اپنے
ہے دفتر عمل کا نگاہوں کے آگے

طلب مغفرت کی ہے ربّ علیٰ سے
ہے در مصطفیٰ ﷺ کا نگاہوں کے آگے

Marfat.com

میں اس ایک منظر میں یوں کھو گئی ہوں
نہیں کوئی جچتا نگاہوں کے آگے

مجھے بھی کرم کی ملے بھیک ان ﷺ سے
درِ جود ہے وا نگاہوں کے آگے

☆☆☆

Marfat.com

ترجمہ: علّامہ اقبالؒ

تو غنی از ہر دو عالَم من فقیر
روزِ محشر عُذر ہائے مَن پذیر
وَر حسابم را تو بینی ناگزیر
از نگاہ مصطفیٰ ﷺ پنہاں بگیر

(علامہ اقبالؒ)

اے اِلٰہ العٰلمین! تیری ذات دو جہانوں
سے بے نیاز ہے جبکہ میں تہی دست (تیرے فضل کا)
محتاج ہوں۔ لہٰذا قیامت کے روز میرے گناہوں کے
ضِمن میں میری عذر خواہیاں قبول فرما لینا۔ اور اگر تو میرا
حساب لینا ضروری سمجھے تو حضورِ اکرم ﷺ کی
نظروں سے چھپا کر لینا۔ آمین

Marfat.com

اے الہٰ العٰلمیں تو بے نیاز دوجہاں
ہو ترا فضل و کرم مجھ پہ الٰہی بیکراں

میں تہی دست اور تیرے فضل کی محتاج ہوں
تیری بخشش اور تیرے عفو کی محتاج ہوں

معذرت میرے گناہوں پہ تو مولا کر قبول
کچھ گناہ دانستہ میرے اور کچھ نسیان و بھول

یا خدا روزِ قیامت ہو نہ میرا احتساب
مغفرت بے پایاں تیری اور رحمت بے حساب

ہو اگر لازم مرا اعمال نامہ دیکھنا
اپنے محبوب ﷺ کی نظروں سے اسے لینا چھپا

☆☆☆

Marfat.com

جو ترے حبیب ﷺ ہیں اے خدا

جو ترے حبیب ﷺ ہیں اے خدا
مجھے ان ﷺ کا قرب تو کر عطا

ہو عطا وہ الفتِ بے ریا
سبھی الفتوں سے جو ہو سِوا

مجھے نور ایماں کا کر عطا
مرے قلب و جاں کا ہو تزکیہ

دلِ مردہ کو وہ ملے جِلا
مجھے حُبِّ دُنیا سے تو بچا

مرا دل بنا دے وہ آئینہ
ہو ترے حبیب ﷺ کی جلوہ گاہ

☆☆☆

Marfat.com

یہ دل بسمل ہے

از جامی

یہ دل بسمل ہے جاں پارہ، بدن درماندہ ہے میرا
مجھے بے چین رکھتی ہے جدائی، یا رسول ﷺ اللہ

ہے دل پژمُردہ اور بوجھل گناہ کے بار سے میرا
مری جانب کرم کی اک نگاہ ہو یا رسول ﷺ اللہ

یہی ہے آرزو دل کی زیارت خواب میں کر لوں
مجھے دیدار کی نعمت عطا ہو یا رسول ﷺ اللہ

خوشا قسمت فدا کر دوں میں اپنی جان و ہستی کو
ملے جو نقشِ نعلینِ مبارک یا رسول ﷺ اللہ

یہ اندیشہ مجھے بے کل کئے رہتا ہے اک اک پل
سیاہ ہو گا مرا اعمال نامہ جب سرِ محشر

Marfat.com

گناہ کا عذر دینا ہے گناہ کرنے سے بھی بدتر
کریں گے آپ ﷺ ہی میری شفاعت یارسول ﷺ اللہ

میں شرمندہ، میں شرمندہ خجل رہتی ہوں میں پل پل
پشیماں ہوں، سراپا میں پشیماں یا رسول ﷺ اللہ

محبت آپ ﷺ کی رکھتی ہے بے خود اور مستی میں
میرا دل آپ ﷺ کی الفت کی زنجیروں میں ہے جکڑا
میں اپنے دل کی بیتابی بیاں کیسے کروں آقا ﷺ
نہ میں شاعر نہ دعویٰ ہے سخن کا یا رسول ﷺ اللہ

گناہگارانِ اُمّت کی شفاعت جس گھڑی ہو گی
تو اس دشوار لمحے میں شفاعت کیجئے گا میری
شفاعت آپ ﷺ کی مجھ کو عطا ہو یا رسول ﷺ اللہ
مری جانب کرم کی اک نگاہ ہو یا رسول ﷺ اللہ

☆☆☆

Marfat.com

کس کے فیضانِ محبت سے

کس کے فیضانِ محبت سے ملی دل کو جِلا
کس کی امیدِ شفاعت سے ہوا دل کو سکوں

کس کی تعلیم و ہدایت نے دیا نور و شعور
ظلمتِ جہل کو انوارۂ آگاہی دی

مرحبا سیّد کونین ﷺ، نبیٔ امّی ﷺ
ان ﷺ پہ پیہم ہو صلوٰۃ اور سلام ان ﷺ پہ مُدام

مجھ کو احساسِ محبت تو بہت ہے لیکن
مجھ کو اظہارِ عقید ت کا سلیقہ بھی نہیں
مجھ کو اظہارِ محبت کا سلیقہ دے دے
میرے معبود تجھے نام نبی ﷺ کا صدقہ
یوں تقاضائے محبت کو کروں دل سے ادا
پیروی اُسوۂ حسنہ کی سعادت ہو عطا

Marfat.com

مرحبا سیّد کونین ﷺ، نبیٔ اُمّی ﷺ
ان ﷺ پہ پیہم ہو صلوٰۃ اور سلام ان ﷺ پہ مُدام

میں کہ دنیا کی چکا چوند سے مغلوب ہوئی
دین کی راہ میرے دور میں معیوب ہوئی

تیرے محبوب ﷺ کی الفت نے سکھایا مجھ کو
اور توفیق سے تیری مجھے مطلوب ہوئی

راہِ حق ہم پہ اجاگر ہے قدم اس پہ بڑھیں
اپنا ایمان زبانی ہے اسے دل میں اتار

ترے محبوب ﷺ کی سنّت پہ عمل پیرا رہوں
قلب بیدار ہو، سچّا ہو، عمل ہو صالح

اور محمد ﷺ کی محبت کا تقاضا ہے یہی
میرے معبودؑ محمد ﷺ ہیں ہمارے محبوب ﷺ
اور رضا تیری فقط زیست کا اپنی مطلوب

Marfat.com

مرحبا سیّد کونین ﷺ، نبیٔ امّی ﷺ

ان ﷺ پہ پیہم ہو صلوٰۃ اور سلام اُن ﷺ پہ مُدام

☆☆☆

Marfat.com

دُعائیہ نعت

(جنوری ۱۹۹۳ء میں مدینہ طیبہ سے واپسی کے بعد لکھی گئی)

یا ربّ مجھے نبی ﷺ سے محبت ہو بے حساب
ان کا کرم ہو ان ﷺ کی عنایت ہو بے حساب

ہر وقت ان ﷺ کی تابعؔ فرمان میں رہوں
حسنِ عمل کی مجھ کو سعادت ہو بے حساب

دل ہو میرا ایمان کے انوار سے معمور
مجھ کو عطا ایمان کی دولت ہو بے حساب

ہر دم رہوں میں ان ﷺ کی نگاہ جمال میں
مجھ پر نبی ﷺ کی چشمِ عنایت ہو بے حساب

بھیجوں درود اتنا میں خیر الانام ﷺ پر
اللہ کے عمل کی نیابت ہو بے حساب

Marfat.com

اے کاش میری موت پر آئے صدائے غَیب
بندی ہماری داخلِ جنت ہو بے حساب

دنیا میں لگ گئی ہوں مگر آرزو ہے یہ
مجھ کو قیام و اذنِ زیارت ہو بے حساب

یہ کم شرف نہیں ہے کہ ہوں ان ﷺ کی اُمّتی
مجھ کو ادائے شکر کی عادت ہو بے حساب

بار دگر بھی مجھ کو ملے اِذنِ حاضری
دل کو مرے سکون ہو راحت ہو بے حساب

جس کی نگاہ تیرے کرم کی ہو منتظر
اس پر ترا کرم تری رحمت ہو بے حساب

ہر ہر قدم پہ راہ عمل ان سے پائی ہے
روزِ جزا بھی ان کی اعانت ہو بے حساب

Marfat.com

اللہ کی مخلوق ہے اللہ کا کنبہ
مجھ سے خدا کی خَلق کی خدمت ہو بے حساب

حسنِ کمال حقِ رسالت کیا ادا
لِلّٰہ اُن ﷺ کو حقِ شفاعت ہو بے حساب

اسلام کے عروج کا عظمت کا دور ہو
اس دین کا قیام ہو نصرت ہو بے حساب

ذکرِ رسول ﷺ، ذکرِ الٰہی ہو میرا شغل
اور فائزہ پہ لُطف و عنایت ہو بے حساب

☆☆☆

Marfat.com

ترا شکر کیسے کروں ادا

ترا شکر کیسے کروں ادا، تو بڑا ہی بندہ نواز ہے
تو ہی سنتا میری دعائیں ہے، تو بڑا ہی نکتہ نواز ہے

تو ودود ہے تو لطیف ہے تو بڑا رحیم و کریم ہے
ہے گناہ میری سرشت میں تو بڑا غفور الرّحیم ہے

ہے بھروسہ تیری ہی ذات پہ تو ہی ہے فقط مرا آسرا
ہے یقین میرا تو تجھ پہ ہے، نہیں تجھ سا کوئی بھی دوسرا

تری قدرتوں کی نہیں ہے حد، تو ہی قادراور قدیر ہے
تو الٰہ واحد ہے اے خدا، نہیں کوئی تیری نظیر ہے

میں ہمیشہ تجھ سے ہوں خوش گماں
نہیں تجھ سا کوئی بھی مہرباں

Marfat.com

مجھے لوٹنا ہے تری طرف، مجھے تجھ کو دینا حساب ہے
مری التجا ہے یہی خدا، مرے دائیں ہاتھ کتاب دے

تو عفو کا معاملہ مجھ سے کر تری مغفرت کا سوال ہے
میں سوالی تیرے کرم کی ہوں، تری رحمتوں کا سوال ہے

☆☆☆

Marfat.com

دیگر ہر شئے اضافی ہے

مجھ ہیچ مداں کم مایہ کو ان ﷺ کی نسبت ہی کافی ہے
دنیا کی ہر اک محرومی کی بس یہ ہی ایک تلافی ہے

بس ان ﷺ کی محبت کی دولت میرے جینے کو کافی ہے
یہ جھگڑا مال و دولت کا میری فطرت کے منافی ہے

دنیا کی طلب جب غالب ہو جتنی بھی ملے کم لگتی ہے
اور ان ﷺ کی محبت غالب ہو تو دیگر ہر شئے اضافی ہے

اک کیف و سرورِ بے پایاں طاری ہے فضائے طیبہ میں
اس در کی خاک کا کیا کہنا اس در کی ہوا بھی شافی ہے

یہ ان ﷺ کے کرم کا صدقہ ہے میں حسنِ عمل پر مائل ہوں
زمزم یہ ان ﷺ کی الفت کا اس قلب و نظر کو صافی ہے

Marfat.com

بے مایہ میری ہستی تھی بے کیف سی دل کی بستی تھی
ہاں عشقِ نبی ﷺ کی سرشاری اب میرے لئے بس کافی ہے

میں اہلِ جہاں سے کیوں مانگوں میں ان ﷺ کے در کی سوالی ہوں
وہ ﷺ میرا ملجا و ماویٰ وہ میرا حامی عافی ہے

☆☆☆

Marfat.com

کر اُجلا میرا باطن میرا ظاہر

کر اُجلا میرا باطن میرا ظاہر
کنیزِ مصطفیٰ میں بھی ہوں آخر

میں استغفار کرتی ہوں بظاہر
گناہوں سے نہیں میں پاک و طاہر

کئے ہیں ظلم میں نے جاں پہ اپنی
شہا ﷺ میں آپ ﷺ کے در پہ ہوں حاضر

دعائے مغفرت فرمائیں میری
میرا ایمان ہے اللہ ہے غافر

یقیں ہے ہو گا بابِ مغفرت وا
کرے گا درگذر ربّ ان ﷺ کی خاطر

Marfat.com

مدینے کی مہکتی ہیں فضائیں
ہے واں آرام گاہِ ذاتِ عاطر

کئے جاتے ہیں پیش اعمال اُمّت
مرے اعمال کے شاہد، وہ ﷺ ناظر

گناہوں سے رہوں میں پاک کیسے
میں قابو نفس پہ رکھنے سے قاصر

سہارا ہے یہی تو زندگی کا
کہ آقا ﷺ کا کرم ہے مجھ پہ وافر

فراست مومنوں کو تو عطا کر
یہ دشمن دین کے بے حد ہیں شاطر

محمد ﷺ کی رسالت جو نہ مانے
حقیقت میں وہی کافر ہے کافر

Marfat.com

جواب دشمناں دیتا ہے اللہ
خدا خود ان ﷺ کا حامی اور ناصر

محبت ان ﷺ کی میرا زادِ راہ ہے
میں راہِ حق کی ہوں ادنیٰ مسافر

ہر اک مشکل مری ہو جائے گی حل
ہے بے شک میرا رب ہر شے پہ قادر

مسلماں کو ہیں زیبا دو ہی کردار
مسلماں ہوتے ہیں صابر و شاکر

جب آئے آزمائش زندگی میں
کرے جب صبر تو بنتا ہے صابر

کرے جو نعمتوں پر شکر اس کا
حقیقت میں وہی بندہ ہے شاکر

Marfat.com

مراتب صبر سے اس کو ملیں گے
عطائیں شکر کرنے سے ہوں وافر

ادا کیسے ہو حقِ نعت گوئی
نہ دعویٰ ہے سخن کا نہ میں شاعر

☆☆☆

Marfat.com

ہر اک گمان سے برتر

ہر اک گمان سے برتر عطائے رحمت ہو
ترے حبیب ﷺ کے لائق جو تیری رحمت ہو

درود ان ﷺ کو ہماری طرف سے پہنچا دے
سراپا رحمتوں والے پہ تیری رحمت ہو

جو اُمّت ان ﷺ کو درددوں کی نذر کرتی ہے
دو چند کر کے اسے مولا ان ﷺ کو پہنچا دے

وسیلہ ان ﷺ کو عطا کر فضیلت ان ﷺ کو دے
مرے شکور انہیں درجۂ رفیعہ دے

ہیں ان ﷺ کی اتنی عطائیں کوئی بھی گن نہ سکے
وہی ہیں محسنِ انسانیت تو بدلہ دے

Marfat.com

نبی ﷺ نے اپنے لئے نہ کوئی سوال کیا
دعائیں مانگیں کہ اُمّت کی بخشش تو کر دے

ہوئے جو پیدا تو سجدے میں جا کے فرمایا
الٰہی بخشنا اُمّت کو میری روزِ جزا

ملے گا بار شفاعت انہیں ﷺ جزا کے دن
بہت ہے کار شفاعت انہیں ﷺ جزا کے دن

نہ سر اٹھائیں گے سجدے سے وہ نبیٔ کریم ﷺ
کہ بخششوں کی ندا دے گا وہ رؤف و رحیم

الٰہی تو ہی جزا دے نبیٔ اکرم ﷺ کو
تو ہی جزا پہ ہے قادر اے میرے ربّ عظیم

ہے اعتراف ہمیں وہ ﷺ ہیں محسنِ اعظم
ہمارے ہاتھ ہیں خالی، گناہگار بھی ہم

Marfat.com

ہم عاجزوں کی طرف سے تو ہی جزا دے گا
جو ہم نہ سوچ سکیں وہ انہیں ﷺ صلہ دے گا

لوائے حمد عطا تو کرے گا احمد ﷺ کو
مقام حمد پر فائز تو کر محمد ﷺ کو

الٰہی تو ہی کرے گا عطا وہ درجۂ موعود
وہی مقامِ شفاعت کہ منصبِ محمود

☆☆☆

Marfat.com

درود اسمِ اعظم ہے

کرم اس پہ ربّ کا صبح و شام ہو گا
وظیفہ جس کا درود اور ہدیہ سلام ہو گا

درود اسمِ اعظم ہے یہ جان لو تم
درودوں کے صدقے سے ہر کام ہوگا

رضائے الٰہی یہی ہے یہی ہے
کہ محبوب ﷺ کا تذکرہ عام ہو گا

خوشامیری قسمت کہ خدمت میں ان ﷺ کی
سلامِ عقیدت صبح و شام ہو گا

درودیں ہوں لب پر ہمہ وقت جس کے
تو اس کا مقدر سرِ بام ہو گا

Marfat.com

پڑھے گا وظیفہ جو ضلی علیٰ کا
نہیں شک کہ اس کا ہر اک کام ہو گا

عطا رفعتیں ذکر کو تو ہے کرتا
بلند ذکر ہو گا بلند نام ہو گا

مری زندگی ہے اسی کے کرم سے
اسی کے کرم سے خوش انجام ہو گا

☆☆☆

Marfat.com

وہ ﷺ اُجالیں گے

وہ ﷺ اُجالیں گے یقیناً مرے دل کا کشکول
ان ﷺ سے نسبت کا یہ اعزاز ہے کتنا انمول

کوئی خالی نہیں جاتا کبھی در سے ان ﷺ کے
بھر دیا کرتے ہیں ہر ایک کا خالی کشکول

در گذر آپ ﷺ نے فرمائے جو دشمن کے قصور
وہ غلامی میں چلے آئے ہیں ان ﷺ کی بن مول

میں بھی جنت کے محل کا یونہی سودا کرتی
اگر ہوتا کوئی اس دور میں پیدا بہلول

اس سے بہتر نہیں ممکن کہ ہو تشریحِ کتاب
میرے سرکار ﷺ کی سیرت ،میرے سردار کے بول

Marfat.com

رحمتِ خاص کے ابواب مرے مولا کھول
دور فرما دے مری ذات کی کمزوریاں جھول

قلبِ مومن ہوا کرتا ہے زباں سے آگے
پہلے الفاظ کو تول فائزہ پھر منہ سے بول

☆☆☆

Marfat.com

ملتجی ہوں

ملتجی ہوں کہ ہو سرکار ﷺ پہ رحمت کا نزول
ان ﷺ کے صدقے میں ہمارے ہو مقاصد کا حصول

اور وسیلے سے محمد ﷺ کے دعائیں ہوں قبول
رحمتِ باری کے ہر لمحہ برستے رہیں پھول

یعنی ہستی میں مری حُبِّ نبیؐ کا ہو حلول
اتباع ان ﷺ کا ہو ہستی کا مری اصل اصول

حُسنِ شعری نہ سہی جذبے میں اخلاص تو ہے
ان ﷺ کا احسان ہے ہو جائے جو ہدیہ مقبول

مجھ کو ایمان کی تکمیل کی مل جائے سند
ہر محبت سے سِوا تر ہو مرا عشقِ رسول ﷺ

Marfat.com

اور عمل میرا نہ ہو کوئی خلافِ سنّت
ان ﷺ کی سنّت پہ چلوں ہو یہی مرا معمول

ان پہ بھی شفقت و رحمت کے وہ ﷺ برساتے تھے پھول
راہ میں ان ﷺ کی بچھاتے تھے جو کانٹے اور ببول

☆☆☆

Marfat.com

تری رحمتیں ہوں حضور ﷺ پر

ہے الٰہِ واحد اپنا رب اور محمد ﷺ اس کے رسول ﷺ ہیں
ہو درود اوّل و آخریں تو دعائیں ساری قبول ہیں

ہے یہی غلاموں کی التجا تری رحمتیں ہوں حضور ﷺ پر
ہو سلام تیرے حبیب پر تری برکتیں ہوں حضور ﷺ پر

اللہ ربّ محمد ﷺ ہے، یہی اسمِ اعظم بلاشبہ
ہم رسول رحمت ﷺ کے اُمّتی، ہیں غلام احمد مصطفیٰ ﷺ

ہے یہی غلاموں کی التجا تری رحمتیں ہوں حضور ﷺ پر
ہو سلام تیرے حبیب ﷺ پر تری برکتیں ہوں حضور ﷺ پر

ہے الہ واحد اپنا ربّ اور محمد ﷺ اس کے نقیب ہیں
ہمیں ان ﷺ سے قرب کی آرزو وہی ذات حق سے قریب ہیں

Marfat.com

ہے یہی غلاموں کی التجا تری رحمتیں ہوں حضور ﷺ پر
ہو سلام تیرے حبیب ﷺ پر تری برکتیں ہوں حضور ﷺ پر

ہمیں الفت ان ﷺ سے مزید ہو سبھی الفتوں سے وہ ہو سوا
یہ اساس ہے مرے دین کی یہی دین کا بھی ہے مُدّعا

ہے یہی غلاموں کی التجا تری رحمتیں ہوں حضور ﷺ پر
ہو سلام تیرے حبیب ﷺ پر تری برکتیں ہوں حضور ﷺ پر

انہیں فکر ہے تو ہماری ہے سر حشر بھی ہیں وہ ﷺ آسرا
وہ رؤف بھی ہیں رحیم بھی ہو شفاعت ان ﷺ کی ہمیں عطا

ہے یہی غلاموں کی التجا تری رحمتیں ہوں حضور ﷺ پر
ہو سلام تیرے حبیب ﷺ پر تری برکتیں ہوں حضور ﷺ پر

ہمہ وقت محفلِ نعت ہو، ہمہ جاء درود و سلام ہو
ہو وظیفہ میرا یہ روز و شب یہی میرا شغل مُدام ہو

Marfat.com

ہے یہی غلاموں کی التجا تیری رحمتیں ہوں حضور ﷺ پر
ہو سلام تیرے حبیب ﷺ پر تری برکتیں ہوں حضور ﷺ پر

☆☆☆

Marfat.com

شہرِ تمنا

مکّے سے وہاں پہنچوں جو شہرِ تمنا ہے
وہ شہرِ مدینہ ہے جو شہرِ تمنا ہے

اس در پہ جبیں سائی ہوتی رہے روز و شب
اس شہر میں جینا ہو جو شہرِ تمنا ہے

صدقے میں محمد ﷺ کے ہو جائے دعا پوری
اس شہر میں مرنا ہو جو شہرِ تمنا ہے

سرکار ﷺ کی خوشبو ہے اس کے گلی کوچوں میں
وہ شہر مہکتا ہے جو شہرِ تمنا ہے

اس شہر میں رافت ہے نرمی و محبت ہے
اِک کیف یاں ملتا ہے جو شہرِ تمنا ہے

Marfat.com

انوار و تجلّی کے وہ منبع و مرجع ہیں
واں نور برستا ہے جو شہرِ تمنا ہے

انوار ہیں ظاہر کے انوار ہیں باطن کے
واں نور یہ بٹتا ہے جو شہرِ تمنا ہے

بے مثل عطا ان ﷺ کی بے مثل سخاوت ہے
ہر کاسہ واں بھرتا ہے جو شہرِ تمنا ہے

☆☆☆

Marfat.com

نوازیں گے مجھ کو نبیٔ مکرّم ﷺ

خدا کے کرم کا جو ہو کوئی سائل
وہ سنت پہ چلنے کو ہو جائے مائل

سنن ان ﷺ کی زندہ رکھوں میں ہمیشہ
حیاتِ النبیؐ کی سدا سے میں قائل

کسی اور در سے مجھے آسرا کیا
محمد ﷺ کے در کی رہی ہوں میں سائل

درودوں میں ملفوف ہوں جو دعائیں
وہ مقبول ہوں گی نہ ہونگی وہ زائل

ارادہ کیا ہے مدینے کا میں نے
کوئی اب نہ ہو میرے رستے میں حائل

Marfat.com

نوازیں گے مجھ کو نبیؐ مکرم ﷺ
نہیں خالی لوٹا کبھی در سے سائل

نوازے گا اللہ اپنے کرم سے
رحم اور کرم پہ سدا ہے وہ مائل

نہیں پھیلا اسلام لشکر کشی سے
ہوئے حسنِ اخلاق سے سارے گھائل

☆☆☆

Marfat.com

حلاوت پاسکوں میں

فدا ہیں آپ ﷺ پر ماں باپ میرے یا رسول ﷺ اللہ
فدا میں آپ ﷺ پر، ہیں آپ میرے یا رسول ﷺ اللہ

محبت آپ ﷺ کی سب سے سِوا ہے یا رسول ﷺ اللہ
مرے دل کو ہوئی نعمت عطا ہے یا رسول ﷺ اللہ

محبت ہے مجھے ماں باپ سے بے شک بہت زیادہ
محبت آپ ﷺ کی اس سے سِوا ہے یا رسول ﷺ اللہ

محبت ہے مجھے اولاد سے اپنی، بہت ممتا
محبت آپ ﷺ سے ان سے ہے زیادہ یا رسول ﷺ اللہ

یہ مانا مجھ کو اپنی ذات سے بھی ہے بہت الفت
محبت آپ ﷺ کی سب سے ہے بالا یا رسول ﷺ اللہ

Marfat.com

متاع قلب و جاں کیوں نہ فدا ہو آپ ﷺ پر آقا ﷺ
مٹا ڈالوں میں اپنی ذات و ہستی آپ ﷺ پر مطلق

میرا ایمان ہے ربّ پر ،وہی معبود ہے برحق
میرا ایماں محمد ﷺ اس کے بندے ہیں رسول حق

مجھے توفیق تقویٰ ہو یہی اللہ کا ہے حق
محبت میں رسول پاک ﷺ کی رہتی ہوں مستغرق

ادب ان کا کروں بے حد محبت ان ﷺ کی ہو بے حد
درِ اقدس پہ حاضر ہوں، غلامی کی ملے سند

میں اپنی زیست کے اک اک قدم طاعت کروں ان ﷺ کی
سعادت پا سکوں ان ﷺ پہ میں جاں قربان کرنے کی

شریعت پر چلوں ان ﷺ کی، کروں میں پیروی ان ﷺ کی
حلاوت پا سکوں میں سنّت نبوی پہ چلنے کی

☆☆☆

Marfat.com

درود اک ایسی نعمت ہے

پڑھے جو بھی درود ان ﷺ پر تو ہوتا ہے وہ غوطہ زن
اجالے اس پر اتریں اور باطن اس کا ہو روشن

خدا کے نور اور نور رسالت ﷺ کے سمندر میں
بنے پیراک وہ فضلِ الٰہی کے سمندر میں

بیک ساعت کراماً کاتبیں مصروف ہوں اس کے
لکھے نیکی جو داہنا، بایاں مٹانے میں گناہوں کے

درودوں کی کریں کثرت تو رحمت ڈھانپ لیتی ہے
نگاہِ لطف آقا ﷺ کی اسی پر خاص رہتی ہے

منور قلب ہو گا، ذہن و دل پاکیزہ تر ہو گا
فضا میں عطر برسے گا، دلوں کا تزکیہ ہو گا

درود اک ایسی نعمت ہے کہ نعمت کوئی اس جیسی
ہوئی پیدا نہ دنیا میں نہ آئندہ کبھی ہو گی

☆☆☆

Marfat.com

کافّۃ للنّاس

انبیاء سے معجزے صادر ہوئے
آپ ﷺ ہی کے نور سے ان کو ملے

انبیاء نائب ہیں سارے آپ ﷺ کے
آفتاب کل رُسل احمد ﷺ ہوئے

انبیاء گویا ستارے سب کے سب
آپ ﷺ ہی سے سب نے پائی تاب و تب

محمد ﷺ کی رسالت اصل اور واحد رسالت ہے
مکمل دیں ہوا ان ﷺ پر وہ خاتم ہیں رسالت کے

آفتابِ رسالت کے انوار سارے
ازل سے تا ابد باقی رہیں گے

Marfat.com

ازل سے تا ابد مخلوق ساری
تمامی انبیاء سب کی اُمم بھی
کافّۃ للنّاس میں داخل ہیں جبھی
رسالت ان ﷺ کی جاری ہے، رہے گی

☆☆☆

Marfat.com

میری منزل مدینہ ہے

مرا مسکن مدینہ ہے مری منزل مدینہ ہے
اُنہیں ﷺ دل میں بسایا ہے بنایا دل مدینہ ہے

ہمہ اوقات سوتے جاگتے بس ایک ہی دھن ہے
مری ہر آرزو، ارمان کا ساحل مدینہ ہے

مرے سرکار ﷺ بلوالیں مجھے بھی شہر میں اپنے
مرے قلبِ حزیں کی آرزو ہر پل مدینہ ہے

بظاہر اپنے گھر میں ہوں مگر رہتی سفر میں ہوں
مری منزل مدینہ ہے مری منزل مدینہ ہے

مدینہ گر پہنچ جاؤں تو مشکل نہ رہے مشکل
مری ہر ایک مشکل کا فقط اک حل مدینہ ہے

Marfat.com

کوئی جب نعت پڑھتا ہو اور ان ﷺ کا ذکر کرتا ہو
بھر آئیں آنکھ میں آنسو تو بس جھلمل مدینہ ہے

رسائی نا رسائی سے بھلا کیا فرق پڑتا ہے
محمد ﷺ ہیں مکیں اس کے یہ میرا دل مدینہ ہے

تصور میں مدینہ ہو تو ہے پھر فائزہ ڈر کیا
مرے ہر اک سفر کی آخری منزل مدینہ ہے

☆☆☆

Marfat.com

خیرِ کثیر

ہدیہ نعت بحضور سرورِ کونین ﷺ

محمد ﷺ کو عطا کی ربّ نے کوثر
جو ہے خیرِ کثیر اور سب سے بہتر

محمد ﷺ آپ ﷺ کے ربّ کی قسم ہے [1]
قسم کھائی ہے اللہ نے یہ کہہ کر

بھلا اس سے بڑا اعزاز کیا ہو
وہی ﷺ ہیں دین اور دنیا کے سرور

مقام مصطفےٰ ﷺ دیکھے گا عالم
شفاعت وہ ﷺ کریں گے روزِ محشر

رسول اللہ ﷺ کی کر لے جو طاعت
اطاعت اس نے کی رب کی سراسر

[1] بحوالہ سورہ النساء آیت ۶۵

Marfat.com

توسل ہو حبیب کبریا ﷺ کا
ہے افضل تر وسیلہ یہ قریں تر

ہے نازاں اپنے عبدِ خاص پر ربّ
جو اسرار الٰہی کا ہے مظہر

نہیں ممکن کسی مخلوق سے ہو
ثنائے مصطفےٰ ﷺ خالق سے بہتر

بہ اصلاب چنیدہ و ارحام مطہر
تھا اہتمام سے نورِ محمدی کا سفر

دعائے مصطفائی کی بدولت
عطا فرمائی ہے ربّ نے سراسر

فضیلت یا کہ ہو برکت و رحمت
مدینے کو کیا مکّے سے برتر

Marfat.com

ہے شرفِ باریابی کا رستہ بہت سہل

یوں دل میں بس گئی ہے محبت رسول ﷺ کی
پیشِ نظر ہے ہر گھڑی صورت رسول ﷺ کی

جتنے خلوص دل سے پڑھے گا کوئی درود
اتنی ہی بڑھتی جائے گی قربت رسول ﷺ کی

ہے شرفِ باریابی کا رستہ بہت سہل
پڑھیئے درود ہو گی عنایت رسول ﷺ کی

صلو علی النبی کی سعادت ملے مزید
ہر صبح و شام لب پہ ہو مدحت رسول ﷺ کی

جو بھی رکھے گا ان ﷺ سے محبت بصد خلوص
روزِ جزا ملے گی شفاعت رسول ﷺ کی

Marfat.com

ہو جس قدر بھی شغل صلوٰۃ و سلام کا
یہ طاعتِ الٰہی ہے، طاعت رسول ﷺ کی

ہر ہر عمل کو ان ﷺ کے نمونہ بنا دیا
کتنی ہمہ صفت ہے یہ سیرت رسول ﷺ کی

سب اہلِ بیت ان ﷺ کے ہمیں ہیں بہت عزیز
حد درجہ محترم ہے قرابت رسول ﷺ کی

ان ﷺ کے صحابہ لائقِ تعظیم و احترام
اعلیٰ تریں شرف ہے یہ صحبت رسول ﷺ کی

ہم سے گناہ گاروں کو ہے ایک آسرا
ہو گی نصیب ہم کو شفاعت رسول ﷺ کی

ہے فائزہ یہی تو مرا مقصدِ حیات
طاعت رسول ﷺ کی ہو محبت رسول ﷺ کی

Marfat.com

زادِراہ

اگر تقدیر سے ہو جائے بیت اللہ کی زیارت
طوافِ کعبہ ہو پیہم، عقیدہ ہو فقط وحدت

سفر مکّے کا ہوتو زادِ راہ کے طور پر ہمدم
ہمیں درکار ہو تقویٰ، ہمیں مطلوب ہو رحمت

صفا اور مروہ دونوں ہی نشاناتِ الٰہی ہیں
ہو حج یا عمرہ سعی کرنا ہے اک عورت کی سنّت

مدینے کا سفر ہو گر تو زادِ راہ ہے الفت
محبت سے اطاعت ہو، اطاعت سے بڑھے الفت

جلال حق ہے مکّے میں ، رواں زمزم کا پانی ہے
سدا طیبہ میں جاری ہے رواں ہے زمزمِ رحمت

Marfat.com

مدینے کا سفر ہو گر تو زادِ رہ یہ کافی ہے
صداقت اور طاعت ہو، ریاضت اور ہو الفت

مدینے کی فضاؤں میں سُرور و کیف ملتا ہے
مدینے ہی کی گلیوں میں ملے گی فائزہ راحت

☆☆☆☆

Marfat.com

سلام خیر الانام ﷺ

(خواجہ نظام الدین اولیاءؒ)

صبا بہ سوئے مدینہ جانا تو عاصیوں کا سلام کہنا
شہہِ مدینہ کے گرد پھرنا اور عاجزانہ سلام کہنا

بہت ادب سے، سرِ ارادت جھکانا خاکِ در نبی ﷺ پر
صلوٰۃ وافر بروحِ پاک جنابِ خیر الانام کہنا

ملے سعادت نبیؐ رحمت ﷺ کی قبر انور پہ حاضری کی
بہت ہی بے چین و مضطرب ہے حضور ﷺ کا یہ غلام کہنا

بہ بابِ جبریل ہونا داخل اَدب سے سر کو جھکائے رکھنا
صلوٰۃ میری طرف سے پڑھتی بہ سمتِ باب السلام جانا

بہ لحن داؤد میرا نالہ پیش کر میرے درد آشنا کو
شہہِ مدینہ کی بارگہہ میں سلامِ عاجز نظام کہنا

☆☆☆

Marfat.com

سلام بحضور سرورِ کونین ﷺ

ہو رابطہ حضور ﷺ سے اور صبح و شام ہو
بھیجوں درود اُن ﷺ پہ یہی میرا کام ہو
میرے لئے نجات کا باعث یہ کام ہو
آقا ﷺ سلام لو مرا دائم سلام لو

ہو اذن حاضری کا یہی ایک آرزو
ہے حاصلِ حیات یہی ایک آرزو
سرکار ﷺ در پہ آپ ﷺ کے قصہ تمام ہو
آقا ﷺ سلام لو مرا دائم سلام لو

سرکار ﷺ مجھ کنیز کو ہو اذنِ حاضری
ہو حاضری حضوری و اخلاص سے بھری

Marfat.com

حاضر ہوں صبح کو تو میں حاضر ہوں شام کو
آقا ﷺ سلام لو مرا دائم سلام لو

گذرے جو وقت روضہ و منبر کے درمیاں
دیکھا کروں میں آنکھوں سے خضریٰ کا وہ سماں
گھر میں ہے یہ کنیز فقط آقا ﷺ نام کو
آقا ﷺ سلام لو مرا دائم سلام لو

میں نفس کے فریب میں بھی مبتلا رہی
شیطان کے فریب سے بے راہ بھی رہی
معافی دلایئے شہا ﷺ اپنے غلام کو
آقا ﷺ سلام لو مرا دائم سلام لو

دربار آپ ﷺ کا ہے غلاموں کی پناہ گاہ
بخشش کی خواستگار ہوں بس یہ ہے التجا
سرکار ﷺ ہو کرم یہ مری توبہ تام ہو
آقا ﷺ سلام لو مرا دائم سلام لو

Marfat.com

جب آئے وقتِ موت مرے جسم و جان پر
ہو کلمۂ شہادت رواں اس زبان پر
ہو خاتمہ اسی پہ، یہ آخر کلام ہو
آقا ﷺ سلام لو مرا دائم سلام لو

جب ساعتِ نزع ہو تو تشریف لایئے
اور قبر میں بھی چہرۂ انور دکھایئے
مشکل ترین وقت پہ آقا ﷺ انعام ہو
آقاؐ سلام لو مرا دائم سلام لو

محشر میں اُمّت آپ کی جب تشنہ کام ہو
اُمّت کا حوضِ خاص پہ جب اژدہام ہو
ہاتھوں میں فائزہ کے بھی کوثر کا جام ہو
آقا ﷺ سلام لو مرا دائم سلام لو

☆☆☆

Marfat.com

دُعاءِ صدّیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

یہ دُعاء خلیفۂ اوّل امیر المؤمنین
سیّدنا حضرت ابوبکر صدّیق رضی اللہ عنہ ہر نماز کے بعد پڑھا کرتے تھے

خُذْ بِلُطْفِكَ يَا اِلٰهِيْ مَنْ لَّهٗ زَادٌ قَلِيْلٌ	مُفْلِسٌ بِالصِّدْقِ يَاْتِيْ عِنْدَ بَابِكَ يَا جَلِيْلُ
مدد کر اپنی مہربانی سے اے خدا اسکی ہدایت کا سرمایہ بہت تھوڑا ہے	مفلس ہے سچے دل سے آیا ہے تیرے در وازے پر اے خدا
كَيْفَ حَالِيْ يَا اِلٰهِيْ لَيْسَ لِيْ خَيْرُ الْعَمَلْ	سُوْءُ اَعْمَالٍ كَثِيْرٌ زَادُ طَاعَاتِيْ قَلِيْلٌ
میرا کیا حال ہے اے خدا نہیں ہے میرے پاس حسنِ عمل	بُرے اعمال میرے بہت ہیں میری طاعتیں کم ہیں،
مِنْهُ عِصْيَانٌ وَّنِسْيَانٌ وَّسَهْوٌ بَعْدَ سَهْوٍ	مِنْكَ اِحْسَانٌ وَّفَضْلٌ بَعْدَ اِعْطَاءِ الْجَزِيْلُ
مجھ سے گناہ اور بھول پہ بھول سرزد ہو رہے ہیں	تو برابر احسان کر رہا ہے اور بخشش پہ بخشش زیادہ کرتا ہے
ذَنْبُهٗ ذَنْبٌ عَظِيْمٌ فَاغْفِرِ الذَّنْبَ الْعَظِيْمَ	اِنَّهٗ شَخْصٌ غَرِيْبٌ مُذْنِبٌ عَبْدٌ ذَلِيْلُ
میرا گناہ بہت بڑا ہے اے خدا اس گناہِ عظیم کو بخش دے	کیونکہ میں ایک گنہگار، غریب اور ذلیل بندہ ہوں
عَافِنِيْ مِنْ كُلِّ دَاءٍ وَاقْضِ عَنِّيْ حَاجَتِيْ	اِنَّ لِيْ قَلْبًا سَقِيْمًا اَنْتَ مَنْ يَّشْفِي الْعَلِيْلُ
مجھے ہر بیماری سے محفوظ کر اور میری ضرورتوں کو پورا کر	میرا دل بیمار ہے اور تو ہے بیماروں کو شفا دینے والا
قُلْ لِّنَارِ اَبْرِدِيْ يَا رَبِّ فِيْ حَقِّيْ كَمَا	قُلْتَ قُلْنَا يَا نَارُ كُوْنِيْ اَنْتِ فِيْ حَقِّ الْخَلِيْلُ
اے خدا آگ سے کہدے کہ وہ میرے حق میں ٹھنڈی ہو جائے	جس طرح تو نے آگ سے ٹھنڈی ہونیکے لئے کہا تھا خلیل کیلئے
طَالَ يَا رَبِّيْ ذُنُوْبِيْ مِثْلَ رَمْلٍ لَّا تُعَدّ	فَاعْفُ عَنِّيْ كُلَّ ذَنْبٍ وَّاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلُ
دراز ہو گئے ہیں میرے گناہ لاتعداد ذرہ بالو کی طرح	میرا ہر گناہ معاف کر دے اور درگزر کر دے

Marfat.com

ہوں مفلس گو کہ سچّے دل سے تیرے دروازے پہ ہوں آیا
کرم کا میں سوالی ہوں، بہم فرما ہدایت کا تو سرمایا

ہے میرا حال تو ابتر، نہیں حسنِ عمل کوئی
ہیں کم کم طاعتیں میری، عمل میں میرے کوتاہی

گناہ ہوتے رہے سہواً، کبھی نسیان سے میرے
ترا احسان ہے یہ فضل، بخشش اور رحمت ہے

گناہ میرے بہت ہیں بخش دے میرے گناہوں کو
گناہگار و خطا کار و تہی دامان بندے کو

ملے ہر مرض سے بھی عافیت، پوری ہو ہر حاجت
یہ دل بیمار ہے، بیماروں کو دیتا ہے تو ہی صحت

Marfat.com

هَبْ لَنَا مُلْكًا كَبِيْرًا نَجِّنَا مِمَّا نَخَافُ	رَبَّنَا اِذْ اَنْتَ قَاضِیْ وَالْمُنَادِیْ جَبْرَئِیْلُ
بخش ہمکو ایک بڑا ملک اور نجات دے ہمکو ان چیزوں سے جن سے ڈرتے ہیں	اے مالک تو انصاف کرنے والا ہوگا اور جبرئیل پکارنے والا
اَنْتَ کَافِیْ اَنْتَ وَافِیْ فِیْ مُهِمَّاتِ الْاُمُوْرِ	اَنْتَ حَسْبِیْ اَنْتَ رَبِّیْ اَنْتَ لِیْ نِعْمَ الْوَکِیْلُ
تو کافی ہے تو پورا ہے بڑی سے بڑی مشکلات کے لئے	تو میرے لئے بہت ہے اور میرے لئے تو اچھا حافظ ہے
رَبِّ هَبْ لِیْ کَنْزَ فَضْلٍ اَنْتَ وَهَّابُ الرَّحِیْمُ	اَعْطِنِیْ مَا فِیْ ضَمِیْرِیْ دُلَّنِیْ خَیْرَ الدَّلِیْلُ
اے خدا تو اپنے فضل کے خزانے بخشدے تو بہت بخشنے والا ہے	دے مجھ کو جو میرے دل میں ہے اور اچھے راستے کیطرف راہنمائی کر
اَیْنَ مُوْسٰی اَیْنَ عِیْسٰی اَیْنَ یَحْیٰی اَیْنَ نُوْحٌ	اَنْتَ یَا صِدِّیْقُ عَاصٍ تُبْ اِلَی الْمَوْلَی الْجَلِیْلُ
کہاں ہیں موسیٰ کہاں ہیں عیسیٰ کہاں ہیں یحییٰ کہاں ہیں نوح	تو اے گنہگار صدیق توبہ کر خدائے بزرگ و برتر سے

اے اللہ! آگ سے کہہ دے ہو میرے حق میں بھی ٹھنڈی
خلیلؑ اللہ کے حق میں ہوئی تھی آگ جوں ٹھنڈی

گناہ میرے بہت زیادہ کہ جتنے ریت کے ذرّے
ہے تیرا عفو بے پایاں تو سب کو درگزر کر دے

وسیع دے مملکت ہم کو، نہ کوئی خوف ہو ہم کو
تو کافی ہے تو وافی ہے، نہ مشکل کوئی مشکل ہو

Marfat.com

خزانے فضل کے اپنے مجھے بھی بخش دے مولا
رحم والا نہایت تو، تو ہی ہے بخشنے والا

عطا فرمادے تو سب کچھ جو میرے دل میں ہے مولا
مجھے بھی اچھے رستے پر چلا دے اے مرے مولا

سہارا تیرا کافی ہے، تو ہی ربّ سارے عالم کا
تو ہی ہے حامی و ناصر، تو ہی حافظ ہے ہم سب کا

کہاں عیسیٰؑ و موسیٰؑ، نوحؑ اور یحییٰؑ
یہ تیرے انبیاءؑ بے شک نہایت مخلص و اعلیٰ

میں تیرا بندۂ عاصی، گناہ سے کرتا ہوں توبہ
جلیل القدر تو بے شک تو ہی توّاب ہے مولا

☆☆☆

Marfat.com

دُعا

میری اولاد کو حُبِّ نبی ﷺ کا دے وہی ورثہ
جو پایا میں نے آبا سے سِوا اس سے وہی ورثہ

غلام مصطفےٰ ﷺ بن کر جییں، اس غلامی کا بھرم رکھیں
نبیٔ محترم ﷺ ان پر سدا نظرِ کرم رکھیں

تو اپنا تقویٰ دے ان کو اور اپنی ذات کا عرفاں
عمل ان کا گواہی دے کہ وہ ہیں صاحبِ ایماں

حلاوت پا سکیں وہ سنّت نبوی ﷺ پہ چلنے کی
انہیں توفیق دے ہر کام لِوجہ اللہ کرنے کی

شغف قرآن کا دے اور انہیں شوقِ تلاوت دے
عطا ہو فہم قرآں کا اسی کا ذوقِ دعوت دے

Marfat.com

کریں وہ ذکر تیرا اور ہو یہ ذکر کثرت سے
دہن کو اپنے تر رکھیں درودوں کی تراوت سے

اُنہیں اخلاص کی دولت سے مالا مال تو کر دے
نبیٔ محترم ﷺ کا عشق دے اور سب سے بڑھ کر دے

نبی ﷺ کا احترام ، الفت و ذوق تابعداری دے
انہیں عشق نبیٔ محترم ﷺ سے سرفرازی دے

یہ دور پُرفتن ہے ان کو فتنوں سے بچا مولا
بھلائی کا جو رستہ ہو وہی رستہ چلا مولا

میرے مولا تو راضی ہو کچھ ایسے کام لے ان سے
نفع دیں جو تری مخلوق کو وہ کام لے ان سے

سعادت دے انہیں ماں باپ کی خدمت کی طاعت کی
ہو توفیقِ ادائے حقِ اقرب کی، ہدایت کی

Marfat.com

ہمارے بعد مرنے کے بنا دوہرا انہیں صدقہ
عمل صالح کریں وہ اور ہماری مغفرت کی دعا

مری اولاد میں یاربّ رہے یہ سلسلہ قائم
محبت تیری اور محبوب ﷺ کی تیرے رہے دائم

فدا ماں باپ ہیں جن پر فدا اولاد ہو ان ﷺ پر
اسی محبوب ﷺ کے صدقے دعائیں ساری پوری کر
(آمین ثم آمین)

☆☆☆

Marfat.com

مادرِ علمی

یہ مادر علمی ہے، یہ علم کا منبع ہے
ہم اس کے ہیں پروانے یہ علم کی شمع ہے

اس مادر علمی سے ملتا ہے جو سرمایہ
وہ علم کی دولت ہے اور سب سے گرانمایہ

اسلام کی عظمت یوں طلبا پہ عیاں کر دی
اور دیں سے محبت کے جذبے کو جلا بخشی

پہچان ہوئی ربّ کی اور ذات کا عرفاں بھی
قرآں سے شغف بخشا، تفہیم دی قرآں کی

اس اُسوۂ حسنہ کی تعلیم ہمیں دے دی
جو اسوۂ کامل ہے، ہو اس کی اطاعت بھی

Marfat.com

تشریح وہ قرآں کی جو قول نبی ﷺ سے ہو
یہ درس حدیثوں کا تعلیم یہ سیرت کی

وہ درسِ فقہ اپنا تاریخ وہ فقہ کی
توجیہہ و دلائل بھی آئمہ اربع کی

تحفیظ یہ قرآن کی، تجوید کا فن سیکھا
اے جامعہ اس در سے، ہے جینے کا فن سیکھا

جو علم دیا تو نے اس پہ ہو عمل اپنا
بہتر ہو مرے مولا ہر آج سے کل اپنا

جب دین سے غافل ہیں تو پست مسلماں ہیں
ہم دین کے تابع ہوں اس پہ ہو عمل اپنا

جو شمعیں فروزاں کیں باعث ہوں وہ برکت کا
یہ شمعیں اُجالا دیں عرفان و ہدایت کا

☆☆☆

Marfat.com

Children Learn What They Live

By Dorothy Law Nolte, Ph.D.

If children live with criticism, they learn to condemn.
If children live with hostility, they learn to fight.
If children live with fear, they learn to be apprehensive.
If children live with pity, they learn to feel sorry for themselves.
If children live with ridicule, they learn to feel shy.
If children live with jealousy, they learn to feel envy.
If children live with shame, they learn to feel guilty.
If children live with encouragement, they learn confidence.
If children live with tolerance, they learn patience.
If children live with praise, they learn appreciation.
If children live with acceptance, they learn to love.
If children live with approval, they learn to like themselves.
If children live with recognition, they learn it is good to have a goal.
If children live with sharing, they learn generosity.
If children live with honesty, they learn truthfulness.
If children live with fairness, they learn justice.
If children live with kindness and consideration, they learn respect.
If children live with security, they learn to have faith in themselves and in those about them.
If children live with friendliness, they learn the world is a nice place in which to live.

Marfat.com

سیکھتے ہیں بچے وہ جس طرح وہ پلتے ہیں

کوئی بچہ اگر رہتا ہے نکتہ چینی کی زد میں
مذمّت دوسروں کی کرنا وہ بھی سیکھ جاتا ہے

عداوت اور خصومت کی فضاء میں جو کہ پلتا ہے
لڑاکا اور جھگڑالو وہ آخر کار بنتا ہے

جو بچہ خوف کے ماحول میں پروان چڑھتا ہے
وہ ناکامی کے اندیشے میں اُلجھا اُلجھا رہتا ہے

ترس کھا یا گیا ہو گر کسی پر دورِ طفلی میں
وہ اپنی ذات پر شرمندہ شرمندہ سا رہتا ہے

تمسخر کا نشانہ جو بنا رہتا ہے بچپن میں
شکار شرم بے جا ہو کے وہ بے حد جھجکتا ہے

Marfat.com

اگر طرزِ عمل ہو حاسدانہ اس سے دنیا کا
تو وہ بھی دوسروں سے حاسدانہ پیش آتا ہے

اگر تحقیر اور تذلیل کی جائے گی بچپن میں
تو وہ خاطی و قاصر اور مجرم بن کے جیتا ہے

اگر اکثر بڑوں نے حوصلہ افزائی کی اس کی
تو آخر کار بچہ حوصلہ ہمت پکڑتا ہے

اگر ہو چشم پوشی کا رویہ اس کی خامی پر
تو بچہ صبر اور برداشت کرنا سیکھ جاتا ہے

سراہا جاتا ہے جس کی ہر اک خوبی کو بچپن میں
تو وہ بھی دوسروں کی قدر کرنا سیکھ جاتا ہے

قبول عام حاصل ہو جسے اپنے گھرانے میں
وہ دنیا کو محبت دینا لینا سیکھ جاتا ہے

Marfat.com

کسی سے بھی وہ دنیا میں کبھی نفرت نہیں کرتا
محبت ہی وہ دیتا ہے محبت ہی وہ پاتا ہے

محبت اور چاہت سے پلا ہوتا ہے جو بچہ
تو وہ بچہ بھی اپنے آپ سے پھر پیار کرتا ہے

کسی بچے کی ہر خوبی اگر تسلیم کی جائے
تو اپنی زندگی کا پھر وہ اک مقصد بناتا ہے

شریک کرتا ہے بچے کو کوئی اپنی کسی شے میں
تو بچہ بھی عطا کرنا، سخاوت سیکھ جاتا ہے

سلوک عادلانہ جس نے پایا اپنی طفلی میں
دیانت اور عدالت کا سبق وہ سیکھ جاتا ہے

اگر نرمی و رافت کا ملے طرز عمل اس کو
وہ بچہ دوسروں کو قابلِ عزت سمجھتا ہے

Marfat.com

گذرتا جس کا بچپن ہے اک احساسِ تحفظ میں
یقیں محکم کی دولت سے وہ مالا مال ہوتا ہے

فضائے دوستانہ گر کسی بچے کو ملتی ہے
یہ دنیا خوبصورت جا ہے وہ محسوس کرتا ہے

ملے تکریم بچے کو تو وہ بچہ بڑا ہو کر[1]
ہمیشہ ذات اپنی قابلِ عزت بناتا ہے

وقار ذات کا اپنی سدا لحاظ کرتا ہے
بلند اخلاق کااپنے سدا معیار رکھتا ہے

(شاعرہ: ڈورتھی لانولٹے)

(ا)۔حدیث مبارکہ ہے۔"اپنے بچوں کی تکریم کرو"
☆ آخری چار مصرعے اس نظم میں میرا اضافہ ہیں۔

Marfat.com

''التجا''

مجھے تو دین کی تفہیم دیدے اے مرے مولا
مجھے تو اپنے ہاں تکریم دیدے اے مرے مولا

اوامر پر عمل کی مجھ کو توفیق و سعادت دے
نواہی سے بچا مولا نواہی سے تو نفرت دے

مجھے تقویٰ سکھا اپنا مجھے بندہ بنا اپنا
گناہ ہیں ان گنت میرے، الٰہی معاف تو فرما

بچا لے جھوٹ سے مجھ کو بچا لے مجھ کو غیبت سے
بُرا سمجھوں میں غیبت کو مجھے احساسِ غیبت دے

عطا کر طیش پر قابو، تو کر دے ٹھنڈا غصے کو
تحمل تو عطا کر دے، نہ بولوں میں بلا سوچے

Marfat.com

مرے دل سے مٹا کینہ، حسد سے بھی بچا مجھ کو
بُرا کہنے، بُرا کرنے سے بھی محفوظ رکھ مجھ کو

جہاں میں سب سے زیادہ تیری نافرمانی ہوتی ہے
عفو کی تیری جانب سے سدا ارزانی ہوتی ہے

مگر تو معاف کرتا ہے، معافی تیرا شیوہ ہے
نہیں میں دوست اپنی تو ہی سچا دوست میرا ہے

مجھے بھی دوسروں کو معاف کرنا تو سکھا مولا
ہے بے شک درگذر مشکل سکھا دے درگذر کرنا

مری ہستی پہ مولا ان گنت احسان ہیں تیرے
مجھے احسان کے قابل بنا، توفیقِ احساں دے

ہوئی کوتاہی مجھ سے اُن میں جو حق ہیں ترے مولا
یقیں ہے معاف کر دے گا کہ معافی ہے ترا شیوہ

Marfat.com

مگر بندوں کی حق تلفی جو نادانی سے کی میں نے
مجھے ان بندوں سے اپنے الٰہی معافی دلوادے

مجھے سب معاف کر دیں واسطے اللہ کے اپنے
یہ میرا معافی نامہ ہے ہر اک اپنے پرائے سے

مجھے سب معاف کر دیں باخدا صدقے محمد ﷺ کے
کہ اُن ﷺ کی راہ پہ چلنا یہی تو ان ﷺ سے الفت ہے

نبی اکرم ﷺ کا اسوہ ہے وہ سب کو معاف کرتے ہیں
مجھے بھی معاف کردیں سب جوان ﷺ سے پیار کرتے ہیں

الٰہی التجا ہے فائزہ کی معاف تو کر دے
مرے مولا رحم کر دے، مرے مولا کرم کر دے

☆☆☆

Marfat.com

کتابیات

۱۔	ضیاء القرآن	از پیر کرم علی شاہ
۲۔	دلائل الخیرات	از سلیمان الجزولی
۳۔	اوائل الخیرات	العالم الجلیل سیّد عبدالغفور نامیؒ
۴۔	خزینۂ درود شریف	علاّمہ عالم فقری
۵۔	جمال وکمال درود شریف	مرتّب۔زیر سرپرستی شاہ محمد افضلؒ
۶۔	بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں مقبول ومبرور درود وسلام	مؤلف: محمد یامین
۷۔	سعادتِ الدارین	از علاّمہ یوسف بنہانی
۸۔	رحمت کا دریا	
۹۔	القول البدیع	از امام عبدالرحمٰن سخاوی
۱۰۔	درود تاج قرآن وحدیث کی روشنی میں	از پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد
۱۱۔	خزینۃ الاسرار	از شیخ محمد عارف حنفی آفندی
۱۲۔	کنوز الاسرار	از شیخ عبداللہ ہاروشی
۱۳۔	مطالع المسرّات	علامہ فاسی
۱۴۔	قمر منیر (شرح دلائل الخیرات)	از علاّمہ فاکہانی
۱۵۔	جذب القلوب	

Marfat.com

۱۶۔ مزرع الحسنات

۱۷۔ افضل الصلوٰۃ

۱۸۔ فتویٰ شامی از عابدین

۱۹۔ بیاض سیّد علی بن یوسف مدنی شیخ الدلائل

۲۰۔ تحفۃ المقاصد

۲۱۔ اوراد الجلیلۃ ادریسیہ — از سیّد ابوالحسن شاذلی

۲۲۔ بشائر الخیرات — سیّدنا غوث اعظمؒ

Marfat.com

اظہارِ تشکّر

میں سجدہ شکر ادا کرتی ہوں اپنے ربّ کریم کی بارگاہ میں جس نے مجھ نا چیز حقیر، ناکارہ اور نااہل کو بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں اپنی محبتوں کا یہ نذرانہ پیش کرنے کی توفیق بخشی۔

اور سب سے بڑھ کر میں اظہار تشکر ضروری خیال کرتی ہوں اپنے شریکِ حیات محمد احسان اشرف صاحب سے جن کی ہمہ وقتی اور ہمہ جہتی، رہنمائی اور تعاون، میرے تمام تر علمی اور تحریری و تقریری کاوشوں میں مدد و معاون تھا، ہے اور انشاء اللہ رہے گا۔

میں تہہ دل سے ممنون ہوں محترم جناب پروفیسر ڈاکٹر خورشید خاور امروہوی، محترم جناب مہر وجدانی (اے۔آر۔وائی Q ٹی وی)، محترم پروفیسر شمس بخاری (حیدر آباد، سندھ)، محترم علاّمہ آصف انصاری (دارالعلوم قادریہ رضویہ، سعود آباد، ملیر)، محترمہ نور جہاں بنتِ احمد عرب، علاّمہ وقاص ہاشمی اور پروفیسر ڈاکٹر ناصر الدین صدیقی استاد جامعہ کراچی، جنہوں نے وقتاً فوقتاً میری رہنمائی کی اور اپنی ہمشیرہ محترمہ سعدیہ روشن نیز محترمہ نائلہ فاطمہ (طالبہ علمِ دین) اور محترمہ آسیہ سحر (صحافی خاتون) کا شکریہ ادا کرنا بھی ضروری خیال کرتی ہوں جن کا تعاون مجھے حاصل رہا۔ آخر میں جناب جلیس سلاسل اور جناب شاہد محمود شاہد کی ممنون ہوں جن کے تعاون سے یہ کام پایۂ تکمیل کو پہنچا۔

(فائزہ احسان اشرف)

Marfat.com

رحم کرنے والوں میں تو ہے سب سے بہتر
ابوبکرؓ پر رحمت کر کہ جو ہیں صاحبِ تقویٰ
عمرؓ با صفا پر کر دے نزول تو اپنی رحمت کا
عثمانؓ غنی و باحیا پر رحمتیں فرما
علیؓ باوفا پر رحمت باری کا کر سایا
تیری رحمت کی ہو یلغار، بروحِ خدیجۃ الکبریٰؓ
ہو بارش تیری رحمت کی بروحِ عائشہ صدیقہؓ
جناب سیّدہ پر اپنی رحمت تو سدا برسا
وہ تجھ سے راضی ہیں مولا، تو ان ﷺ سے راضی ہو مولا

حسنؓ صاحب رضا پر اپنی رحمت کا تو کر سایا
شہید حسینؓ پر رحمت کا بادل تو سدا برسا
نواز تو اپنی رحمت سے الٰہی سب شہدائے کربلا
نواز تو رحمت سے اپنی سعدؓ، سعیدؓ اور طلحہؓ
زبیرؓ، عبدالرحمٰنؓ بن عوف اور ابو عبیدہؓ
وہ اصحاب کہ جنہیں جنت کی خوشخبری ہوئی عطا
تمام اصحاب پیغمبر وہ سارے راشدین خلفاء
اور تابعین میں سب کو جنہوں نے صحابہ کو دیکھا

Marfat.com